اُردو کا
گلدستہ
تیسرا ایڈیشن

OXFORD
UNIVERSITY PRESS
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

رہنمائے اساتذہ

# موتیا

پہلی جماعت کے لیے

فوزیہ احسان فاروقی



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# تعارف

الحمدللہ ’اُردو کا گلدستہ‘ اُردو کی کُتب کا ایسا گلدستہ ثابت ہوئی جس کی خوشبو سے اساتذہ اور طلبہ و طالبات دونوں لُطف اندوز ہوئے اور ہو رہے ہیں۔ طلبہ و طالبات اور اساتذہ کا ذوق وشوق سے زبان و ادب کی نشوونما کی سرگرمیوں میں حصّہ لینا ان کی اُردو سیکھنے اور سکھانے میں دلچسپی کا بین ثبوت ہے۔ ذاتی مشاہدے اور تحقیق ، نیز اساتذہ سے ملنے والی آراء وتجاویز کی روشنی میں ان کُتب پر نظرِ ثانی کی گئی ہے۔ نئے ایڈیشن میں کچھ اضافے اور ترامیم اس ضمن میں کیے گئے ہیں۔

- قومی نصاب سے مطابقت
- سُننے اور بولنے کی سرگرمیاں ، گروپ اور جوڑیوں میں کام کے مواقع کی فراہمی
- تدریسی مواد کی مزید وضاحت
- مشقوں میں اضافہ (معروضی سوالات ،تحریری جوابات کے سوالات ، قواعد ، خوش خطی کی مشقیں)
- کاپی میں کام اور گھر کے کام کے لیے تجاویز
- تصویری تفاہیم کی شمولیت
- معمّے ، لفظی کھیل اور ایسی دوسری سرگرمیوں کا اضافہ
- سرگرمیوں کی تجاویز اور وضاحت
- ذخیرۂ الفاظ میں بتدریج اور خاطر خواہ اضافہ
- کُتب کے آخر میں فرہنگ (الفاظ کی فہرست)

اساتذہ کی آسانی اور ان کُتب کے استعمال سے مطلوبہ اہداف کے حصول کو یقینی بنانے کے لیے یہ رہنمائے اساتذہ ترتیب دی گئی ہیں۔ ان میں مندرجہ ذیل نکات شامل ہیں۔

۱۔ دو میقاتوں/ میعادوں میں تقسیم نصاب (مجوّزہ) اساتذہ اپنے اسکولوں کے نظام کے تحت اس میں تبدیلی کر سکتے ہیں مثلاً اگر آپ کا تعلیمی سال تین میقاتوں/ میعادوں پر مشتمل ہے تو ہر دو یونٹ کے بعد ان یونٹس میں سکھائے نظریات ہی نصاب کا حصّہ ہوں گے۔ اسی طرح ان دو یونٹ میں سکھائے گئے نظریات ہی کی جانچ بھی لی جائے گی۔
۲۔ اوقاتِ کار کی تقسیم کا نمونہ (ایک بلاک/ پیریڈ میں وقت کی تقسیم کیسے کی جانی چاہیے۔)
۳۔ تختۂ نرم (سوفٹ بورڈ) پر لگانے کے نمونے
۴۔ کتاب ، یونٹ اور ہر سبق اور نظریے کے مقاصد کی وضاحت
۵۔ تدریسی مواد کی وضاحت
۶۔ حل شدہ مشقیں
۷۔ کُتب میں دی گئی سرگرمیوں کی وضاحت (حل شدہ معمّے ، لفظی کھیل ، املا کا طریقۂ کار)
۸۔ قواعد ، تفاہیم ، تخلیقی لکھائی (نظم نگاری ، نثر پارے ، پیرا گراف ، مضامین ......) کروانے کا طریقۂ کار اور تجاویز

اُمید ہے کہ یہ رہنمائے اساتذہ ، اساتذہ کے لیے مددگار اور رہنما ثابت ہوں گی ، ان شاء اللہ۔

فوزیہ احسان فاروقی

# فہرست


مقاصد برائے درسی کتاب موتیا.......... v
تقسیم نصاب برائے پہلی میقات/میعاد.......... vi
تقسیم نصاب برائے دوسری میقات/میعاد.......... vii
خصوصی ہدایات برائے اساتذہ.......... viii
تجویز کردہ مددگار مواد (معاون کتاب 'پھول') .......... xv
تجویز کردہ مددگار مواد (خوش خطی).......... xvi

**ابتدائی حصّہ**

ابتدائی حصّے کے مقاصد.......... ۱
تختۂ نرم کی تجاویز.......... ۲
ابتدائی حصّے کا بقیہ کام.......... ۳

**یونٹ ۱**

یونٹ کے مقاصد.......... ۶
تختۂ نرم کی تجاویز.......... ۸
یونٹ کا بقیہ کام.......... ۹

**یونٹ ۲**

یونٹ کے مقاصد.......... ۳۰
تختۂ نرم کی تجاویز.......... ۳۲
یونٹ کا بقیہ کام.......... ۳۳

**یونٹ ۳**

یونٹ کے مقاصد.......... ۴۶
تختۂ نرم کی تجاویز.......... ۴۸
یونٹ کا بقیہ کام.......... ۴۹

**یونٹ ۴**

یونٹ کے مقاصد.......... ۶۵
تختۂ نرم کی تجاویز.......... ۶۷
یونٹ کا بقیہ کام.......... ۶۸

**یونٹ ۵**

یونٹ کے مقاصد.......... ۸۶
تختۂ نرم کی تجاویز.......... ۸۸
یونٹ کا بقیہ کام.......... ۸۹

**یونٹ ۶**

یونٹ کے مقاصد.......... ۱۰۲
تختۂ نرم کی تجاویز.......... ۱۰۴
یونٹ کا بقیہ کام.......... ۱۰۵

گتّے کے تراشوں (کٹ آؤٹس) کے لیے دیے گئے خاکے ..۱۱۶

# مقاصد برائے درسی کتاب موتیا

## صوتیات

- حروفِ تہجّی کی آوازوں اور شراراتی حروف کا اعادہ ، بنیادی مصوّتوں ' ا و ی ے ' کے ساتھ دو حرفی ، تین حرفی اور چار حرفی الفاظ سازی اور جملہ سازی ، بنیادی مصوّتوں کا بطور مصمّتے استعمال ، مرکّب حروف (ھ) کی پہچان اور الفاظ سازی ، نیم ثانوی مصوّتے زیر (ـِ) ، زبر (ـَ) اور پیش (ـُ) کی آوازیں ، ثانوی مصوّتے ' ُو ' کی آواز ، ' ی ' اور ' ے ' کی درمیانی اشکال اور آواز میں فرق ، مَد (ـٓ) ، ہمزہ (ـٔ) ، تشدید (ـّ) اور تنوین (ـً) کا تعارف۔

## ذخیرۂ الفاظ

- موضوعات کے تحت منتخب الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی ، اعضائے جسمانی ، رنگوں ، سبزیوں ، جانوروں اور پھلوں کے نام۔

## قواعد

- حروفِ اضافت ( کا ، کی ، کو ، کے ) ، واحد جمع ، ختمہ اور سوالیہ نشان ، مذکّر مؤنّث ، تھا ، تھی ، تھے اور ہے ، ہیں ، ہوں کا استعمال ، ' ر ڑ ز ژ ' اور ' د ڈ ذ ' کی اشکال۔

## تفہیم

- حُروف ، الفاظ اور جملے کی پہچان ، سوالوں کے جواب زبانی دینا اور لکھنا ، خالی جگہ میں دُرست لفظ لکھنا ، تصویر دیکھ کر دُرست لفظ اور جملے لکھنا ، پہیلی بُوجھنا۔

## تحریری استعداد

- الفاظ سازی اور جملہ سازی ، سوالوں کی مدد سے کسی عنوان پر جملے یا مختصر عبارت لکھنا ، بے ترتیب الفاظ سے جملے بنانا ، کچھ الفاظ کی تبدیلی سے نظم لکھنا۔

## گنتی

- ہندسوں اور الفاظ میں ۱ سے ۱۰ (ایک سے دس) تک پڑھنا اور لکھنا۔

## عمومی ہدایت

- اس رہنمائے اساتذہ میں دی گئی پیریڈز کی مجوّزہ تعداد میں معلّمین جہاں ضروری سمجھیں اپنی صوابدید پر ترمیم کر سکتے ہیں۔

# تقسیم نصاب برائے جماعت اوّل

پہلی میقات/ میعاد یونٹ نمبر ۱ ، ۲ ، ۳

مجوّزہ وقت : پانچ ماہ

| صوتیات | قواعد | تفہیم | تخلیقی لکھائی | اسباق |
|---|---|---|---|---|
| **اعادہ:**<br>• حروفِ تہجّی (مفرد: 'ا' سے 'ے')<br>• 'ا' اور 'و' کے دو ، تین اور چار حرفی الفاظ<br>• 'ی' اور 'ے' کے دو اور چار حرفی الفاظ<br>• شرارتی حروف (ڈ ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا) کی پہچان اور الفاظ سازی<br>**تعارف:**<br>• بنیادی مصوّتے (ا و ی ے) بطور مصمّتے (consonants)<br>• مرکّب حروفِ تہجّی ('ھ' والے حروف/ بھاری آواز) کی پہچان اور (بنیادی مصوّتوں کے ساتھ) دو ، تین اور چار حرفی الفاظ سازی | • حروفِ اضافت (کا، کو، کی، کے)<br>• 'ہے'، 'ہیں' اور 'ہوں' کا استعمال (حال)<br>• 'تھا'، 'تھی' اور 'تھے' کا استعمال (ماضی)<br>• واحد جمع<br>• علاماتِ وقف (ختمہ اور سوالیہ نشان)<br>• رڑ ز ژ کی اشکال<br>• کس ، کیسی ، کیسے ، کون ، کیا ، کب ، کیوں ، کتنے اور کہاں پر مبنی سوالوں کے جوابات | • دُرست جملے کے نیچے لکیر بنانا۔<br>• عبارت پڑھ کر خالی جگہ پُر کرنا۔<br>• حروف، الفاظ اور جملے کی پہچان کرنا۔<br>• اچھی عادات سے آگاہ ہونا۔<br>• اچھے شہری بننے کی معلومات سے آگاہ ہونا۔<br>• آداب گفتگو سے آگاہ ہونا۔ | • کسی چیز کے بارے میں جملے لکھنا۔<br>• نظم کے الفاظ بدل کر نئی نظم بنانا۔<br>• بے ترتیب الفاظ کو جملوں کی شکل دینا۔<br>• جوابات کی مدد سے مختصر عبارت لکھنا۔ | • حمد<br>• نعت<br>• ایک گھر<br>• میں علی ہوں<br>• بات مانو<br>• ہاتھی (نظم)<br>• میں زارا ہوں<br>• دوست<br>• ہمارا چمن (نظم)<br>• اللہ (نظم) |

ذخیرہ الفاظ: پری پرائمری کُتب میں سکھائے گئے الفاظ کا اعادہ ، اعضائے جسمانی کے نام

گنتی: ہندسے اور الفاظ میں ۱ سے ۱۰ (ایک سے دس)

# تقسیم نصاب برائے جماعت اوّل

دوسری میقات/ میعاد یونٹ نمبر ۴ ، ۵ ، ۶

مجوّزہ وقت : پانچ ماہ

| صوتیات | قواعد | تفہیم | تخلیقی لکھائی | اسباق |
|---|---|---|---|---|
| تعارف:<br>• مَد (ـــٓ) ، ہمزہ (ء) ، تنوین (ـــً) ، تشدید (ـــّ) کے الفاظ اور ان کی دُرست آوازیں<br>• نیم ثانوی مصوّتوں زبر (ـــَ) ، زیر (ـــِ) اور پیش (ـــُ) کے ساتھ الفاظ سازی<br>• 'ی' اور 'ے' کی درمیانی آواز کے الفاظ کی پہچان<br>• ثانوی مصوّتے 'و' کا ذخیرۂ الفاظ | • علامتوں اور اعراب کا تعارف اور پہچان<br>• اوپر ، نیچے ، پیچھے ، آگے ، پر کا تصوّر<br>• ایک جیسی آوازوں والے الفاظ (ہم آواز الفاظ) کا تعارف<br>• جملہ سازی<br>• کیسی ، کیسا ، کتنی ، کتنے ، کون پر مبنی سوالات کے جوابات | • عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھنا۔<br>• خالی جگہ پُر کرنا۔<br>• دیے گئے الفاظ میں سے چن کر دُرست خانوں میں لکھنا۔<br>• زبانی سوالات کے جواب دینا۔<br>• محرّرہ نشانات (سائن بورڈ) کی پہچان کرنا۔<br>• اچھے ماحول کے بارے میں جاننا۔<br>• پہیلیاں بُوجھنا اور بنانا۔ | • دیے گئے ذخیرۂ الفاظ پر مشتمل چند جملوں پر مبنی کہانیاں بنانا۔<br>• 'عید' کے بارے میں چند جملے لکھنا۔<br>• کسی پھَل ، سبزی کے بارے میں چند جملے لکھنا۔<br>• نظم کے الفاظ بدل کر نئی نظم بنانا۔ | • 'آ' کی کہانی<br>• آزادی کا دِن<br>• بُھول<br>• سبزیاں (نظم)<br>• پہیلی (نظم)<br>• گُڑیا (نظم)<br>• شیر آیا ، شیر آیا<br>• آگ باغ بنی<br>• اچّھی بات (نظم)<br>• قائدِ اعظم (مکالمہ)<br>• مزے کی سیر (نظم)<br>• پھَلوں کا ٹھیلا |

ذخیرہ الفاظ: سبزیوں کے نام ، رنگوں کے نام ، پھَلوں کے نام ، جانوروں کے نام

# خصوصی ہدایات برائے اساتذہ

## اُردو تدریس کے اہم نکات

اساتذہ مندرجہ ذیل نکات پر توجہ مرکوز کرنے سے مطلوبہ اور بہترین نتائج حاصل کر سکیں گے۔

- سیکھنے کے عمل کے لیے مثبت اور حوصلہ افزا ماحول یقینی بنایئے۔ غلطیوں کی اصلاح مثبت طریقے سے کروایئے تاکہ بچّے خوفزدہ ہوئے بغیر سیکھیں اور ان میں پڑھنے کا شوق بڑھے۔
- استعمال کی جانے والی تمام کُتب کا خود بغور مطالعہ کیجیے۔ ان کی رہنمائے اساتذہ کے صفحات پڑھیے۔ مشکل درپیش ہونے کی صورت میں اپنے ساتھی یا صدر معلّم/معلّمہ سے وضاحت کروالیجیے۔

## اعادہ/ سکھائے گئے نظریات سے تعلق بنانا

کوئی بھی نیا نظریہ، آواز، یا لفظ متعارف کرواتے ہوئے طلبہ طالبات کی سابقہ معلومات اور معیار کو مدِّنظر رکھا جائے۔ اس کے لیے سوالات اور گفتگو کے ذریعے معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اپنے سکھائے گئے نظریات کو دُہرا کر آگے بڑھا جا سکتا ہے۔ مثلاً 'آ' کی آواز سکھاتے وقت 'ا' کی آواز کا اعادہ کروا لیجیے تاکہ اس آواز کو دُگنا کرنا ان کی سمجھ میں آسکے، 'اسمِ ضمیر' سکھاتے ہوئے ضروری ہے کہ 'اسم' کی تعریف کا اعادہ کر لیا جائے۔ یاد رکھیے سیکھنے کا عمل ایک زنجیر کی طرح ہے جس کی کڑیاں ملانی بہت ضروری ہیں۔

## تعارف/ آمادگی

دلچسپ طریقے سے تعارف کروانے سے بچّے نئے نظریات سیکھنے کے لیے بہتر طور پر آمادہ ہوتے ہیں۔ اس کے لیے تھوڑی سی تیاری بہت بہترین نتائج دیتی ہے۔ مثلاً 'آ' سکھانے کے لیے جماعت میں 'آ' کی پُتلی لے جایئے اور کہیے کہ آج 'آ' آپ سے ملنے آیا ہے۔ موضوع 'پیشے' کرواتے ہوئے کچھ اوزار (ہتھوڑا، اسٹیتھواسکوپ ......) جماعت میں لے جایئے اور پوچھیے یہ کون استعمال کرتا ہے؟

## مجوّزہ خاکہ برائے ایک بلاک (پیریڈ) (۴۰ منٹ)

| | |
|---|---|
| اعادہ/تعلق بنانا: سکھائے گئے کاموں/ سابقہ معلومات سے تعلق بنانا۔<br>آمادگی: نئے نظریے کو سیکھنے کے لیے آمادہ کرنا۔ | (۵ سے ۷ منٹ)<br>اندازاً |
| اعلانِ سبق/ پیشکش۔ نظریے/ کام کا تعارف اور وضاحت | (۵ سے ۷ منٹ)<br>اندازاً |
| طلبہ و طالبات کا کام۔ سرگرمی/ پڑھائی/ لکھائی<br>آخری پانچ منٹ میں کرائے گئے کاموں/ کام کا جائزہ لیجیے اور گھر کے کام کا طریقہ سمجھایئے۔ | (۵ سے ۷ منٹ)<br>اندازاً |

نوٹ: مختلف سرگرمیوں کے لیے وقت کی تقسیم مختلف ہو سکتی ہے، مثلاً کسی نئی آواز/ نظریے کا تعارف زیادہ وقت لے سکتا ہے یا لکھنے کے کام کو زیادہ وقت درکار ہو سکتا ہے۔ اساتذہ اپنی صوابدید کے مطابق اپنے اوقاتِ کار کی تقسیم کر سکتے ہیں۔

# زبان سکھانے کے مراحل

یہ بات مدِّنظر رکھنی ضروری ہے کہ سُننے ، بولنے ، پڑھنے اور لکھنے کے مواقع متوازن طریقے سے منصوبہ بندی میں شامل کیے جائیں۔ لکھائی کے لیے طلبہ و طالبات کو زیادہ وقت درکار ہوتا ہے اس کا بھی خیال رکھا جائے۔

زبان کی نشوونما کے مراحل پر توجہ رکھتے ہوئے ہر سبق/ نظریہ اسی ترتیب سے سکھایئے۔

**سُننا ← بولنا ← پڑھنا ← لکھنا**

## سُننا

زبان سکھانے کے لیے سُننے کے مواقع کی فراہمی ضروری ہے اس کے لیے

- گفتگو کیجیے۔ اپنے دُرست تلفظ اور معیاری زبان کا خیال رکھیے۔
- سوالات کیجیے۔ سوال کے بعد جواب کا انتظار کیجیے۔ جواب دینے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے باقی طلبہ و طالبات کو غور سے سُننے کی ہدایت دیجیے۔
- کہانیاں ، نظمیں ، اخبار ، رسائل ...... سُنانا اپنی منصوبہ بندی کا حصّہ بنایئے۔ اس سے نہ صرف طلبہ و طالبات کی غور سے سُننے کی مہارت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ خود پڑھنے کا شوق بھی بڑھتا ہے۔
- سُن کر عمل کروانے کی مشق بھی اپنی منصوبہ بندی میں شامل رکھیے۔ سُن کر ہدایات پر عمل کرنا ، مثلاً آپ کہانی سُنائیں اور دوبارہ سُنانے پر بچّے کسی خاص لفظ پر تالی بجائیں (مثلاً بھاری آواز کے الفاظ سُن کر......)
- اِملا بھی سُن کر عمل کرنے ہی کی ایک سرگرمی ہے۔ یہ آپ کی منصوبہ بندی کا ایک مستقل حصّہ ہونا چاہیے۔ (مثلاً ہفتے میں ایک بار)

## بولنا

### بولنے کے مواقع کی فراہمی

- طلبہ و طالبات کو جماعت میں بولنے کے مواقع فراہم کیجیے۔ مثلاً سوالات کے جوابات دینا ، کہانی /نظمیں سُنانا ، پہیلیاں بُوجھنا ، اپنے کیے گئے کاموں کے بارے میں جماعت کو بتانا ، ڈرامے میں حصّہ لینا، اپنے خیالات کا اظہار کرنا......

## پڑھنا

### پڑھائی کی اہمیت

پڑھنے کی جانب رغبت دلوانا از حد ضروری ہے۔ پڑھنے کے جتنے مواقع طلبہ و طالبات کو حاصل ہوں گے ان کے کام میں اتنی ہی بہتری آئے گی۔

پڑھنے کے لیے نصابی کُتب کے علاوہ بھی مختلف قسم کے مواد سے مدد لیجیے ، مثلاً اخبار ، رسائل ، کہانی کی کُتب ، انٹرویوز ، نظمیں وغیرہ۔

ہفتے میں کم از کم ایک دن ضرور کُتب پڑھنے اور سُننے سُنانے کے لیے مخصوص کیجیے۔ بڑے بچّوں کی لکھی ہوئی کہانیاں ، نثر پارے ، نظمیں ، لطائف ، پہیلیاں چھوٹے بچّوں/ دوسرے سیکشن کے بچّوں کو پڑھنے کا موقع فراہم کیجیے۔ اسی طرح اسمبلی اور مختلف مواقع اس مقصد کے لیے استعمال کیجیے تاکہ طلبہ و طالبات ایک دوسرے کا کام دیکھ سکیں۔

- پڑھنے کی مہارتوں کے فروغ ، رغبت ، دلچسپی نیز فہم کی صلاحیتوں کی نشوونما کے لیے اِن کُتب کی معاون کُتب ترتیب دی گئی ہیں۔ اپنی منصوبہ بندی میں انھیں بھی شامل رکھیے۔

## سمعی و بصری مواد کا استعمال (Audio visual aids)

- جہاں تک ممکن ہو سمعی و بصری مواد کا استعمال کیجیے۔
- معیاری کہانیوں اور نظموں کی ریکارڈنگ سُنائیے۔
- اپنے پڑھانے کے وقت کے شروع کے دس منٹ فلیش کارڈز سے پڑھائی کے لیے ضرور مخصوص کیجیے۔ یہ فلیش کارڈز نئے سبق کے بھی ہو سکتے ہیں اور سکھائے گئے نظریات کے اعادے کے لیے بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔
- چارٹس اور دیگر اضافی مواد مؤثر انداز میں استعمال کیجیے۔

## سبق پڑھنے اور پڑھانے کا طریقۂ کار

- نمونہ پڑھائی: دُرست تلفظ سے حرف بہ حرف دُرست پڑھ کر سنایئے۔ جب آپ پڑھیں تو بچّے ان الفاظ پر اُنگلی رکھنے کے ساتھ نظر بھی رکھے ہوئے ہوں۔
- طلبہ و طالبات کی پڑھائی: کوئی بھی سبق شروع کرنے کے لیے بصری پڑھائی جماعت کے ان بچّوں سے پڑھوایئے جو اچھّا پڑھتے ہوں۔ اس دوران بھی تمام بچّوں کا پڑھے جانے والے الفاظ پر اُنگلی / نظر رکھنا یقینی بنایئے۔
- انفرادی: باری باری ہر بچّے سے پڑھوایئے۔ اٹکنے کی صورت میں مدد کیجیے۔
- جوڑی میں پڑھیں: دو دو بچّوں کی جوڑی بنایئے۔ (ایک بچّہ اچھّا پڑھنے والا ہو اور ایک بچّے کو مشکل درپیش ہو)

  ۱۔ دونوں بچّے ایک دوسرے کو پڑھ کر سُنائیں۔


  ۲۔ پھر وہ جماعت کو پڑھ کر سُنائیں۔
- گروپ: گروپ میں پڑھائی کروایئے۔ ایک بچّہ پڑھے اور باقی بچّے سُنیں۔ سارا گروپ کورس میں پڑھے اور پھر دوسرے گروپ کی باری آئے۔

نوٹ: ضروری نہیں کہ یہ تمام حکمت عملیاں ہی اختیار کی جائیں۔ یہ آپ کی صوابدید پر ہے کہ آپ کس طرح کی حکمت عملی کب اختیار کرتے ہیں۔

## تفاہیم

طلبہ و طالبات کی فہم کی صلاحیتوں میں اضافہ کروانا اتنا ہی اہم ہے جتنا انھیں پڑھنا اور لکھنا سکھانا۔ عبارت سے معانی اخذ کرنا، سوالات کے جوابات ازخود ڈھونڈنا اور لکھنا تھوڑی سی محنت اور توجّہ سے سکھایا جا سکتا ہے۔ یاد کرنا سکھانا ایک مہارت ہے لیکن سمجھ کر اپنے الفاظ میں اظہار کرنا ضرور سکھایئے۔

## تفہیم بلحاظ بلوم کی ترتیب و تقسیم Bloom's Taxonomy



## مثالی سوالات

۱۔ تمام کُتب : اپنے پسندیدہ کردار/منظر کی تصویر بنائیے۔
۲۔ تمام کُتب : کہانی کا کوئی اور عنوان/ آغاز/ انجام لکھیے۔ (تخلیق)
۳۔ موتیا، صفحہ ۶۵ : 'ء' کے الفاظ پڑھیے اور ان کی مدد سے چند جملوں کی کہانی بنائیے۔ (تخلیق)
۴۔ موتیا، صفحہ ۹۴ : رنگوں کے نام بدل کر نئی نظم بنائیے ، مثلاً اس گڑیا کے بھورے بال۔ (تخلیق + اطلاق)
۵۔ گیندا، صفحہ ۸۸ : "پانی ضائع نہ کیجیے" کے عنوان سے پوسٹرز بنائیے اور اسکول میں نمائش کیجیے۔ (تخلیق)
۶۔ کرن، صفحہ ۲۶ : یہ نظم کس کی زبانی ہے؟ جواب چُن کر صحیح کا نشان لگائیے۔ (فہم)
۷۔ نرگس، صفحہ ۳۱ : کسی حادثے کی خبر اخبار سے کاٹ کر چپکائیے ، اپنی رائے لکھیے۔ آپ کے خیال میں حادثہ کس وجہ سے پیش آیا؟ کس کی غلطی ہوسکتی ہے؟ حادثے سے کیسے بچا جا سکتا تھا؟ (تجزیہ + تفتیش)
۸۔ گل لالہ، صفحہ ۱۰۶ : ایک دعوت نامہ لکھیے جس کے ذریعے دوسرے سیّاروں کے رہنے والوں کو اپنی زمین کی سیر کے لیے بلائیے۔ (تخلیق اور اطلاق)

## لکھنا

'لکھنا' سکھاتے وقت انتہائی ضروری ہے کہ معلّمین کے ذہن میں یہ بات واضح ہو کہ لکھائی دو قسم کی ہوتی ہے۔

- لکھائی (Hand Writing) : جس میں طلبہ و طالبات کو دُرست بناوٹ ، شوشے ، لائن سے اُوپر نیچے لکھنے کا تناسب اور خوش خط لکھنے کی مہارتوں کی نشوونما پر کام کیا جاتا ہے۔
- تخلیقی لکھائی / انشا پردازی (Creative Writing) : جس میں طلبہ و طالبات کے خیالات کو ترتیب دینا ، ذخیرۂ الفاظ کا چناؤ اور اُن کا بہترین استعمال نیز مختلف اصنافِ سخن میں لکھنے کے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ ان میں جملہ سازی ، پیراگراف ، مضامین ، تبصرے ، ڈائری اور نظمیں لکھنا شامل ہیں۔

## خوش خطی

خوش خطی کی مشق پابندی سے کروانا انتہائی ضروری ہے۔

- نئے الفاظ تختۂ تحریر پر دُرست بناوٹ سے بڑے لکھ کر دکھائیے۔ تیر کے نشانات سے واضح کیجیے۔ بچّے ان کی بناوٹ کی نقل ہوا میں دو انگلیاں اُٹھا کر کریں (ابتدائی جماعتوں میں یہ حکمتِ عملی اختیار کی جائے خصوصاً جماعت اوّل اور دوم میں)
- انفرادی طور پر ہر بچّے کے پاس جا کر اس لفظ کی دُرست بناوٹ بچّے سے ڈیسک یا میز پر بنوا کر دیکھیے۔
- لکھائی کے کام کے دوران ہمیشہ عمدہ لکھنے اور دُرست بناوٹ کی طرف توجّہ دلاتے رہنے سے طلبہ و طالبات کے کاموں میں بہتری آتی ہے۔
- خوش خطی کے دُرست طریقوں اور کتاب کے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی 'اُردو خوش خطی سلسلہ' کی کتابیں طلبہ و طالبات کی لکھائی بہتر بنانے کے لیے ترتیب دی گئی ہیں۔ جماعت اور گھر کے کام میں اُن پر مشق کروانے سے بہت بہتری آ سکے گی۔

## تخلیقی لکھائی

حروف سے الفاظ اور الفاظ سے جملے اور جملوں سے پیراگراف اور مضامین لکھنا سکھانا ایک بتدریج اور محنت طلب کام ہے۔ اس سلسلے میں ان کُتب میں دیا گیا طریقۂ کار بہت مددگار ہے۔

- اس کام سے پہلے زبانی گفتگو اور موضوع سے متعلق الفاظ کی لکھائی کی مشق بہت ضروری ہے۔
- کوشش کیجیے کہ سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے ہی بنوائے جائیں۔
- پہلا مسوّدہ (first draft) لکھوانا اور پھر اس کی اصلاح کر کے جماعت کے کام میں خوش خط لکھوانا ، وقت تو لیتا ہے لیکن اس طرح کام بہت عمدہ ہوتا ہے اور بچّے اپنی غلطیوں سے سیکھتے ہیں۔

## حوصلہ افزائی

- بچّوں کے کام کی حوصلہ افزائی انھیں اعتماد بخشتی ہے اور ان کے ذاتی تشخص کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ اس مقصد کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جا سکتے ہیں۔
- ان کے کام کو جماعت میں آویزاں کیجیے۔ (کوشش کیجیے کہ تمام بچّوں کی باری آئے)
- بچّوں کے کام کو پڑھ کر سُنایئے یا بچّے سے ہی پڑھوایئے۔
- اسمبلی/ دوسرے سیکشن/ دوسری جماعت میں پیش کروایئے۔
- ان کے کاموں کی نمائش کا اہتمام کیجیے۔ مثلاً کتابچے ، چارٹس ، پراجیکٹس ......

### اِملا

اِملا کرانا بچّوں کی تحریری صلاحیتوں میں اضافے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ اس کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جا سکتے ہیں۔


نوٹ: اِملا ان ہی الفاظ کا لیجیے جن کو پڑھنے اور لکھنے کی وہ اچھّی طرح مشق کر چکے ہوں۔

۱۔ تختۂ تحریر پر اِملا کے الفاظ لکھ کر پڑھوایئے۔ اب ان ہی الفاظ کا اِملا کروایئے لیکن الفاظ بولتے وقت تختۂ تحریر پر لکھے ہوئے الفاظ کی ترتیب سے نہ بولیے۔ مثلاً تختۂ تحریر پر جو لفظ پانچویں نمبر پر لکھا ہے وہ پہلے بولیے۔ (بچّے تختۂ تحریر سے دیکھ کر لکھ سکتے ہیں) اسی طرح صرف وہی بچّے لکھ سکیں گے جو دُرست پڑھ سکتے ہیں۔

۲۔ تختۂ تحریر پر اِملا کے الفاظ لکھ کر پڑھوایئے۔ پھر مٹا دیجیے اور ان ہی الفاظ کا اِملا لیجیے۔

۳۔ گھر سے اِملا کے الفاظ کی تیاری کروایئے اور اِملا لیجیے۔

نوٹ: تیاری کا طریقہ بتایئے۔



نوٹ : کُتب کے آخر میں دی گئی فرہنگ (فہرستِ الفاظ) پر بچّوں سے نمبر لکھوا کر یہ الفاظ نمبر وار/ سبق/ یونٹ کے لحاظ سے اِملا کے لیے یاد کروا کر اِملا لیتے رہیے۔

## خود اصلاحی

اِملا یا کسی بھی کام کی خود اصلاحی (self correction) کروانے سے طلبہ و طالبات اپنے کاموں کا تنقیدی نگاہ سے جائزہ لینا سیکھتے ہیں۔

## طریقۂ کار

- کام کے بعد طلبہ و طالبات کو ان کی پنسلیں ،قلم رکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- طلبہ و طالبات اب اپنے ہاتھوں میں نیلے رنگ کی پنسلیں/کسی اور رنگ کے قلم (لکھائی سے مختلف رنگ ہونا ضروری ہے) لے لیں۔
- تختۂ تحریر (بورڈ) پر دُرست الفاظ/حل لکھیے۔
- طلبہ و طالبات تختۂ تحریر سے دیکھ کر اپنی اغلاط پر نشان لگائیں۔

## اصلاح

- طلبہ و طالبات کو اپنی اغلاط دُرست کرنے کی عادت ڈالیے۔
- الفاظ کو وہ ہمیشہ دُرست کر کے تین تین بار لکھیں۔
- اس کے لیے کاپی کے صفحے کا بقیہ حصّہ یا نیا صفحہ استعمال کیجیے۔

## فرہنگ

درسی کُتب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے اساتذہ کو اپنے کاموں کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس فرہنگ کے الفاظ فلیش کارڈ ،خوش خطی، حروف ملانا ، حروف الگ کرنا ، جملے بنانے اور اِملا کے لیے استعمال کیجیے۔ یہ مشقیں دیے گئے موضوع پر طلبہ و طالبات کی تحریری استعداد بڑھانے میں معاون ہوں گے۔

## نصابی گوشوارہ

نصابی گوشوارے کی مدد سے اساتذہ پچھلی اور آئندہ جماعتوں میں پڑھائے گئے اور پڑھائے جانے والے موضوعات اور نظریات کو جان کر اپنے کام میں بہتر ربط قائم کر سکتے ہیں۔

## سرگرمیاں

۱۔ ہر میقات/ میعاد میں ایک بار مقابلۂ اِملا کروائیے۔ اس کے لیے کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ کے الفاظ پر نشان لگا کر یاد کرنے کے لیے دیجیے۔

۲۔ اسی طرح ہر میقات/ میعاد میں ایک بار مقابلۂ خوش خطی بھی کروائیے۔

۳۔ ڈرامے اپنی منصوبہ بندی میں شامل رکھیے مثلاً سبق ''بات مانو'' کا ڈراما بچّوں کو کردار بنا کر کروایا جانا ضروری ہے۔ جماعت کے پانچ پانچ بچّوں کے گروپ کو باری باری موقع دیا جائے۔ اسی طرح تقریباً ہر سبق اور نظم کے ڈرامے کروانے سے اُن میں بولنے کا اعتماد پیدا ہوتا ہے اور معلّم/معلّمہ کو ڈراموں کی تیاری کے دوران طلبہ و طالبات کا تلفظ اور ادائیگی دُرست کروانے کا موقع ملتا ہے۔

۴۔ ہفتۂ پڑھائی اپنی سالانہ منصوبہ بندی میں شامل کیجیے۔ اس ہفتے میں کُتب میلے کا انعقاد، شاعری کا دن، کسی مصنّف کا انٹرویو، روزانہ اُردو کے پیریڈ کے دس منٹ کوئی بھی اُردو کتاب، رسالہ، اخبار پڑھنے کی سرگرمیاں کروائیے۔ کسی ناشر کو مدعو کر کے اس کی کُتب کا اسٹال لگوائیے تاکہ بچّے اپنے جیب خرچ/عیدی کو کتابیں خریدنے کے لیے استعمال کرنے کی جانب راغب ہوسکیں۔

۵۔ شاعری سے رغبت دلوائیے۔ نظمیں زبانی یاد کروائیے۔ طلبہ و طالبات کے درمیان نظمیں سُنانے کا مقابلہ کروائیے۔ یہ نظمیں لکھی ہوئی، مختلف اخبارات و رسائل اور کُتب سے لی گئی بھی ہوسکتی ہیں۔

۶۔ بچّوں میں ادبی ذوق پیدا کرنے کے لیے ''ادبی نشست'' کا اہتمام کیجیے۔ جماعت میں موجود بچّوں کو موضوع دے کر چھوٹی نظمیں یا اشعار گھر سے لکھ کر لانے کے لیے کہیے اور پھر ان میں سے دس بہترین لکھنے والے بچّوں کا انتخاب کیجیے۔ اب اُن کے دو گروپ تشکیل دیجیے اور اِن گروپوں کے نام شعرائے کرام کے نام پر رکھیے جیسے اقبال گروپ اور اسمٰعیل میرٹھی گروپ۔ پھر دن مقرّر کر کے جماعت میں باقاعدہ ادبی نشست منعقد کروائیے۔ اس سے دو دن قبل بیجز تیار کروائیے اور بچّوں کو تیاری کا وقت بھی دیجیے۔ مقرّرہ روز تختۂ تحریر پر ''ادبی نشست'' خُوش خط لکھیے۔ رِبن اور بچّوں کے تیار کردہ پھولوں سے سجاوٹ کیجیے۔ تختۂ تحریر کے دائیں، بائیں نشستیں ترتیب دیجیے اور دونوں گروپوں کو آمنے سامنے بٹھائیے۔ ایک بچّے سے میزبانی کرواتے ہوئے باقاعدہ نشست کا آغاز کروائیے۔ اب دونوں گروپ اپنی تیار کردہ نظمیں/ اشعار اچھّی آواز اور انداز کے ساتھ پڑھ کر سُنائیں گے اور جماعت کے باقی بچّے سُن کر بہترین پڑھنے والے کے انتخاب میں مدد دیں گے۔ سب سے اچھّا پڑھنے والے کا نام لکھ کر تختۂ نرم پر لگائیے اور باقی بچّوں کی بھی حوصلہ افزائی کیجیے۔

امید ہے کہ اس رہنمائے اساتذہ کی مدد سے اُردو زبان کی تدریس آسان اور زیادہ مؤثر ہوجائے گی۔ علم سکھانے کا عمل صدقہ جاریہ ہے۔ خلوصِ نیت سے کیا جانے والا یہ کام ہماری دنیا اور آخرت کی کامیابی کا وسیلہ بنے گا۔ (ان شاء اللہ)


## اعادہ اور جانچ

- پہلے یونٹ کی جانچ لیجیے۔
- پہلی میقات کے اختتام پر میقات/ میعاد کی جانچ لیجیے۔
- چوتھے یونٹ کی جانچ لیجیے۔
- دوسری میقات کے اختتام پر میقات/ میعاد کی جانچ لیجیے۔

## تجویز کردہ مددگار مواد

# معاون کتاب 'پھُول'

پہلی جماعت کے طلبہ و طالبات کی پڑھائی کی مہارتوں کے فروغ اور رغبت بڑھانے کے لیے معاون کتاب 'پھُول' ترتیب دی گئی ہے۔




### ہدایات برائے اساتذہ

**خصوصی ہدایت:**

جماعت اوّل (عمر ۵½ سے ۶½) کے طلبہ و طالبات کی سیکھنے کے عمل کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے۔ اس جماعت میں صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کیجیے۔ بنیادی مصوّتوں کے اعادے کے ساتھ نیم ثانوی مصوّتے (زیر، زبر، پیش) اور ثانوی مصوّتے 'و' کا بتدریج تعارف کروائیے۔ بصری طریقے سے سبزیوں، پھلوں کے نام۔ کلیدی الفاظ مثلاً 'ہیں، ہے' کی مشق کروائیے۔ منظّم، بتدریج اور دلچسپ طریقے اختیار کرنے سے طلبہ و طالبات حروفِ تہجّی سے الفاظ، جملے اور پھر عبارات روانی سے پڑھنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔

**پڑھنے سے پہلے:**

* کتاب کے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھانے شروع کیجیے۔
* کتاب اور پھر کہانی کے عنوان کا تعارف کروائیے۔ مصنّف اور مصوّر کا نام بھی پڑھیے۔

**مشاہداتی رپورٹ برائے معلّم/ معلّمہ** کلید: عمدہ ☆☆☆ بہتر ☆☆ مدد کی ضرورت ☆

**بنیادی مہارتیں**

- پڑھنے میں دلچسپی ظاہر کرتی/ تے ہیں۔ ☐
- پڑھتے وقت اپنی درستی خود کرسکتی/ سکتے ہیں۔ ☐
- پڑھتے وقت علاماتِ وقف کا خیال رکھتی/ رکھتے ہیں۔ ☐
- پڑھتے وقت معنی کے لحاظ سے تأثرات شامل کرسکتی/ سکتے ہیں۔ ☐
- بصری طریقے سے پڑھائے جانے والے الفاظ جلد سیکھ جاتی/ جاتے ہیں۔ ☐
- صوتی طریقے سے پڑھائے جانے والے الفاظ جلد سیکھ جاتی/ جاتے ہیں۔ ☐

**صوتیات:**

- بنیادی مصوّتوں (ا و ی ے) کے دو، تین اور چار حرفی الفاظ روانی سے پڑھ سکتی/ سکتے ہیں۔ ☐
- بنیادی مصوّتوں (ا و ی ے) کی بطور مصمّتہ پہچان رکھتے/ رکھتی ہیں۔ ☐
- مرکّب حروفِ تہجّی (بھاری آوازیں) کی درست ادائیگی کرسکتی/ سکتے ہیں۔ ☐

### مانو کہاں تھی؟




مانو باغ میں تھی۔ اس نے ایک گلہری دیکھی،
وہ اس کے پیچھے بھاگی اور گلہری بھاگ گئی!

۵ OXFORD UNIVERSITY PRESS

### لکھیے:

* 'ا و ی ے' کے تین اور چار حرفی الفاظ لکھیے: (صوتیات)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| باغ | .......... | .......... | مور | .......... | .......... |
| تالا | .......... | .......... | بولو | .......... | .......... |
| باجی | .......... | .......... | تالے | .......... | .......... |

### ملائیے:

* تصویر سے الفاظ ملائیے: (بصری ذخیرۂ الفاظ)

ایک گلہری — پھُول — پیلی بتّی — ہری بتّی — تین کوّے — پانچ چڑیاں

### سوچیے:

* (✓) یا (✗) لگائیے: (فہم)

| | |
|---|---|
| بات ماننا اچھّی بات ہے۔ ☐ | علی کی سائیکل کی ہتّھی کالی ہے۔ ☐ |
| بات ماننا بُری بات ہے۔ ☐ | علی کی سائیکل کی ہتّھی لال ہے۔ ☐ |
| مانو باغ میں تھی۔ ☐ | مانو نے چار چڑیاں دیکھیں۔ ☐ |
| مانو بازار میں تھی۔ ☐ | مانو نے پانچ چڑیاں دیکھیں۔ ☐ |

۱۲ OXFORD UNIVERSITY PRESS

### ڈھم ٹِپ کُٹ



ڈھم ڈھم ڈھم
ڈھول بجے ڈھم
چَھم چَھم چَھم
پانی برسے چَھم
ٹِپ ٹِپ ٹِپ
بوندیں گریں ٹِپ
ٹِک ٹِک ٹِک
گھڑی چلے ٹِک
کُٹ کُٹ کُٹ
مُرغی بولے کُٹ
چُگ چُگ چُگ
چُوزہ چُگے چُگ

دِن دَم دَس چُپ


### کردار بنیے:


* اپنے ساتھیوں کے ساتھ سبزیوں کے ماسک بنائیے اور پہن کر کہانی 'آلو میاں' کا ڈراما پیش کیجیے۔

# خُوش خطی کا تعارف

پہلی جماعت کے طلبہ و طالبات کی لکھائی کی مہارتوں کے فروغ اور دُرست لکھائی سکھانے کے لیے اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم ترتیب دی گئی ہے۔



# ابتدائی حصّہ

## مقاصد

اس حصّے کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ

- اپنا تعارف کرواسکیں۔
- طلبہ و طالبات کتاب کے بارے میں بتاسکیں۔
- 'ا ، و ، ی ، ے' (بنیادی مصوّتوں vowels) کے دو تین اور چارحرفی الفاظ سیکھ کر استعمال کرسکیں۔
- جماعت پری نرسری ، نرسری اور کے جی کی کُتب 'کلیاں' ، 'گلاب' اور 'چنبیلی' میں سکھائے گئے نظریات ، آوازوں اور ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے جانے الفاظ پر مبنی عبارات/نظم پڑھ سکیں اور ان کی مشق کا کام کرسکیں۔

**نوٹ :**

یہ یونٹ بنیادی معلومات (حروفِ تہجّی ، چھوٹی اشکال ، بنیادی مصوّتوں کے دو ، تین اور چار حرفی الفاظ) پر مبنی ہے۔ یہ تمام کام پچھلے درجوں کی کُتب (کلیاں، گُلاب اور چنبیلی) میں کروائے جا چکے ہیں۔ پچھلے کاموں اور نظریات کا اعادہ اور مشق کروانا انتہائی ضروری ہے۔ اس طرح بچّوں کے ذہن میں مربوط اور جامع نظریات تشکیل پاتے ہیں۔ شروع کے دو تین دن بچّوں سے اُنسیت پیدا کرنے اور جماعتی نظم و ضبط کو معمول بنانے کی سرگرمیاں کروانے کے لیے استعمال کیجیے۔

## بصری طریقہ

- 'چنبیلی' کتاب کی فرہنگ سے بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے جانے والے منتخب الفاظ کے فلیش کارڈز روزانہ دکھایئے اور کچھ الفاظ بورڈ پر لگا دیجیے۔
- یہ الفاظ اس پورے یونٹ بورڈ پر لگے رہنے دیجیے : یہ ، وہ ، ہے ، ہیں ، میں ، ہوں ، ایک ، میری ، میرا۔ موتیا کے 'حمد' کے الفاظ بھی پڑھایئے اور بورڈ پر بھی لگایئے۔

## سرگرمیوں کی تجاویز

- اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں کی تصاویر بنوایئے یا کاٹ کر چپکوایئے، کِتابچے کی صورت دیجیے۔
- 'ا و ی ے' کا کِتابچہ یا concertina book بنوایئے۔ طریقہ اگلے صفحات میں ملاحظہ کیجیے۔

## مددگار مواد کی تجاویز

نوٹ: اساتذہ اپنے وقت کے لحاظ سے ان کُتب کا مواد اپنی منصوبہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں۔




- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم (منتخب صفحات)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم (منتخب صفحات)
- معاون کتاب 'پھول' : صفحہ ۱ تا ۲

تختۂ نرم کی تجاویز:

## ابتدائی حصّہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

### ذخیرۂ الفاظ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یہ | اللہ | کتاب | قرآن | |
| وہ | محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم | پڑھنا | سورج |  |
| ہے | تارا | ہمارا | چاند |  |
| ہیں | میں | گھر | پرندے |  |
| میرا | گیند | علی | صبح |  |
| میرے | بلّی | امّی | سمندر |  |
| میری | گُڑیا | ابّو | | |

### ا

| | |
|---|---|
| با | بال |
| جا | جال |
| باجا | کاٹ |
| تالا | شان |
| کالا | لال |
| چاہا | تاج |

# تعارفی سبق ، اعادہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ

- اپنا تعارف کرواسکیں۔
- کتاب موتیا کے بارے میں بتاسکیں۔
- حروفِ تہجّی کا اعادہ کرسکیں۔
- حمد کے ذخیرۂ الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز
- حمد کے نئے الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر (بورڈ)
- کتاب 'موتیا'

## پیریڈز : ۱-۲

## طریقۂ کار

- نئی جماعت اور نئے طلبہ و طالبات سے اُنسیت پیدا کرنے کے لیے اپنا مختصر تعارف کروائیے۔ (نام ، پسند ، نا پسند: مجھے یہ پسند ہے کہ...، بچّے ہاتھ اٹھا کر اجازت لیں اور پھر کچھ پوچھیں یا بتائیں...، شوق: مجھے پڑھنے اور لکھنے کا بہت شوق ہے...) اب بچّوں کو باری باری موقع دیجیے کہ وہ بھی اپنے نام ، پسند ، نا پسند (پسندیدہ کھانا یا کھیل) اور شوق بتائیں۔ ہر روز چند بچّوں کو موقع دیں تاکہ دو تین دن میں سب کی باری آجائے۔ اس طرح باتوں باتوں میں جماعت کے قوانین ، مثلاً باری کا انتظار ، آہستہ آواز میں گفتگو وغیرہ کی وضاحت بھی کیجیے۔
- کتاب کا تعارف کروائیے۔ سیریز: اُردو کا گلدستہ، کتاب: موتیا۔ سرورق کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ رنگ کیسا ہے (لال) بچّی نے کس رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں، بچّی کیا کر رہی ہے۔ ناشر کا نام بتائیے، اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس۔ مصنّفہ کا نام بتائیے، فوزیہ احسان فاروقی۔ (مقصد: بچّے جانیں کہ کتابیں لکھنا ایک اہم کام ہے جو ہم بھی کر سکتے ہیں) اندرونی سرورق کھولنے کے لیے کہیے۔ پوچھیے کہ اس میں اور سرورق میں کیا فرق ہے۔ (یہاں سفید رنگ پر رنگین لکھائی ہے جبکہ سرورق پر لال رنگ نمایاں ہے) فہرست کھلوائیے۔ بچّے ابھی پڑھ نہیں پائیں گے لیکن انھیں یہ بتانا اہم ہے کہ اگر ہمیں کوئی صفحہ کھولنا ہو تو یہ فہرست ہمیں کس طرح مدد دیتی ہے۔ خود ایسا کرکے دکھائیے، مثلاً فہرست سے پڑھیے 'ہاتھی (نظم)' صفحہ نمبر ۳۹ اور پھر صفحات پلٹ کر کھول کر وہ نظم دکھائیے۔
- بصری پڑھائی (اعادہ): حروفِ تہجّی (تمام مفرد حروف) اور بنیادی مصوّتے 'ا' کے دو ، تین اور ایک حروف کے تمام خاندانوں کے چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز رکھیے۔ پہلے دن دو حرفی، دوسرے دن چار حرفی اور تیسرے دن تین حرفی منتخب الفاظ (کم از کم پانچ الفاظ) دکھائیے۔

## حمد ............ (صفحہ ۱)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- حمد کی پڑھائی کر سکیں۔

### مددگار مواد

- حمد کے الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- دو یا تین دن پہلے سے حمد کے نئے الفاظ کی بصری پڑھائی شروع کروانے سے بچّے ان الفاظ سے مانوس ہو چکے ہوں گے۔ حمد کے باقی الفاظ صوتی طریقے پر مشتمل ہیں مثلاً نام ، کام ، شام ('ا' کے تین حرفی الفاظ) سارے ، بولے ('ے' کے چار حرفی الفاظ)۔ تمام بچّوں کی کتابوں میں حمد کا صفحہ کھلوایئے اور 'حمد' خود پڑھ کر سنایئے۔ 'حمد' کا بنیادی تصوّر بتایئے کہ دنیا کی ہر چیز اللہ کی تعریف کرتی ہے لیکن ہمارے کان سُن نہیں سکتے۔ پھر فٹ نوٹس (footnotes) میں دیا گیا کام کروایئے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

چہرے کے تاثرات اور ہاتھ کے اُتار چڑھاوٴ کے ساتھ خُوش الحانی سے نظم پڑھیے۔

### لکھیے

ہم آواز الفاظ لکھوایئے۔

نام    کام    شام

### کاپی میں کام

اس حمد میں جن چیزوں کے نام ہیں، ان کی تصویریں بنوایئے۔

نوٹ : یہ کام طلبہ و طالبات کو خود کرنے دیجیے۔

# نعت............ (صفحہ ۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
- نعت کی پڑھائی کر سکیں۔
- چھوٹا / مختصر درود شریف پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲
- روضۂ رسول ﷺ کی تصویر یا ماڈل

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- 'حمد' کی طرح اس نعت میں بھی زیادہ تر وہ الفاظ ہیں جو پچھلے درجوں کی کُتب میں صوتی اور بصری طریقے سے پڑھائے جا چکے ہیں۔ بچّے جتنی جلدی سیکھتے ہیں اتنی ہی جلدی بھولتے بھی ہیں۔ اس لیے فلیش کارڈز یا تختۂ تحریر پر لکھ کر ان تمام الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- نعت پڑھ کر سنایئے۔ نبی ﷺ سے محبّت کا انداز اختیار کرتے ہوئے نعت کا مفہوم واضح کیجیے۔ بتایئے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے بھی حضرت محمد ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ اللہ کی کتاب 'قرآن مجید' کا تذکرہ کیجیے۔ممکن ہوتو جماعت میں قرآن لا کر دکھایئے۔ اسے پڑھنے اور سمجھنے کا شوق دلوایئے۔ بچّوں کے ساتھ مل کر نعت دُہرایئے۔ دو تین بار پڑھنے سے یہ بچّوں کو یاد بھی ہو جائے گی۔
- بچّوں سے کاپی میں روضۂ رسول ﷺ کی تصویر بنوا کر رنگ بھروایئے۔
- بچّوں سے چھوٹا / مختصر درود شریف پڑھوایئے۔ **اللهم صل علی محمد النبي الامي**
- طلبہ و طالبات کو بتایئے کہ اللہ اور اس کے فرشتے بھی حضرت محمد ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں، اس لیے آپ بھی درود شریف پڑھیے۔
- ہو سکے تو بچّوں سے تین مرتبہ درودِ ابراہیمی بھی پڑھوایئے۔ اس طرح بچّے نماز میں درودِ ابراہیمی پڑھنے کے لیے تیار ہو جائیں گے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

نعت خُوش الحانی سے پڑھیے اور طلبہ و طالبات سے دُہرانے کے لیے کہیے۔

### زبانی سوالات

۱۔ ہمارے نبی ﷺ کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔
۲۔ پیارے نبی ﷺ اللہ کی جو کتاب لائے اُس کا نام 'قرآن' ہے۔


OXFORD UNIVERSITY PRESS

# یونٹ ۱

## یونٹ کے مقاصد

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ


- قومی نصاب میں دیے گئے عنوانات/ موضوعات کے تحت دی گئی نظم و نثر کے سُننے ، بولنے ، پڑھنے اور لکھنے کے مطلوبہ اہداف کا حصول کرسکیں۔ ادب کا لُطف اُٹھاسکیں اور اعتماد کے ساتھ زبانی اورتحریری اظہار کرسکیں۔
- اپنی ذات اور گھر کے بارے میں گفتگو اورتصویر کشی کرسکیں۔
- قواعد : حروفِ اضافت ( کا ، کو ، کی ، کے ) درست استعمال کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ : پری پرائمری کی کُتب کلیاں ، گُلاب اور چنبیلی میں سکھائے گئے نظریات ، آوازوں اور ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- گنتی : ہندسوں اور الفاظ میں ایک ’۱‘ سے پانچ ’۵‘ تک گنتی کی پہچان کرسکیں۔
- صوتیات : اُردو مفرد حروفِ تہجّی کی اصوات ( آوازیں ) پہچان کر اُن کی صحیح ادائیگی اور لکھائی کرسکیں۔
- حروفِ علّت/مصوّتے (vowels) ’ا و ی ے‘ کے ساتھ تمام حروفِ صحیح/ مصمّتے (consonants) ملا کر ارکان سازی ، الفاظ سازی (دوحرفی ، سہ حرفی اور چہار حرفی ) اور جملہ سازی کرسکیں۔
- گنتی ، حروف اور الفاظ کے حوالے سے سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- سادہ الفاظ اور جملے سُن کر اُن کے معانی اور مفہوم سمجھ سکیں۔
- صوتی اور بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے جانے والے الفاظ پر مبنی عبارات اور تصویری کہانی پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد کی تجاویز

نوٹ: اساتذہ اپنے وقت کے لحاظ سے ان کُتب کا مواد اپنی منصوبہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں۔

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم (منتخب صفحات)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم (منتخب صفحات)
- معاون کتاب ’پُھول‘ : یونٹ ۱ صفحہ ۳ تا ۱۲

پڑھیے اور ملایئے۔



| | |
|---|---|
| ملایئے | |
| پڑھیے | |
| لکھیے | |
| سرگرمی | |
| رنگ بھریے | |

| | |
|---|---|
| یہ | ہے |
| وہ | ہیں |
| ہے | یہ |
| ہیں | میرے |
| میرے | وہ |

## سرگرمی کی ہدایت

کتاب میں استعمال ہونے والے icons اور پری پرائمری جماعتوں کی کُتب (کلیاں، گلاب اور چنبیلی) کے ذخیرہ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے اور پہچان کروانے کے بعد تختۂ نرم (softboard) پر لگایئے پھر یہ سرگرمی کروایئے۔ طلبہ و طالبات کو یہ الفاظ وقتاً فوقتاً پڑھاتے رہیے تاکہ icons اور الفاظ دونوں بچّوں کے ذہن نشین ہو سکیں۔

## تختۂ نرم کی تجاویز:

### یونٹ ۱

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| ذخیرۂ الفاظ | |
|---|---|
| یہ | تار |
| وہ | علی |
| ہے | گھر |
| ہیں | گیند |
| میں | بلّی |
| میرا | گُڑیا |
| میری | امّی |
| میرے | ابّو |




بات مانو (کہانی)




**ا**

| | |
|---|---|
| بابا | رات |
| باجا | چار |
| کالا | تاج |
| تارا | لال |

**ی**

| | |
|---|---|
| دادی | کوٹی |
| گاڑی | موتی |
| ٹافی | گولی |
| باجی | روٹی |

**و**

| | |
|---|---|
| بولو | گول |
| سوچو | مور |
| طوطا | کوٹ |
| مانو | نوٹ |

**ے**

| | |
|---|---|
| تالے | موزے |
| تارے | طوطے |
| باجے | جالے |
| دانے | گولے |

نوٹ : جماعت اوّل کے شروع میں حروفِ تہجّی کی دُرست لکھائی اور پہچان ، بنیادی مصوّتوں (ا و ی ے) اور شرارتی حروف (ڈ ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا) کی پہچان پر کم از کم دو سے تین ہفتے بہت زیادہ توجّہ ضروری ہے۔ یہ بنیادی کام جتنی توجّہ سے کروایا جائے گا ، آئندہ کے لیے الفاظ سازی اور جملہ سازی اتنی ہی زیادہ بہتر ہوگی۔ ان کاموں کے ساتھ فلیش کارڈز سے منتخب الفاظ کی بصری پڑھائی بھی ضرور کروائی جائے۔

## 'ا' سے 'ے' تک لکھیے...........(صفحہ ۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- حروفِ تہجّی اور شروع کی آوازوں کی پہچان کا اعادہ کر سکیں۔
- 'ا' سے 'ے' تک لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- 'ا' سے 'ے' تک حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز ،'ا' سے 'ے' حروفِ تہجّی کا چارٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۱ (تجویز)


### پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- چارٹ پیپر کی مدد سے حروف کی طرف اشارہ کرتے جائیے یا ہاتھ میں پکڑے فلیش کارڈز نام بتا کر دکھاتے جائیے۔
- خیال رکھیے کہ آپ حروف کے نام اور آواز دونوں بتا رہے ہوں۔


  مثال: ا - نام: الف ، آواز: اَ　ب - نام: بے ، آواز: بَ　پ - نام: پے ، آواز: پَ　ج - نام: جیم ، آواز: جَ
- تختۂ تحریر پر لائنیں بنا کر دُرست بناوٹ سے لکھیے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ بھی ہوا میں ہاتھ اُٹھا کر لکھتے جائیں۔ ہر حرف کی بناوٹ کے لیے زبانی ہدایات دیتے رہیے (رہنمائی کے لیے اُردو کا گلدستہ کی کتاب برائے نرسری 'گلاب' کے فٹ نوٹس میں دی گئی زبانی ہدایات ملاحظہ کیجیے)۔ مثلاً 'ب' بناتے وقت کہیے اوپر سے نیچے آئیں، لائن پر آگے بڑھیں اور تھوڑا سا اُوپر جائیں۔
- بچّے دُرست بناوٹ کے ساتھ آوازوں کا اعادہ اور ان سے شروع ہونے والے الفاظ بھی دُہراتے جائیں۔ مثلاً ب۔ بطخ ، بلّی۔ پ۔پتنگ ، پتّا۔
- موتیا صفحہ ۴ پر ہلکے رنگوں سے لکھے گئے حروفِ تہجّی پر پنسل پھیرنے سے طلبہ و طالبات کی لکھائی کی مشق ہو سکے گی۔ اس صفحے پر حروف کے سامنے دی گئی خالی جگہ میں ہی حروف لکھوایئے۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے دُرست کام کر رہے ہوں۔ اس کام پر بہت توجہ بچّوں کے آئندہ کے کام آسان اور دُرست کر دے گی۔

- کاپی میں 'ا' سے 'ے' تک خُوش خط لکھوائیے۔
- صفحے کے دوسرے حصّے کا کام اگلے دن کروائیے۔ تختۂ تحریر پر تصاویر بنائیے یا چپکائیے اور طلبہ و طالبات کو ان چیزوں کے نام بتائیے۔
ٹوپی ، چُوہا ، درخت ، شیر ، غبارے ، ہاتھی۔
پہلی مثال کا حرف لکھ کر دکھائیے۔ باقی حروف بچّوں کو خود لکھنے کی ہدایت دیجیے اور اُن کی حوصلہ افزائی کیجیے۔
- کچھ منتخب حروف لکھ کر اُن سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر کاپی میں بنوائیے، مثلاً ب ، ج ، ڈ ، م۔ بچّوں سے پوچھ کر لکھیے کہ انھوں نے کیا بنایا ہے۔
- کاپی میں چار تصویریں کاٹ کر چپکوائیے جن کے ناموں کے شروع کی آواز بچّے لکھیں۔
- گھر کے کام میں بھی اسی طرح کی تصویریں چپکانے کے لیے دی جاسکتی ہیں۔




## پڑھیے (ا و ی ے)...........(صفحہ ۵)

### مقاصد



طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بنیادی مصوّتوں (ا و ی ے) کو پہچان کر دی گئی مشق میں مصوّتوں (ا و ی ے) میں رنگ بھر سکیں۔
- بنیادی مصوّتوں کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔

### مددگار مواد

- 'ا و ی ے' کے الفاظ کے فلیش کارڈز (بابا / سوچو / موتی / کالے)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵

### پیریڈ : ۱


### طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو مصوّتوں کی پہچان کروا کر بذریعہ فلیش کارڈز نیا ذخیرۂ الفاظ پڑھوائیے۔ بعد ازاں دی گئی مشق (رنگ بھریے) صفحہ ۵ مکمل کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### رنگ بھریے

- جن خانوں میں مصوّتے ہیں اُن میں رنگ بھروائیے۔




## پڑھیے (د ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا) ............(صفحہ ۶)


### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- شرارتی نو (د ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا) کا اعادہ کرسکیں۔(اُردو کا گلدستہ کی پری پرائمری کی کتاب برائے کے جی 'چنبیلی' پڑھ کر آنے کی صورت میں اعادہ کافی ہو گا۔ دوسری صورت میں 'چنبیلی' سے دیکھ کر نئے سِرے سے تعارف کروائیے۔)
- دی گئی مشق میں موجود شرارتی نو میں رنگ بھر سکیں۔

### مددگار مواد

- شرارتی حروف (د ڈ ذ ر ڑ ز ژ و ا) کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۶
- پتلیاں (puppets)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲ (تجویز)




چنبیلی برائے جماعت کے جی

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو شرارتی حروف کے فلیش کارڈز دکھائیے۔
- بعد ازاں تختۂ تحریر پر شرارتی حروف کا استعمال کرتے ہوئے سمجھائیے کہ یہ شرارتی نو اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے ملتے ہیں لیکن بعد میں آنے والے حروف سے نہیں ملتے۔ جیسے :   ✓← →×

ب + ا = با        ا + ب = اب        ب + ا + ل = بال

- اچھی طرح وضاحت کرنے کے بعد طلبہ و طالبات کو مشق کا کام (رنگ بھریے) خود کرنے میں مدد دیجیے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے ( footnotes ) میں دی گئی ہدایات کی مدد سے کام کروائیے۔

## حل شدہ مشق

## رنگ بھریے

شرارتی حروف کے خانوں میں رنگ بھروائیے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ژ | ج | ڑ | ط | د | ہ | و |
| ص | ز | و | ر | ا | ذ | ک |

## حروفِ تہجّی کا گھر............(صفحہ ۷)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- حروفِ تہجّی کا اعادہ کرتے ہوئے نقطے والے حروف، بغیر نقطے والے حروف اور ط والے حروف پہچان کر لکھ سکیں۔





### مددگار مواد


- نقطے والے، بغیر نقطے والے اور ط والے حروف کے فلیش کارڈز
- حروفِ تہجّی اور ایک سے پانچ تک گنتی کے ہندسوں اور الفاظ نیز صفحہ ۹ کے فلیش کارڈز
- چارٹ (حروفِ تہجّی کا گھر)
- تختۂ تحریر، تختۂ نرم
- موتیا صفحہ ۷

## پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- فلیش کارڈز (نقطے والے، بغیر نقطے والے اور ٹ والے حروف) تختۂ نرم پر آویزاں کر کے طلبہ و طالبات کو نقطے والے، بغیر نقطے والے اور ٹ والے حروف کی پہچان کروا کر کتاب کا کام کروایئے اور اسی کام کی مشق کاپی میں بھی کروایئے۔
- کھیل کھلایئے۔ ہدایت دیجیے کہ جس حرف پر جتنے نقطے ہیں اتنی ہی تالیاں بجایئے۔ مثلاً ب (ایک تالی) پ (تین تالیاں) آپ تختۂ تحریر/ چارٹ پر لکھے ہوئے حروفِ تہجّی پر انگلی رکھتے ہوئے یہ کھیل کھلایئے۔ 'ٹ' اور نقطے نہ ہونے کی صورت میں بچّے تالی نہ بجائیں۔





- کارڈ پر نقطے رکھنے کا کھیل بھی کھیلا جا سکتا ہے۔
تصویر کی مناسبت سے حرف پر نقطے لگوایئے۔ نقطے چھوٹے کارڈز کاٹ کر بنایئے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnotes) میں دی گئی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اگلے صفحات (صفحہ ۸ اور ۹) کے ذخیرۂ الفاظ کا تعارف فلیش کارڈز کے ذریعے کروا دیجیے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

- حروفِ تہجّی کے چارٹ سے طلبہ و طالبات کو پڑھنے کی مشق کروایئے۔

### لکھیے

| ٹ والے حروف لکھیے | بغیر نقطے کے حروف لکھیے | نقطے والے حروف لکھیے |
|---|---|---|
| ٹ | ا ح د ر | ب پ ت ث |
| ڈ | س ص ط ع | ج چ خ ذ |
| ڑ | ک گ ل م | ز ژ ش ض |
| | و ہ ی ے | ظ غ ف |
| | | ق ن |

## گنتی : ہندسے لکھیے اور رنگ بھریے.........(صفحہ ۸)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ۱ سے ۵ تک گنتی کی پہچان کرسکیں۔
- ہندسوں اور الفاظ میں گنتی پڑھ اور لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- ا سے ۵ تک گنتی کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸


## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- تین چار دن پہلے گنتی بذریعہ فلیش کارڈز پڑھانے سے بچّے گنتی پڑھنے پر قادر ہو چکے ہوں گے۔ یہ صفحہ پڑھاتے ہوئے تختۂ تحریر پر گنتی لکھنے کا صحیح طریقہ بتائیے۔ ابھی ہمارا مقصد ہندسے لکھوانا ہے الفاظ میں گنتی لکھوانا نہیں، اس لیے صرف ہندسوں پر ہی توجہ مرکوز رکھیے۔ ہندسوں کے ساتھ ان کی قدر کی پہچان بھی کروائیے۔ اس کے لیے جماعت میں موجود اشیا ، کتابوں ، کرسیوں وغیرہ کی مدد لیجیے۔ صفحے پر دیا گیا کام اپنی نگرانی میں کروائیے۔ چیزیں اور تصاویر وغیرہ گننے میں طلبہ و طالبات کی مدد کیجیے۔
- اگلے دن کاپی میں کالم بنوا کر یہی کام کروائیے۔ بچّے اپنی مرضی سے تصاویر بنائیں۔

نوٹ : گو کہ یہ کام بچّے اردو کا گلدستہ کی کتاب برائے کے جی 'چنبیلی' میں کر چکے ہیں لیکن بہتر ہو گا کہ انھیں ایک بار پھر متعارف کروایا جائے۔ اس میں مدد کے لیے 'چنبیلی' کے ٹیچرز نوٹس اور متعلقہ صفحے کا کام ملاحظہ کیجیے۔

# ایک گھر ............ (صفحہ ۹ تا ۱۰)




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- دیے گئے الفاظ بصری طریقے کے مطابق پڑھ سکیں۔
- بولنے کی استعداد اور اعتماد پیدا کر سکیں۔
- سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں۔
- اپنے خاندان کے بارے میں (دیے گئے سوالات کے مطابق) تحریر کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (امّی / ابّو / سعد / علی / دادا جان / دادی جان / بلّی / طوطا / زارا / گڑیا / گیند)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۹ تا ۱۰

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے فلیش کارڈز کے الفاظ پڑھوائیے۔
- تصویر بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔
- تصویر کے بارے میں تبادلۂ خیال کیجیے اور پوچھیے کہ کیا کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کون نظر آ رہا ہے؟ سب کہاں بیٹھے ہوئے ہیں؟ (اندازہ لگانے کی صلاحیتوں کا فروغ)
- طلبہ و طالبات سے دیے گئے سوالات کے جوابات زبانی پوچھیے۔
- ملائیے اور تصویر بنائیے کی مشقیں تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے۔ ایک مثال مِلا کر دکھائیے۔
- بچّوں سے اُن کے خاندان کی تصویر بنوانے کے بعد سب سے انفرادی طور پر مختصر گفتگو کیجیے اور پوچھیے کہ یہ کون ہیں؟ آپ ان کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟

## حل شدہ مشق

### پڑھیے

- فلیش کارڈز کے الفاظ پہلے خود پڑھیے پھر بچّوں سے پڑھوائیے۔

### زبانی سوالات

- باری باری تمام بچّوں سے موتیا صفحہ ۹ پر دیے گئے زبانی سوالات کیجیے۔

### ملائیے

- تختۂ تحریر پر ایک مثال سمجھانے کے بعد موتیا صفحہ ۱۰ پر دیے گئے الفاظ اور تصاویر کو ملوائیے۔

### تصویر بنائیے


- طلبہ و طالبات کو موتیا صفحہ ۱۰ پر اپنے خاندان کی تصویریں بنانے یا چپکانے کی ہدایت دیجیے۔ (طلبہ و طالبات کی بنائی تصاویر قبول کرتے ہوئے پُوچھیے کہ یہ کون کون ہیں؟) حوصلہ افزائی اور خاندان سے محبّت کی رغبت اور اہمیت واضح کرتے رہیے۔ تصویر کشی بچّوں کے تحریری اظہار (composition writing) کا پہلا قدم ہے۔

## بنیادی مصوّتہ 'ا' (ارکان سازی)............ (صفحہ ۱۱)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'ا' کے دوحرفی الفاظ ملاسکیں اور الگ کرسکیں۔




## مددگار مواد

- بنیادی مصوّتے 'ا' کے دوحرفی الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۱
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۳ تا ۴ (تجویز)

## پیریڈز: ۳

## طریقۂ کار

- 'ا' کے دوحرفی ملے ہوئے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر آوازوں سے پڑھائی کروایئے۔ (با ، جا ......)
- تختۂ تحریر پر کتاب کا صفحہ من وعن نقل کیجیے (صرف دائیں جانب کا کام) اور تمام حروف ملا کر دکھایئے۔ اب بچّوں کو اس کام کو نقل کرنے کی ہدایت دیجیے، کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ ہر بچّہ یہ الفاظ پڑھ کر لکھ رہا ہو۔
- کاپی میں مشق کا کام اسی طرح سمجھا کر کروایئے لیکن اس بار ایک یا دو مثالیں تختۂ تحریر پر لکھیے باقی حروف بچّوں سے ملوایئے۔ خود کوشش کرنے کے لیے دس منٹ دیجیے اور پھر تختۂ تحریر پر لکھ دیجیے۔ اسی طرح صفحے کے بائیں جانب کا کام اور مشق کا حروف الگ کرنے کا کام کروایئے۔

نوٹ : جن بچّوں نے جماعت اوّل سے پہلے کے درجے میں اُردو کا گلدستہ کی کتاب برائے کے جی 'چنبیلی' استعمال کی ہوگی وہ یہ کام جلد سمجھ لیں گے لیکن ایسا نہ ہونے کی صورت میں اس کام کی مزید مشق کروائی جانی ضروری ہے۔ اس کے لیے 'چنبیلی' کو بطور حوالہ استعمال کرکے اعادے کی ورک شیٹس اور کاپی میں اسی نوعیت کا مزید کام کروایئے۔

- 'ا' کے دوحرفی اور تین حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔

# ملایئے / الگ کیجیے ............(صفحہ ۱۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بنیادی مصوّتے 'ا' کے تین حرفی اور چار حرفی الفاظ ملا سکیں اور الگ کر سکیں۔
- جملے نقل کر سکیں۔

## مددگار مواد

- 'ا' کے تین حرفی اور چار حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز
- گتّے کی پٹیاں
- تختۂ تحریر


- موتیا صفحہ ۱۲
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۵ (تجویز)

## پیریڈز: ۴


## طریقۂ کار

- 'ا' کے تین حرفی اور چار حرفی الفاظ کا تعارف فلیش کارڈز کے ذریعے کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر وضاحت کیجیے کہ الفاظ کیسے بنتے ہیں۔

لکھیے:




اسی طرح کارڈ کی دو پٹیاں بنائیے اور عمودی پٹی ہلانے سے بدلنے والے الفاظ پڑھوائیے۔




تختۂ تحریر پر الفاظ لکھ کر یہ کھیل کھیلیے۔ آپ تختۂ تحریر پر [ما] کا کارڈ چپکائیے اور چار بچّوں کے ہاتھ میں [ت] [ر] [ن] [ل] کے کارڈز دیجیے۔ بچّے یہ کارڈ باری باری [ما] کے کارڈ کے ساتھ چپکائیں اور باقی جماعت کے بچّے اس طرح بننے والے الفاظ پڑھیں۔ اسی طرح تختۂ تحریر پر [لا] کا کارڈ چپکائیے اور تین بچّوں کے ہاتھ میں [ت] [ل] [ن] کے کارڈ دے کر یہی سرگرمی کروائیے۔ اسی طرح [چا] کے ساتھ [ٹ] [ر] [ک] [ل] لکھ کر لفظ بنوائیے۔

- بصری طریقے کے الفاظ 'علی ، زارا ، یہ ، وہ ، ہے ، ہیں' کے ساتھ ان الفاظ کو رکھ کر جملوں کی پڑھائی بھی کروائیے۔

مثال: یہ باغ ہے۔ یہ نان علی کا ہے۔

یہ باغ صاف ہے۔ وہ ہار زارا کا ہے۔

- صفحہ ۱۲ کے پہلے حصّے (تین حرفی الفاظ بنانے اور حروف الگ کرنے) کا کام سمجھا کر کروائیے۔

**ملائیے**

کا + ٹ = کاٹ

لا + ل = ______

ہا + ر = ______

**الگ کیجیے**

تار = ت + ا + ر

نان = ______ + ______ + ______

گال = ______ + ______ + ______

**کاپی میں کام**

ملائیے۔ چا+ ٹ ، جا + ل ، سا + ت ، صا + ف ، غا + ر ، ما + ن ، نا + چ

الگ کیجیے۔ بات ، پان ، چار ، شام ، کار ، سال ، ہار

- کاپی میں کام تختۂ تحریر پر اوپر سے نیچے لکھیے اور کروائیے۔
- پہلے ایک مثال دیجیے اور پھر بچّوں کو خود کام کرنے کا موقع دیجیے۔ آخر میں دُرست جوابات تختۂ تحریر پر لکھیے تاکہ بچّے اپنے کام کی اصلاح کی کوشش کریں۔ حسبِ ضرورت طلبہ و طالبات کی مدد کیجیے اور کاموں کی دُرستی کروائیے۔
- تین حرفی الفاظ سکھانے کے طریقے سے ہی چار حرفی الفاظ بھی کروائیے۔

با + با = بابا

نا + نا = ______

ما + را = ______

باجا = ب + ا + ج + ا

چاٹا = ______ + ______ + ______ + ______

ہارا = ______ + ______ + ______ + ______

**کاپی میں کام**


ملائیے۔ دا + دا ، سا + را ، چا + را ، لا + نا ، ما + نا ، کا + لا ، چا + ہا


الگ کیجیے۔ نانا ، پالا ، جاگا ، کاٹا ، ہارا ، گارا ، لالا

سیٹ یہ ہو سکتے ہیں :

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| با | ← | با | ٹا | جا | ڑا | لا |
| کا | ← | ٹا | کا | لا | نا | |
| جا | ← | نا | لا | گا | ڑا | |
| چا | ← | ٹا | چا | را | | |
| دا | ← | دا | را | نا | | |
| گا | ← | تا | را | لا | نا | |
| پا | ← | پا | را | لا | نا | |


- بچّوں سے تین حرفی الفاظ کی طرح ہی کا کھیل کھیلیے۔ بچّے کارڈز لگا کر لفظ بنائیں۔
- تختۂ تحریر پر کارڈ چپکوائیے یا لکھوائیے۔ جو بچّے دُرست پڑھیں ان کے لیے تالیاں بجوائیے۔








- طلبہ و طالبات کو ہاتھ میں کارڈز دے کر کھڑا کروایئے اور الفاظ پڑھوایئے۔

مثلاً




- تختۂ تحریر پر لکھیے۔ ارکان بنانے کا کام پہلے کروایئے اور پھر حروف الگ کرنے کا کام کروایئے۔
- کاپی میں کام بھی تختۂ تحریر پر لکھ کر (ملایئے اور الگ کیجیے) علیحدہ علیحدہ کروایئے۔
- جملے لکھوایئے۔ 'یہ'، 'وہ' اور 'ہے'، ہلکے رنگوں سے لکھے گئے ہیں، ان پر پنسل پھروایئے۔ پھر باقی الفاظ نقل کروایئے۔




# بنیادی مصوّتہ 'و' (ارکان سازی ، الفاظ سازی) ...... (صفحہ ۱۳ تا ۱۴)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'و' کے دوحرفی الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'و' کے تین اور چارحرفی الفاظ ملاسکیں اور الگ کرسکیں۔


## مددگار مواد

- 'و' کے دوحرفی ، تین حرفی اور چارحرفی الفاظ کے فلیش کارڈز
- موتیا صفحہ ۱۵ پر موجود بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۳ تا ۱۴
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۶ تا ۷ (تجویز)

## پیریڈز: ۶


## طریقۂ کار

حرف 'و' کا بطور مصوّتہ تعارف کروایئے اور بتایئے کہ اس کی آواز انگریزی کے حرف 'O' جیسی ہے جبکہ اس کا نام 'واؤ' ہے۔ 'و' سے مل کر حروف اپنی اشکال چھوٹی کرتے ہیں (سوائے ط ، ظ اور شرارتی حروف کے ) اور 'و' کے سطر(لائن) پر ہونے کی وجہ سے حروف کو اوپر جانا پڑتا ہے۔
مثال : ب + ا = با یہاں 'ب' کی شکل کچھ مختلف بھی ہے اور یہ لائن پر ہے جبکہ 'و' کے ساتھ ملتے ہوئے ب کی شکل بدلتی ہے اور یہ لائن سے تھوڑا اوپر جا کر 'و' سے ملتی ہے۔ مثال : ب + و = بو



- 'و' کے دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے جو تمام حروفِ تہجّی کے ساتھ ہوں۔
- تختۂ تحریر پر بڑا 'و' دُرست لکھ کر سمجھایئے۔ موتیا صفحہ ۱۳ سے منتخب حروف پر مشتمل 'ملایئے' کا کام کروایئے۔ شوشوں اور نقطوں کی دُرستی کا خیال رکھیے اور بچّوں کی توجہ بھی اس طرف دلواتے رہیے تاکہ ان کی لکھائی بھی عمدہ ہو سکے۔
- موتیا صفحہ ۱۳ پر 'الگ کیجیے' کا کام علیحدہ سے سمجھایئے اور پھر کروایئے۔
- مشق میں دیا گیا 'الگ کیجیے' کا کام کاپی میں ہی کروایئے۔
- موتیا صفحہ ۱۴ پر دیے گئے تین حرفی الفاظ کا تعارف اسی طرح کروایئے جیسے 'ا' کے تین حرفی الفاظ کا کروایا تھا۔

سیٹ یہ ہو سکتے ہیں :




اسی طرح مزید الفاظ بنوایئے۔

- موتیا صفحہ ۱۴ کے پہلے حصّے کا کام کروایئے۔ ('و' کے تین حرفی 'ملایئے' اور 'الگ کیجیے')۔ طریقۂ کار 'ا' کے تین حرفی الفاظ ملانے اور الگ کرنے کی طرح ہی ہوگا۔
- 'و' کے چار حرفی الفاظ کی فلیش کارڈز سے پڑھائی کروایئے۔
- پڑھانے کے بعد صفحے کا کام تختۂ تحریر پر سمجھایئے اور کروایئے۔
- مشق کا کام کاپی میں کروایئے۔
- جملے نقل کروایئے۔ کتاب میں لکھنے کے بعد طلبہ و طالبات سے کاپی میں بھی لکھوایئے۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnotes) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔
- بصری طریقے سے سکھائے جانے والے وہ الفاظ دکھانا شروع کیجیے جو بچّے صفحہ ۱۵ پر پڑھیں گے۔

# میں علی ہوں............(صفحہ ۱۵ تا ۱۶)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- پڑھائے گئے صوتی اور بصری الفاظ کی مدد سے عبارت پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۵ تا ۱۶
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۸ (تجویز)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

- بصری طریقے سے سکھائے جانے والے الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔
- صوتی طریقے سے پڑھائے جانے والے الفاظ (دادا ، دادی ، نانا ، نانی ، شام ، سات ، کے ، کی) تختۂ تحریر پر لکھ کر یا فلیش کارڈز سے پڑھائیے۔
- موتیا کا صفحہ ۱۵ کھلوائیے۔ فلیش کارڈز سے پڑھائی کرنے کی وجہ سے زیادہ تر بچّے یہ صفحہ خود پڑھ سکیں گے۔ اس لیے بچّوں کو خود پڑھنے کی کوشش کرنے دیجیے۔ جو بچّے اچھا پڑھ سکتے ہیں ، پہلے ان سے پڑھوائیے۔ خیال رکھیے کہ ہر بچّہ اپنی کتاب دیکھ رہا ہو۔ بعد ازاں سب بچّوں کو باری باری پڑھنے کا موقع دیجیے۔ اگر ضرورت ہو تو ان کی مدد بھی کیجیے۔
- سب بچّوں کے پڑھ لینے کے بعد تختۂ تحریر پر خالی جگہ کا کام لکھیے اور جملے پڑھ کر سنائیے۔ مثال کے لیے ایک خالی جگہ خود پُر کیجیے۔ باقی کام بچّوں کو خود کرنے کا موقع دیجیے۔ نگرانی کے دوران جن بچّوں کو مشکل ہو، ان سے جملے پڑھ کر پیرا گراف میں ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔
- موتیا صفحہ ۱۶ کا کام کروانے سے قبل کاپی میں پہلی سطر پر بچّوں کا مختصر نام لکھ کر دیجیے جسے دیکھ کر وہ صفحے پر کم از کم پانچ بار نقل کریں۔ ان سے کہیے کہ اپنے امّی ، ابّو یا کسی بڑے سے اپنی عمر پُوچھ کر آئیں۔
- اگلے دن صفحہ ۱۶ کے اوپر والے حصّے کا کام کروائیے۔ نام ، عمر اور بہن بھائیوں کی تعداد لکھوانے کے بعد صفحے کے نچلے حصّے کا کام کروائیے۔
- بچّوں سے یہی کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- ’ ا ‘ اور ’ و ‘ کے تین حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔
- ’ لفظ بنائیے ‘ کا کام تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروائیے۔
- بنیادی مصوّتے ’ ا ‘ اور ’ و ‘ کی درمیانی آواز پر توجہ مرکوز کروائیے اور تختۂ تحریر پر دی گئی مشق لکھیے۔ پہلی مثال واضح کیجیے اور لکھیے۔ باقی تمام الفاظ زبانی تبدیل کروا کر کام کروائیے۔ یہ کام بچّوں کے لیے بہت دلچسپ اور مزے دار ہوتا ہے۔ اس طرح وہ نئے الفاظ آسانی سے سیکھ جاتے ہیں۔

- کاپی میں کالم بنوائیے۔ ایک جانب 'ا' لکھیے اور دوسری جانب 'و'۔ پہلے 'ا' کے کالم میں 'ا' کے تین حرفی الفاظ اور پھر 'و' کے کالم میں 'و' کے تین حرفی الفاظ لکھوائیے۔
- ان الفاظ کا املا بھی کروائیے۔

## بنیادی مصوّتہ 'ی' (ارکان سازی، الفاظ سازی) ............(صفحہ ۱۷ تا ۱۸)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'ی' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ کی ارکان سازی اور الفاظ سازی کرسکیں۔
- 'ا ی' اور 'و ی' کے چار حرفی الفاظ ملاسکیں اور الگ کرسکیں۔
- سکھائے گئے بصری الفاظ کی پڑھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد


- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۷ تا ۱۸

### پیریڈز: ۶

### طریقۂ کار

- بنیادی مصوّتے 'ی' کا تعارف کروائیے (اس کا طریقہ کار جاننے کے لیے 'چنبیلی' کے ٹیچر نوٹس ملاحظہ کیجیے)۔
- 'ی' کے دو حرفی الفاظ پڑھائیے۔
- تختۂ تحریر پر تمام حروفِ تہجّی کو 'ی' کے ساتھ ملا کر لکھنا سکھائیے اور (آوازوں سے) پڑھائی کروائیے۔ شرارتی حروف کی یاددہانی کروائیے کہ یہ اپنے سے بعد والے حرف سے نہیں ملتے اس لیے اس مصوّتے کے ساتھ بھی الگ ہی رہیں گے۔
  وضاحت: بنیادی مصوّتے 'ی' کی آواز انگریزی کے حرف 'E' کی طرح ہے۔
- موتیا صفحہ ۱۷ پر 'ملائیے' کے کام کی ایک مثال تختۂ تحریر پر سمجھائیے اور پھر باقی کام کروائیے۔
- طلبہ و طالبات کی انفرادی مدد کیجیے۔
- صفحے پر 'الگ کیجیے' کا کام علیحدہ سے سمجھائیے اور پھر کروائیے۔
- کاپی کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے اور پھر الگ الگ کالم بنوا کر کروائیے۔
- صفحہ ۱۸ پر 'ا' اور 'ی' کے ارکان ، 'و' اور 'ی' کے ارکان ملا کر تختۂ تحریر پر الفاظ سازی کروائیے۔ مثلاً: چا + بی = چابی ، مو + چی = موچی
  یہ کام بچّوں کو کارڈز دے کر کروائیے۔ بچّے 'ا' اور 'و' کے مختلف ارکان کو 'ی' کے ارکان کے کارڈز کے ساتھ ملا کر لفظ بنائیں۔

مثلاً:




- ان الفاظ کا کام موتیا صفحہ ۱۸ پر کروائیے۔ کام سے پہلے تختۂ تحریر پر سمجھانا بہت ضروری ہے۔
- پہلے 'ا ی' کے حصّے کا کام کروائیے اور بعدازاں کاپی میں کام کروائیے۔ ارکان ملا کر الفاظ بنانے کا کام پہلے اور حروف الگ کرنے کا کام بعد میں ہوگا۔
- پھر صفحے پر اسی طرح 'و ی' کے حصّے کا کام کروائیے اور بعدازاں کاپی میں کام کروائیے۔
- تختۂ تحریر ہی پر لکھ کر صفحے کے نیچے دیے گئے دو جملے پڑھوائیے اور پھر کتاب کے صفحے پر کام کروائیے۔
- موتیا صفحہ ۱۹ کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھوائیے۔

## بات مانو ............ (صفحہ ۱۹ تا ۲۲)

### مقاصد


طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بڑوں کی بات ماننے کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔
- صوتی اور بصری طریقے سے سکھائے گئے الفاظ کی مدد سے عبارت پڑھ سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- مرغی اور چوزے کے ماسک کے کٹ آؤٹس
- موتیا صفحہ ۱۹ تا ۲۲

### پیریڈز: ۴


پڑھیے

بات مانو

ایک مُرغی کے چار چُوزے تھے۔ نرم نرم ، پیارے پیارے۔ ایک چُوزے کا نام چوچو تھا۔ ایک کا نام مانی تھا۔ ایک چُوزے کا نام موتی اور ایک کا نام نومی تھا۔

وہ خوش خوش امّی مُرغی کے آگے پیچھے دوڑتے۔ اُس کے اوپر نیچے چُھپ جاتے۔ ڈَربے کے اندر اور باہر جاتے۔ امّی کے پاس دانے کھاتے۔

۱۹ OXFORD

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کے ساتھ زبانی گفتگو کیجیے اور کچھ سوالات کیجیے۔ مثلاً: کیا آپ بڑوں کی بات مانتے ہیں ؟ کیوں؟
(ممکنہ جوابات: اس لیے کہ وہ بڑے ہیں اور ہماری بھلائی چاہتے ہیں ، ان کی بات نہ ماننے سے ہمیں نقصان ہوسکتا ہے۔)
- بچّوں کو کہانی کے صفحات پر دی گئی تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔ اس میں زیادہ تر بنیادی مصوّتوں 'ا و ی ے' کے دو یا چار حرفی الفاظ ہیں۔
نئے الفاظ 'چھوڑو چھوڑو' آپ کے بتانے سے بچّے پڑھ لیں گے۔

مشاہداتی سوالات : پہلی تصویر میں کیا نظر آرہا ہے ؟ کتنے چوزے ہیں؟ دوسری تصویر میں امّی کیا کہہ رہی ہیں؟ تیسری تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟ ایک بچّہ دوسرے بچّوں سے ہٹ کر کیوں کھڑا ہے؟

- تاثرات اور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی پڑھ کر سُنائیے۔ مثلاً مرغی کے آواز دینے کے بارے میں بتاتے وقت ایسی ہی آواز بنائیے، جیسے کسی کو آواز دیتے وقت کچھ زور سے نکالی جاتی ہے ...... تصاویر میں موجود الفاظ بھی پڑھوائیے۔
- کہانی سنانے کے بعد بچّوں سے سوال کیجیے کہ کیا آپ کو افسوس ہوا؟ اگر 'مانی' اپنی امّی کی بات مان لیتا تو ایسا نہ ہوتا۔ مشق کے زبانی سوالات کیجیے۔

## حل شدہ مشق

### رنگ بھریے

دُرست جواب کے دائرے میں رنگ بھروائیے۔

۱۔ چار ۲۔ سفید ۳۔ کالا ۴۔ مانی ۵۔ چیل

### سرگرمی

- اس کہانی کا ڈراما کروائیے۔ جماعت کو پانچ پانچ بچّوں کے گروپ میں تقسیم کیجیے۔ ایک بچّہ مرغی اور باقی بچّے چوزے بنیں۔ ڈرامے کے دوران ضروری ہے کہ بچّے ان کرداروں کے ماسک/ سر کی پٹی پہنے ہوئے ہوں۔





- باری باری ہر گروپ کو موقع دیجیے کہ وہ اس کہانی کے مکالمے دُہرائیں اور ڈراما پیش کریں۔ بچّوں کی پیشکش کے بعد اُن کی حوصلہ افزائی کے لیے طلبہ و طالبات سے تالیاں بجوائیے۔

# بنیادی مصوّتہ 'ے' (ارکان سازی، الفاظ سازی)............(صفحہ ۲۳ تا ۲۴)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'ے' کے دو حرفی اور چار حرفی الفاظ کی ارکان سازی اور الفاظ سازی کر سکیں۔
- 'اے' اور 'و ے' کے چار حرفی الفاظ ملا سکیں اور الگ کر سکیں۔
- سکھائے گئے بصری الفاظ کی پڑھائی کر سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز، تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۳ تا ۲۴
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم ۱۲ تا ۱۳ (تجویز)

## پیریڈز : ۴


## طریقۂ کار


- ذخیرۂ الفاظ کی بصری پڑھائی کروائیے۔
- بنیادی مصوّتے 'ے' کا تعارف کروائیے (اس کا طریقۂ کار جاننے کے لیے 'چنبیلی' کے ٹیچر نوٹس ملاحظہ کیجیے)۔
- صفحے پر لکھے گئے الفاظ آوازوں سے پڑھانے کے بعد ملایئے کا کام سمجھا کر موتیا صفحہ ۲۳ کے دائیں جانب کروائیے۔

  نوٹ : بچّے عموماً 'ے' بناتے ہوئے اس کی نوک بنا دیتے ہیں اس کا خیال رکھیے۔ مثلاً:

  ے ✗ ے ✓

- الگ کرنے کا کام علیحدہ سمجھا کر صفحے کے بائیں جانب کروائیے۔
- بعدازاں مشق میں 'ملایئے' اور 'الگ کیجیے' کا کام الگ الگ کاپی میں کروائیے۔
- صفحہ ۲۴ پر دیے گئے 'ے' کے چار حرفی الفاظ کا تعارف 'ا ی' اور 'و ی' کے چار حرفی الفاظ کے تعارف ہی کی طرح کروائیے۔






- پہلے کتاب میں 'اے' کے ارکان ملانے اور حروف الگ کرنے کا کام کروائیے پھر کاپی میں دیا گیا کام کروائیے۔
- اسی طرح 'وے' کا کام کتاب میں کروانے کے بعد کاپی میں کام کروائیے۔
- صفحے کے آخر میں دیے گئے جملے تختۂ تحریر پر لکھ کر طلبہ و طالبات کو پڑھائیے۔ بعد ازاں کتاب کے صفحے پر جملے لکھوائیے۔

## لفظ بنائیے............(صفحہ ۲۵)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
- تصویر کی مدد سے ادھورے لفظ کو مکمل کر سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۵
- معاون کتاب 'پھول' کہانی 'زارا کی گڑیا' صفحہ ۹ (تجویز)

### پیریڈ : ا

### طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر صفحہ ۲۵ کا کام سمجھائیے۔ ایک مثال حل کر کے دکھائیے۔ بعد ازاں تحریری کام طلبہ و طالبات کو خود کرنے دیجیے۔ جہاں ضرورت ہو اُن کی اصلاح کیجیے۔
- معاون کتاب 'پھول' صفحہ ۹ سے کہانی 'زارا کی گڑیا' پڑھ کر طلبہ و طالبات کو سنائیے۔ (تجویز)

## حل شدہ مشق

### لفظ بنائیے


| | |
|---|---|
| رات | مور |
| باجا | رونا |
| پانی | موچی |
| تارے | طوطے |

# لکیر بنائیے/خالی جگہ بھریے...........(صفحہ ۲۶)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- پڑھائی اور فہم کی جانچ کا کام کرسکیں۔
- تصویر کی مناسبت سے صحیح جملوں کے نیچے لکیر بنا سکیں۔
- دُرست حروفِ اضافت لکھ کر خالی جگہ پُر کرسکیں۔




## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۶

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- ہدایت پڑھ کر طلبہ و طالبات کو سمجھائیے۔ جملے پڑھیے اور تختۂ تحریر پر تصویر بنا کر ایک مثال واضح کر دیجیے۔ بچّوں کے کام کی نگرانی کے دوران پڑھنے میں مدد کیجیے تا کہ وہ دُرست کام کرسکیں۔
- صفحے کے زیریں حاشیے (footnotes) میں دی گئی ہدایت پر عمل کیجیے۔

## حل شدہ مشق

### لکیر بنائیے

طلبہ و طالبات سے پڑھوائیے اور دُرست جملے کے نیچے لکیر بنوائیے۔



## خالی جگہ بھریے

۱۔ یہ علی کا بستہ ہے۔
۲۔ وہ زارا کی گڑیا ہے۔
۳۔ دادا جان کو سونے دو۔
۴۔ یہ ابّو کے موزے ہیں۔

# اعادہ اور جانچ برائے یونٹ ۱ ............ (صفحہ ۲۷)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے نظریات کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۷

## پیریڈز: ۳

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھایئے ، پڑھوایئے اور بچّوں سے یہ کام خود کرنے کے لیے کہیے۔ کام کی نگرانی کے دوران بچّوں کے معیار کا اندازہ کیجیے اور ان کے بارے میں اپنے پاس ریکارڈ رکھیے۔

مشاہداتی رپورٹ: کلیہ : بہترین ☆☆☆ بہتر ☆☆ توجہ درکار ہے ☆

| بچّوں کے نام | 'ا' کے دو ، تین اور چار حرفی الفاظ کی پہچان | 'و' کے دو ، تین اور چار حرفی الفاظ کی پہچان | 'ی' کے دو اور چار حرفی الفاظ کی پہچان | 'ے' کے دو اور چار حرفی الفاظ کی پہچان |
|---|---|---|---|---|
| ۱۔ سعد علی خان | ☆☆☆ | ☆☆☆ | ☆☆ | ☆☆ |
| ۲۔ حمنہ نوید | ☆☆ | ☆☆ | ☆ | ☆☆ |

# حل شدہ مشق

**ملائیے :**

ب + ا = با
ج + ا = جا
ک + ا = کا
س + و = سو
ط + ی = طی
ل + ے = لے

**الگ کیجیے :**

باجا = ب + ا + ج + ا
چاہا = چ + ا + ہ + ا
کاٹو = ک + ا + ٹ + و
بولا = ب + و + ل + ا
سوتی = س + و + ت + ی
روکے = ر + و + ک + ے

## لفظ لکھیے

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| چاٹ<br>جاگ<br>پال<br>تول<br>سوچ | چاٹا<br>جاگا<br>پالا<br>تولا<br>سوچا | چاٹو<br>جاگو<br>پالو<br>تولو<br>سوچو | چاٹی<br>جاگی<br>پالی<br>تولی<br>سوچی | چاٹے<br>جاگے<br>پالے<br>تولے<br>سوچے |

# یونٹ ۲

## یونٹ کے مقاصد

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ


- قومی نصاب میں دیے گئے عنوانات/موضوعات کے تحت دی گئی نظم و نثر کے سُننے ، بولنے ، پڑھنے اور لکھنے کے مطلوبہ اہداف کا حصول کرسکیں۔ ادب کا لُطف اُٹھاسکیں اور اعتماد کے ساتھ زبانی اور تحریری اظہار کرسکیں۔
- قواعد : تھا ، تھی اور تھے (ماضی) کا فرق اور استعمال جان سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ : اعضائے جسمانی کے نام سیکھ سکیں۔
- صوتیات : حروفِ علّت/مصوّتوں (vowels) 'ا و ی ے' کی بطور حروفِ صحیح/مصمّتہ (consonant) پہچان کرسکیں اور صحیح تلفّظ سے ادائیگی کرسکیں۔
- مرکّب حروفِ تہجّی کی اصوات (بھاری آوازیں) سُن کر پہچان سکیں ، اُن کی صحیح ادائیگی اور لکھائی کرسکیں۔
- مرکّب حروفِ تہجّی کے ساتھ حروفِ علّت ملا کر ارکان ، الفاظ (دوحرفی ، سہ حرفی اور چہار حرفی) اور جملہ سازی کرسکیں۔
- لفظ کی تبدیلی سے سوالوں (کس ، کیسی ، کیسے) کے جواب لکھنا سیکھ سکیں۔
- آدابِ گفتگو سے آگاہ ہوسکیں اور منتخب شائستہ الفاظ کی بصری طریقۂ تدریس سے پہچان کرسکیں۔
- نظم نگاری : چند الفاظ کی تبدیلی سے نئی نظم بنانا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد کی تجاویز

نوٹ: اساتذہ اپنے وقت کے لحاظ سے ان کُتب کا مواد اپنی منصوبہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں۔


- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم (منتخب صفحات)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم (منتخب صفحات)
- معاون کتاب 'پھُول' : یونٹ ۲ صفحہ ۱۳ تا ۲۳

## سرگرمیوں کی تجاویز




- مرکّب حروفِ تہجّی کے تعارف کے بعد بچّے گتے کے چارٹ پیپر کی پٹی پر حروف لکھ کر تصاویر بنائیں یا چپکائیں۔
- کِتابچہ بنوائیے۔ A4 سائز کے دو کاغذ لے کر دو تہہ کرنے سے ایک چھوٹی کتاب بن جائے گی۔
- صفحات کے لیے جڑے ہوئے حصّے کاٹ لیجیے۔ درمیان سے اسٹیپل کر لیجیے۔ سرورق بنوائیے۔ عنوان لکھیے ''بھاری آوازیں''۔ بچّے مرکّب حروفِ تہجّی صفحات پر لکھ کر ان کے جملے لکھیں اور تصاویر بنائیں۔
- جماعت میں گوشۂ نمائش بنائیں جہاں بچّوں کی اور اپنی لائی ہوئی اشیا رکھیے۔ اشیا کے ساتھ چھوٹے کارڈز پر ان کے نام لکھ کر رکھیے۔

## پڑھیے اور رنگ بھریے۔




## سرگرمی کی ہدایت

شائستہ الفاظ اور نئے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھوایئے اور تختۂ نرم پر لگا کر وقتاً فوقتاً پڑھاتے رہیے۔

**تختۂ نرم کی تجاویز:**

یاد رہے یہ پورے یونٹ کے لیے دی گئی تجاویز ہیں۔ یہ سب ساتھ لگانا ضروری نہیں ہے۔ نظم 'ہاتھی' پڑھاتے ہوئے ہاتھی کا کٹ آؤٹ اور طلبہ و طالبات کی بنائی نظمیں تختۂ تحریر پر لگائیے۔ جن دنوں جو نظریہ سکھایا جا رہا ہو تختۂ نرم (سوفٹ بورڈ) پر وہی واضح انداز میں لگائیے۔

**یونٹ ۲**


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**ذخیرۂ الفاظ**


یہ، وہ، اچھا
کِس، کِسی، کیسے
السّلام علیکم، وعلیکم السّلام
جزاک اللہ، معاف کیجیے
اللہ حافظ، خوش
ملائیے، پڑھیے
لکھیے، سرگرمی
رنگ بھریے


ا — اللہ

و — ورق



ی — یکّہ — ے





ٹھ


## بھاری آوازیں




بھ



پھ



تھ




جھ




چھ



دھ



ڈھ




کھ




گھ




لھ

**قواعد**
**ماضی**
تھا، تھی، تھے

**ا**
| تین حرفی | چار حرفی |
|---|---|
| جھاگ | بھاگا |
| چھان | کھانا |

**و**
| تین حرفی | چار حرفی |
|---|---|
| ڈھول | چھوڑو |
| چھوڑ | گھوڑا |

**ی**
چار حرفی
ہاتھی
بھابی

**ے**
چار حرفی
ماتھے
ساجھے

# مصوّتے بطور مصمّتے............(صفحہ ۲۹)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
- چاروں بنیادی مصوّتوں کی بطور مصمّتے (consonants) آواز سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- 'ا و ی ے' کے کٹ آؤٹ
  (پنسلوں پر ماسکنگ ٹیپ سے لگا لیجیے)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۲۹




## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- مصوّتوں کی آوازیں دُہرائیے۔ کچھ مثالیں جیسے بال ، بول ، باجی ، باجے تختۂ تحریر پر لکھ کر وضاحت کیجیے کہ یہ حرف جب مصوّتے کے طور پر آتے ہیں تو حروف ملانے کا کام کرتے ہیں لیکن جب یہ حروف مصمّتے (consonants) کے طور پر استعمال ہوتے ہیں تو ان کی اپنی مختلف آوازیں ہوتی ہیں ، جیسے ا۔ ابّو ، و۔ وقت۔
- مصوّتے کے طور پر 'ی' اور 'ے' کی آواز الگ ہوتی ہے مگر مصمّتے کے طور پر ایک ہی ہوتی ہے ، جیسے ی ے ۔یکّہ ، یاد۔
- موتیا کا صفحہ پڑھوانے کے بعد صفحے کے آخر میں دیا گیا مشق کا کام کاپی میں کروائیے۔

## سرگرمی

- بچّوں کی انگلیوں پر مارکر سے چاروں مصوّتے ( ا و ی ے) لکھ دیجیے۔
- بچّوں سے ' ا و ی ے' کے تصویری کتابچے بنوا کر ان میں تصاویر بنوائیے۔




# مرکّب حروف (بھاری آوازیں) ............ (صفحہ ۳۰ تا ۳۳)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
- مرکّب حروف (بھاری آوازوں) کی پہچان کر سکیں۔

- مرکّب حروف (بھاری آوازوں) کی دُرست ادائیگی کر سکیں۔
- دُرست بناوٹ سے لکھ سکیں۔
- 'ھ' کے خانوں میں رنگ بھر سکیں۔
- تصویروں کے شروع کی آوازیں لکھ سکیں۔
- مرکّب حروف کو بنیادی مصوّتوں (ا و ی ے) سے ملا سکیں۔
- پیراگراف پڑھ کر مرکّب حروف پر دائرہ بنا سکیں۔
- جملے پڑھ کر صحیح یا غلط کا نشان لگا سکیں۔

## مددگار مواد

- مرکّب حروف (موتیا صفحہ ۳۰ پر دیے گئے تمام حروف) کے فلیش کارڈز
- A4 کمپیوٹر پیپر کا آدھا حصّہ (ہر بچّے کے لیے)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۰ تا ۳۳
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۱۵ تا ۲۳ (تجویز)
- معاون کتاب 'پُھول' کہانی 'بھولے بھائی' صفحہ ۱۴ تا ۱۶ (تجویز)

## پیریڈز : ۵


## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے آوازوں کی دُرست ادائیگی کیجیے۔
- موتیا صفحہ ۳۰ کھلوا کر مرکّب حروف ('ھ' والے تمام حروف) کے فلیش کارڈز دکھا کر بچّوں سے پڑھوائیے۔ اکثر بچّے یہ آوازیں ادا کرنے میں مشکل محسوس کرتے ہیں۔ اس لیے دُرست ادائیگی کے لیے ایک سرگرمی کروائیے۔




- ایک صفحہ اپنے مُنھ کے سامنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ لیجیے اور 'ب' کی آواز نکالیے۔ پھر بچّوں کو غور سے دیکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے مرکّب حروف (بھ ، پھ ، تھ ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، رھ، ڑھ، کھ، گھ، لھ، مھ، نھ) کی آوازوں کی دُرست ادائیگی کیجیے۔ حرف 'ب' کی ادائیگی پر کاغذ نہیں ہلے گا جبکہ 'بھ' کی ادائیگی پر کاغذ میں ہلکی سی حرکت محسوس ہوگی۔ بچّوں کو بتائیے کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ 'بھ' بولتے ہوئے ہم اپنے مُنھ سے ہوا باہر نکالتے ہیں جبکہ 'ب' بولتے ہوئے ایسا نہیں ہوتا۔
- اب A4 کمپیوٹر پیپر کا آدھا حصّہ کاٹ کر ہر بچّے کے ہاتھ میں دیجیے اور اسے مُنھ کے قریب لے جا کر مرکّب حرف ادا کرنے کی ہدایت دیجیے۔ طلبہ و طالبات کی مدد کے لیے پہلے آپ تمام حروف خود بولیے اور بچّوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔ ہر بچّے سے دُرست ادائیگی کروائیے۔

- بعدازاں تختۂ تحریر پر 'ھ، جھ، کھ' بڑا لکھ کر دکھائیے۔ دُرست بناوٹ سے لکھیے اور طلبہ و طالبات کو بھی ہوا میں بنانے کے لیے کہیے۔ کتاب کے صفحے پر دیے گئے Hollow Letters حروف کے خاکوں میں لکھوائیے۔ نگرانی کیجیے کہ طلبہ و طالبات دُرست طریقے سے لکھ رہے ہوں۔
- صفحہ ۳۱ اور ۳۲ پر دیے گئے مرکّب حروف پڑھوائیے اور دُرست آواز سکھائیے۔ دُرست بناوٹ سے لکھائی کروائیے۔ (دیے گئے نام مثلاً بھالو صرف اساتذہ کے پڑھنے کے لیے ہیں۔ طلبہ و طالبات صرف مرکّب حروف پڑھیں اور لکھیں گے۔)
- مرکّب حروف کی پہچان کے لیے جماعت میں گوشہ بنائیے۔
- صفحہ ۳۲ کے نچلے حصّے کا کام بھی اسی طرح تختۂ تحریر پر لکھ کر اور طلبہ و طالبات سے ہوا میں بنوا کر کتاب میں کروائیے۔





- صفحہ ۳۳ پر مرکّب حروف کو بنیادی مصوّتے 'ی' اور 'ے' سے ملانا تختۂ تحریر پر لکھ کر سکھائیے۔
- طلبہ و طالبات کو اپنے ساتھ ہوا میں دُرست بنانے کی ہدایت دیجیے۔
- دیا گیا پیراگراف پڑھ کر سنائیے۔ تمام طلبہ و طالبات آپ کی پڑھائی کے دوران عبارت پر نظر رکھیں۔
- جماعت کے کچھ طلبہ و طالبات کو ایک ایک جملہ پڑھنے کی ہدایت دیجیے۔ نئے الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- دیے گئے پیراگراف میں 'ھ' کے حروف پر دائرہ بنوائیے۔
- دیے گئے جملوں میں ✓ یا ✗ کے نشان لگوائیے۔

تجویز: مرکّب حروف کی مزید مشق اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۱۵ تا ۲۳ پر کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### رنگ بھریے



## دائرہ بنائیے

**دائرہ بنائیے**

'ھ' کے حروف پر دائرے بنوائیے۔

زارا اور علی کا ننّھا بھائی ہوا تھا۔ سَب بہت خوش تھے۔ امّی ، ابّو ، زارا اور علی۔ دادا جان اور دادی جان ، نانا جان اور نانی جان بھی۔ کیا نام رکھیں؟ سَب نے نام سوچا۔ دادا جان نے کہا 'سعد' رکھتے ہیں۔ سَب کو یہ نام اچّھا لگا۔ اور 'سعد' سَب کی آنکھوں کا تارا بن گیا۔

## نشان لگائیے

زارا کا بھائی ہوا تھا (✓) سب نے نام نہیں سوچا (✗) اُس کا نام سعد رکھا (✓)

# ر ڑ ز ژ (خُوش خطی کے اصول) ........... (صفحہ ۳۴)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- خطِ نستعلیق کے اصولوں کے تحت 'ر ڑ ز ژ' کے مختلف حروفِ تہجّی سے ملنے پر اشکال کی تبدیلی سے واقف ہو سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۴
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۳۷ تا ۳۸ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- صفحے کے اُوپر دی گئی ہدایات بہت آسان انداز میں بچّوں کو پڑھ کر سُنائیے اور مثالیں دے کر سمجھائیے۔
- تختۂ تحریر پر ہر حرف کی دُرست بناوٹ اور طریقہ سمجھائیے۔ بعد ازاں تحریری کام کروائیے۔

- مستقل یاد دہانی کے لیے تختۂ نرم پر گتّے کی پٹیوں پر خُوش خط اور دُرست لکھ کر لگا دیجیے۔ مثال:

بر پر تر ٹر ثر جر چر حر خر کر لڑ نر یر

سر شر صر ضر طر ظر فر قر مر ہر

بھر پھر تھر ٹھر جھر چھر دھر ڈھر کھر گھر

تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۳۷ تا ۳۸ ملاحظہ کیجیے۔

## مرکّب حروف ’ھ‘ (’ا و ی ے‘ کے ساتھ الفاظ سازی)............ (صفحہ ۳۵ تا ۳۶)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بھاری آوازوں کی شناخت کرتے ہوئے ’ا ، و ، ای ، وی ، اے ، وے‘ کے ساتھ الفاظ سازی کرسکیں۔

| و ی | | |
|---|---|---|
| بھولی ______ | چھوٹی ______ | گھولی ______ |
| گوبھی ______ | گھوڑی ______ | کوٹھی ______ |
| **ا ے** | | |
| بھاگے ______ | چھالے ______ | کھانے ______ |
| گھاٹے ______ | چھاتے ______ | ماتھے ______ |


### مددگار مواد

- صفحہ ۳۷ (اچھّی باتوں کے پُھول) کی تیاری کے لیے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۵ تا ۳۶
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲۲ تا ۲۳ (تجویز)

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- بچّوں کو دیے گئے الفاظ کے ارکان کے فلیش کارڈز دے کر کھڑا کیجیے۔ جماعت کے باقی بچّے الفاظ پڑھیں۔ مثلاً :




ایسے ہی تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔

- بھاری آوازوں کے ساتھ ’ا ، و ، ای ، وی ، اے ، وے‘ لکھ کر دُرست بناوٹ سکھائیے۔ بعد ازاں طلبہ و طالبات کو مشقی کام خود کرنے دیجیے۔ طلبہ و طالبات کی انفرادی اصلاح ضرور کیجیے۔
- موتیا صفحہ ۳۷ پر موجود (اچھّی باتوں کے پھول) کے دیے گئے تمام الفاظ بذریعہ فلیش کارڈز پڑھوائیے۔ صفحہ پر دی گئی تصاویر دکھائیے اور ان پر گفتگو بھی کیجیے۔ مثلاً جب ہم کسی سے ملتے ہیں تو کیا کہتے ہیں؟ اور پھر اس (السّلام علیکم) کے جواب میں کیا کہا جاتا ہے؟

# اچھّی باتوں کے پھول ........... (صفحہ ۳۷)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- گفتگو کرنے کے آداب اور اچھے اخلاق کے طور طریقوں سے واقف ہو سکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز (السّلام علیکم/ وعلیکم السّلام/ معاف کیجیے/ جزاک اللہ/ اللہ حافظ)
- تختۂ نرم
- موتیا صفحہ ۳۷

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کی مدد سے الفاظ (السّلام علیکم/ وعلیکم السّلام/ معاف کیجیے/ جزاک اللہ/ اللہ حافظ) کو پڑھوایئے۔ بعد ازاں ان کارڈز کو تختۂ نرم پر لگا دیجیے۔ وقفے وقفے سے ان الفاظ کا اعادہ اور ان کے بارے میں تبادلۂ خیال کرتے رہیے۔
- موتیا صفحہ ۳۷ کھلوا کر طلبہ و طالبات کو تصاویر دیکھنے کی ہدایت دیجیے اور ان تصاویر پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- بعد ازاں طلبہ و طالبات کے گروپ بنا کر ان ہی الفاظ کی مدد سے کمرہ جماعت میں چھوٹے ڈرامے کیجیے اور بعد میں اسمبلی میں بھی پیش کیجیے۔

# لکھیے/ قواعد : تھا ، تھی ، تھے ........... (صفحہ ۳۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے الفاظ پر مبنی جملے خود پڑھ سکیں۔
- جملے خُوش خط نقل کر سکیں۔
- 'تھا، تھی ، تھے' سے واقف ہو کر جملوں میں ان کا استعمال کر سکیں۔

> **قواعد**
>
> **تھا ، تھی ، تھے**
>
> جو کام ہو چکا ہو اس کے لیے تھا، تھی یا تھے استعمال کیا جاتا ہے۔ تھا یا تھی ایک کے لیے اور تھے ایک سے زیادہ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔
>
> علی اور زارا کھانا کھا رہے ___تھے___ دادا جا رہے ___تھے___
>
> گھوڑا بھاگ رہا ___تھا___ زارا سو رہی ___تھی___

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۸

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار


- تختۂ تحریر پر مناسب فاصلے سے صفحے پر موجود جملے خُوش خط لکھ کر پڑھوایئے اور سمجھایئے۔ بعد ازاں طلبہ و طالبات کو بھی مناسب فاصلے سے الفاظ لکھنے کی ہدایت دیجیے۔
- قواعد (تھا، تھی اور تھے) مختلف امثالوں سے سمجھایئے۔ جیسے: 'تھا' مذکّر واحد کے لیے (لڑکا آم کھا رہا تھا) اور 'تھی' مؤنّث واحد کے لیے (لڑکی آم کھا رہی تھی) استعمال ہوتا ہے۔ جبکہ 'تھے' کا استعمال ایک سے زیادہ اور مذکّر بڑوں کے لیے کیا جاتا ہے۔ (بچّے آم کھا رہے تھے/ دادا آم کھا رہے تھے)۔
- موتیا صفحہ ۳۸ کا کام اپنی نگرانی میں بچّوں کو خود کرنے دیجیے۔
- لکھائی کے کام کے بعد حصّۂ قواعد (تھا، تھی ، تھے) کا کام کروایئے۔
- بعد ازاں فلیش کارڈز کی مدد سے نظم 'ہاتھی' کے نئے الفاظ کی بصری پڑھائی کروایئے (پاؤں ، لمبی ، آنکھیں ، دُم ، بچّوں)

# نظم : ہاتھی............(صفحہ ۳۹)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اعضائے جسمانی کے نام پڑھ سکیں۔
- نظم پڑھنے کے طریقے سے آگاہ ہوسکیں۔
- حرکات وسکنات سے نظم پڑھ سکیں۔
- نظم سے لطف اُٹھا سکیں (مزا لے سکیں)۔
- ملتے جلتے الفاظ کی شناخت کرسکیں، جیسے ساتھی - ہاتھی۔
- نظم زبانی یاد کر سکیں۔




## مددگار مواد

- گتے کے ہاتھی کے خاکے کے کٹ آؤٹس
- چارٹ پیپر
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۳۹


## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- نظم تاثرات سے پڑھ کر سُنایئے۔

- بچّوں کے ساتھ مل کر پڑھیے۔ انفرادی پڑھائی کرواتے ہوئے بچّے ہر لفظ کو پہچان کر پڑھیں ۔ یہ تمام نظم صوتی طریقے سے پڑھائے گئے دو، تین اور چار حرفی الفاظ پر مشتمل ہے۔ نئے الفاظ کی پڑھائی دو دن قبل شروع کروائیے۔ اس طرح بچّے ان الفاظ کو بھی پڑھ سکیں گے۔
- نظم پڑھانے کے بعد بچّوں سے نظم میں موجود بھاری آوازوں کے الفاظ پر دائرہ بنوائیے۔
- صفحے کے نیچے دیا گیا مشق کا کام کروائیے۔
- شعر کا مطلب سمجھائیے کہ دو مصرعے/ جملے جو اوپر نیچے لکھے گئے ہیں وہ ایک شعر ہیں۔
- کاپی میں پہلے دو اشعار دُرست طریقے سے خُوش خط لکھوائیے۔

## سرگرمی




- چارٹ پیپر سے کاٹے گئے ہاتھی کے خاکے بچّوں کو دیجیے اور نظم میں سے اپنا (بچّوں کا ) پسندیدہ شعر لکھنے کے لیے کہیے۔
- بچّوں کے بنائے گئے خاکے تختۂ نرم پر' میرا پسندیدہ شعر' کے عنوان کے تحت لگائیے۔
- نظم زبانی یاد کروائیے۔
- اِملا کی تیاری کے لیے الفاظ کی خُوش خطی گھر کے کام میں دیجیے۔

الفاظ : موٹے ، ہاتھ ، چھوٹی ، دُم ، لمبی ، ناک، گول ، آنکھیں ، بڑے ، کان ، ہاتھی ، ساتھی

- اِملا کے بعد خود اصلاحی کروائیے۔ تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ اسی ترتیب سے نمبر لکھ کر لکھیے جس ترتیب سے آپ نے الفاظ کا اِملا لیا تھا، بچّے خود تختۂ تحریر پر لکھے گئے الفاظ سے دیکھ کر اپنے لکھے ہوئے الفاظ پر نیلی پنسل سے ✓ یا × کا نشان لگائیں۔ اور پھر غلط الفاظ کو دُرست کرکے تین تین بار لکھیں۔

# سوالوں کے جواب لکھیے ........... (صفحہ ۴۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سوالوں کے جواب تحریر سکیں۔
- نظم کے مصرعوں کو جملوں کی شکل میں لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- ہاتھی کے خاکے کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۰

## پیریڈ: ۱


## طریقۂ کار

- صفحہ پڑھ کر سنائیے۔ پھر بچّوں سے پڑھوائیے۔ سوالوں کے جوابات زبانی پوچھیے۔ سننے کے بعد دُرستی اور اصلاح کر کے بتائیے۔
- تختۂ تحریر پر سوالات لکھیے اور کس ، کیسے ، کیسی کے نیچے لکیر کھینچیے تا کہ بچّے ان الفاظ کی جگہ جواب کے الفاظ لکھ سکیں۔ انھیں بتائیے کہ آپ کو سوال کے جواب کے لیے سوال ہی نقل کرنا ہے اور صرف کس یا کیسے یا کیسی کی جگہ جواب لکھنا ہے۔

## حل شدہ مشق

س۔ یہ نظم کس کے بارے میں ہے؟
ج۔ یہ نظم ہاتھی کے بارے میں ہے۔
س۔ ہاتھی کے ہاتھ کیسے ہوتے ہیں ؟
ج۔ ہاتھی کے ہاتھ موٹے ہوتے ہیں۔
س۔ ہاتھی کی دُم کیسی ہوتی ہے؟
ج۔ ہاتھی کی دُم چھوٹی ہوتی ہے۔
س۔ ہاتھی کی ناک کیسی ہوتی ہے ؟
ج۔ ہاتھی کی ناک لمبی ہوتی ہے۔
س۔ ہاتھی کی آنکھیں کیسی ہوتی ہیں ؟
ج۔ ہاتھی کی آنکھیں گول ہوتی ہیں۔
س۔ ہاتھی کے کان کیسے ہوتے ہیں؟
ج۔ ہاتھی کے کان بڑے ہوتے ہیں۔

## سوچیے اور لکھیے............(صفحہ ۴۱)




### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
- سوچنے کے ساتھ ساتھ تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال کر سکیں۔

### مددگار مواد

- چارٹ پیپر پر لکھی گئی نظم 'ہاتھی'
- خرگوش کی بڑی تصویر
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۱

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

بچّوں کو دلچسپ انداز میں شوق کا اظہار کرتے ہوئے بتائیے کہ آج ہم خود اپنی نظم بنائیں گے ( بچّوں کا معیار دیکھتے ہوئے نظم لکھوائی بھی جا سکتی ہے)۔

- بتائیے کہ ہم ایسی نظم ' خرگوش ' کے بارے میں لکھیں گے۔ سوچیے خرگوش کیسا ہوتا ہے ؟ بہتر ہوگا کہ آپ خرگوش کی بڑی تصویر لاکر تختۂ تحریر پر لگائیے۔
- تختۂ تحریر پر نظم 'ہاتھی' لکھیے۔ اب بچّوں سے اپنی کُتب کھولنے کے لیے کہیے۔ بچّے پنسل ہاتھ میں لیں اور آپ کے ساتھ نظم کے الفاظ پر ایک لکیر لگا کر نئے الفاظ لکھیں۔

(پوچھیے اس شعر میں کیا تبدیلی کریں؟
بتائیے خرگوش کے ہاتھ اور پاؤں تو
چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں......)

چھوٹے چھوٹے
دو ~~موٹے موٹے~~ ہاتھ
دو ~~موٹے موٹے~~ پاؤں
چھوٹے چھوٹے

پوچھیے کیا اس شعر میں کسی تبدیلی کی ضرورت ہے ؟
نہیں ، کیوں کہ خرگوش کی آنکھیں
چھوٹی اور کان بڑے ہوتے ہیں۔

چھوٹی سی ایک دُم ہے
اور ~~لمبی سی~~ ہے ناک
چھوٹی ہی
دو گول گول سی آنکھیں
دو بڑے بڑے سے کان
بچّوں کا ہے ساتھی
~~نام~~ ہے ~~اس کا~~ ہاتھی
خرگوش یا

## نئ نظم : خرگوش

دو چھوٹے چھوٹے ہاتھ
دو چھوٹے چھوٹے پاؤں

چھوٹی سی ایک دُم ہے
اور چھوٹی ہی ہے ناک

دو گول گول سی آنکھیں
دو بڑے بڑے سے کان

بچّوں کا ہے ساتھی
خرگوش ہے یا ہاتھی



نامکمل کام اگلے دن کروائیے۔

- کتاب کے صفحہ ۴۱ پر تبدیل شدہ الفاظ کے ساتھ نظم نقل کروائیے۔

# تصویر دیکھ کر لفظ بنائیے............(صفحہ ۴۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے نظریات کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔
- تصویر دیکھ کر تین حرفی الفاظ بنا سکیں۔
- 'ا' اور 'و' کے ساتھ مل کر بننے والے بھاری آوازوں پر مشتمل تین حرفی الفاظ کی فہرست بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۲

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- تصویر کی مدد سے دُرست لفظ لکھوائیے۔
- تختۂ تحریر پر طلبہ و طالبات کی اصلاح کیجیے۔
- 'ا' اور 'و' کے ساتھ مل کر بننے والے بھاری آوازوں کے تین حرفی الفاظ کی فہرست کاپی میں بنوائیے۔

## حل شدہ مشق



## کاپی میں کام

صفحے پر دیے گئے تین حرفی الفاظ کی فہرست کاپی میں کالم بنوا کر بنوائیے۔

# اعادہ اور جانچ برائے یونٹ ۲ ............(صفحہ ۴۳)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے نظریات کا اعادہ اور جانچ کا کام کر سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۳
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲۵ (تجویز)

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- صفحہ پر دیے گئے کام کی دُہرائی (اعادہ) کروا کر جانچ لیجیے۔
- طلبہ و طالبات کو یہ کام خود کرنے دیجیے۔ بعد ازاں تختۂ تحریر پر دُرست لکھ کر بچّوں کو اپنا کام خود دیکھنے اور دُرست کرنے کا موقع دیجیے۔
- بچّوں کی جانچ کے نتائج اپنے ریکارڈ میں رکھیے اور جن نظریات میں جو بچّے کمزور ہوں اُنھیں مزید مشق کروائیے۔
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲۵ پر ٹریسنگ اور لکھائی کروائیے۔ (تجویز)


## حل شدہ مشق

### ’ا و ی ے‘ سے ملائیے

| | ا | و | ی | ے |
|---|---|---|---|---|
| بھ | بھا | بھو | بھی | بھے |
| جھ | جھا | جھو | جھی | جھے |
| دھ | دھا | دھو | دھی | دھے |
| کھ | کھا | کھو | کھی | کھے |

## لفظ لکھیے


لفظ لکھیے




ڈھول



جھاگ



ہاتھی



گوبھی

# یونٹ ۳

## یونٹ کے مقاصد

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- قومی نصاب میں دیے گئے عنوانات/موضوعات کے تحت دی گئی نظم و نثر کے سُننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کے مطلوبہ اہداف کا حصول کرسکیں۔ ادب کا لُطف اُٹھاسکیں اور اعتماد کے ساتھ زبانی اور تحریری اظہار کرسکیں۔
- قواعد: علاماتِ وقف (سوالیہ نشان اور ختمہ) کی پہچان اور ان کا استعمال کرسکیں۔
- واحد اور جمع کا نظریہ سمجھ کر'ا' کی جگہ 'ے' لگاکر جمع بنا سکیں۔
- ہے، ہیں اور ہوں کا درست استعمال کرسکیں۔
- بے ترتیب جملے درست ترتیب سے لکھ سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: منتخب ذخیرۂ الفاظ پر مبنی عبارات پڑھ سکیں۔
- گنتی: ایک'ا' سے دس'۱۰' ہندسوں اور الفاظ میں پہچان اور لکھائی کرسکیں۔
- نظم پڑھ کر لُطف اُٹھا سکیں۔
- تفہیم: اچھے شہری بننے کی بنیادی معلومات سے آگاہ ہوسکیں۔
- سوال اور جواب کی پہچان کرسکیں۔ کون، کیا، کب، کیوں، کتنے، کہاں، کیسی اور کیسے نئے ذخیرۂ الفاظ کا اضافہ کرسکیں۔
- حروف، الفاظ اور جملوں کی پہچان کرسکیں اور انھیں الگ لکھ سکیں۔
- نظم نگاری: چند الفاظ کی تبدیلی سے نئی نظم بنانا سیکھ سکیں۔
- نثر نگاری: سوالوں کے جوابات کے ذریعے مختصر عبارت لکھنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد کی تجاویز

نوٹ: اساتذہ اپنے وقت کے لحاظ سے ان کُتب کا مواد اپنی منصوبہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں۔

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم (منتخب صفحات)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم (منتخب صفحات)
- معاون کتاب 'پھُول': یونٹ ۳ صفحہ ۲۴ تا ۳۶

## سرگرمیوں کی تجاویز


- سرگرمی گنتی کے فلیش کارڈز بچّوں کے ہاتھوں میں دے کر کروائیے۔ آپ ہندسہ بولیے اور جس بچّے کے ہاتھ میں اس ہندسے کا کارڈ ہو اتنی ہی بار اُچھلے یا تالی بجائے۔
- واحد جمع کے ادھورے جملے بچّوں کے ہاتھ میں کارڈز پر لکھ کر دیجیے۔ جس میں انھیں 'ہے' یا 'ہیں' لگانا ہو۔

مثال : | یہ گھوڑا | ہے | ہیں | یہ گھوڑے |

☆ بچّوں سے پڑھوائیے اور خانوں میں رنگ بھروائیے۔



| کیا | کیوں | کون | کہاں | کِتنے | کَیسی |
|---|---|---|---|---|---|

| پھول | تتلی | مچھلی | پنسل | سُورج | چاند |
|---|---|---|---|---|---|

## سرگرمی کی ہدایت

- صفحے کے نچلی جانب دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈز بنا لیجیے اور تختۂ نرم پر لگا کر طلبہ و طالبات سے ان کی پڑھائی کرواتے رہیے۔ طلبہ و طالبات ان الفاظ کے بار بار نظر سے گزرنے اور معلّم/معلّمہ کے پڑھانے سے انھیں خود پڑھنے پر قادر ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ
- صفحے کے الفاظ پڑھوانے کے بعد ان کے خانوں میں طلبہ و طالبات سے اُن کی مرضی کے ہلکے رنگ بھروانے کا کام کروائیے۔ اس دوران وہ لفظ پڑھتے بھی رہیں۔

تختۂ نرم کی تجاویز:

رنگین چارٹ پیپر کے کٹ آؤٹ

یونٹ ۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سوال
س یہ کیا ہے ؟

جواب
ج یہ چابی ہے ۔

| حرف | لفظ | جملہ |
|---|---|---|
| ب | بابا | بابا کو پانی دو۔ |
| گھ | گھوڑا | یہ کالا گھوڑا ہے۔ |

**ذخیرۂ الفاظ**

| | | |
|---|---|---|
| مجھے | میرا | میری |
| میرے | ہے | ہیں |
| کیسی | کیسے | کتنی |
| کتنے | کون | کس |



پھول



تتلی



مچھلی

**اللہ**

کِس نے بنایا پھُولوں کو ، پھُولوں کو
اللہ نے بنایا پھُولوں کو ، پھُولوں کو

کِس نے بنایا تِتلی کو ، تِتلی کو
اللہ نے بنایا تِتلی کو ، تِتلی کو

کِس نے بنایا مچھلی کو ، مچھلی کو
اللہ نے بنایا مچھلی کو ، مچھلی کو

کِس نے بنایا ہم سَب کو ، ہم سَب کو
اللہ نے بنایا ہم سَب کو ، ہم سَب کو



**خرگوش**

- یہ کیا ہے؟ — یہ خرگوش ہے۔
- اِس کے کان کیسے ہیں ؟ — اِس کے کان بڑے ہیں۔
- اِس کا رنگ کیسا ہے؟ — اِس کا رنگ سفید ہے۔
- اِس کے بال کیسے ہیں ؟ — اِس کے بال نرم ہیں۔
- اِس کی آنکھیں کیسی ہیں ؟ — اِس کی آنکھیں لال ہیں۔
- اِس کی دُم کیسی ہے؟ — اِس کی دُم چھوٹی ہے۔

**گنتی**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ایک | ۲ | دو |
| ۳ | تین | ۴ | چار |
| ۵ | پانچ | ۶ | چھ |
| ۷ | سات | ۸ | آٹھ |
| ۹ | نو | ۱۰ | دس |



یہ باغ صاف ہے



باغ ہے ، صاف یہ

رنگین چارٹ پیپر کے کٹ آؤٹ

بچّوں کی بنائی گئی نظمیں اور پیرا گراف



OXFORD UNIVERSITY PRESS

# میں زارا ہوں ...........( صفحہ ۴۵ تا ۴۶ )

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- تصویروں کے نیچے دیے گئے جملے پڑھ سکیں۔
- صفائی کی اہمیت سے آگاہ ہوسکیں۔
- جملہ پڑھ کر ✓ یا ✗ کا نشان لگا سکیں۔
- 'ہے ، ہیں ، ہوں' کا جملوں میں استعمال کرسکیں۔

## مددگار مواد

- نئے الفاظ کے فلیش کارڈز (مُنھ ، کپڑے ، پہن ، کر ، اسکُول ، صفائی ، خیال)
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۵ تا ۴۶

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز کی مدد سے نئے الفاظ پڑھوایئے۔ بعدازاں تصویروں کے نیچے دیے گئے جملے پڑھوایئے۔
- بچّوں کو تصویروں پر غور کرنے دیجیے اور پھر صفائی سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے صفائی کی اہمیت واضح کیجیے۔
- جملے کے آگے ✓ یا ✗ کا نشان طلبہ و طالبات کو خود لگانے دیجیے۔ (اگر ضرورت ہو تو بچّوں کو ✓ اور ✗ کا نشان لگانے کی مشق الگ کاغذ پر کروایئے)
- قواعد میں 'ہے ، ہیں ، ہوں' مثالوں کی مدد سے سمجھایئے۔ مشقیں طلبہ و طالبات کو خود کرنے دیجیے۔

  وضاحت کے لیے درج ذیل مثالیں دیجیے۔

  مثال : ہے وہ کتاب پڑھ رہا ہے۔

  ہیں بچّے اسکول جا رہے ہیں۔

  ہوں میں کھانا پکا رہی ہوں۔

  کچھ مثالیں بچّوں سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔
- کھیل کھیلیے: جملے بول کر سُنایئے۔ ہدایت دیجیے کہ اگر جملے کے آخر میں 'ہے' آئے گا تو آپ سیدھا ہاتھ ہوا میں اُٹھائیں گے اور اگر 'ہیں' آئے گا تو اُلٹا ہاتھ ہوا میں اُٹھائیں گے۔ 'ہوں' آنا ہو گا تو دونوں ہاتھ اُٹھا دیں گے۔
- بہتر ہو گا کہ آپ بولنے کے ساتھ ہے ، ہیں ، ہوں کے فلیش کارڈز بھی باری باری دِکھا کر یہ کھیل کھلائیں۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے

- نئے الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھیے اور طلبہ و طالبات سے پڑھوائیے۔ بعدازاں موتیا صفحہ ۴۵ کے جملے بھی طلبہ و طالبات سے پڑھوائیے۔

## نشان لگائیے

نوٹ : یہ کام طلبہ و طالبات کو خود کرنے دیجیے۔

## قواعد

| | | | |
|---|---|---|---|
| بلّی بھاگ رہی | ہے | میں اسکول جا رہی | ہوں |
| ابّو بیٹھے | ہیں | بارش ہو رہی | ہے |
| زارا صفائی کر رہی | ہے | علی کھانا کھا رہا | ہے |
| میں پانی پی رہی | ہوں | گھوڑے دوڑ رہے | ہیں |

## دوست ........... (صفحہ ۴۷ تا ۴۸)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۷ تا ۴۸
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲۶ (تجویز)
- معاون کتاب 'پُھول' کہانی 'دوست' صفحہ ۲۹ (تجویز)

### پیریڈز : ۴

### طریقۂ کار

- بچّوں سے ان کے دوستوں کے بارے میں پوچھیے ، آپ ان کے ساتھ کون سے کھیل کھیلتے ہیں۔
  اس سے قبل پڑھائے جانے والے فلیش کارڈز سبق پڑھنے میں آسانی پیدا کریں گے۔
- خود پڑھ کر سُنائیے۔ بچّے عبارت پر نظر رکھیں۔ بعد ازاں باری باری بچّوں سے پڑھوائیے۔

- صفحہ ۴۸ پر لکھے گئے سوالات زبانی پوچھیے۔ وضاحت کے لیے مزید سوالات کیجیے۔ مثلاً :
  س : زارا اور سارا خُوش کیوں ہیں؟ / علی اور شان خُوش کیوں ہیں ؟
  ج : ساتھ مل کر کھیلنے اور کام کرنے سے دلی خُوشی ہوتی ہے ، مزا آتا ہے۔
  س: آپ کے خیال میں مانو کیوں ناراض بیٹھی ہے؟
  ج : شاید وہ اس لیے ناراض ہے کیونکہ کوئی بھی اسے اپنے ساتھ نہیں کھلا رہا۔
  شاید ؟...... (بچّوں سے پوچھیے کیا اور کوئی وجہ بھی ہوسکتی ہے۔)
  س : کیا آپ کا کوئی پالتو جانور ہے؟ کیا آپ اس کے ساتھ کھیلتے ہیں؟
  (اکثر بچّے ، بلّی کے بچّوں کے ساتھ کھیلتے ہیں......)
- بچّوں سے ان کے پسندیدہ پالتو جانور کے بارے میں چند جملے لکھنے کے لیے کہیے۔
- صفحہ ۴۸ کے سوالات اور جوابات پڑھوا کر کام کروایئے۔
- صفحے پر دیے گئے خانے میں بچّے اپنے / اپنی دوست کی تصویر بنائیں۔
- بچّے اپنے دوستوں کی کاپیوں پر لکھے ناموں کی مدد سے تصویر کے ساتھ نام بھی لکھ سکتے ہیں۔
- سوالات اور جوابات کا کام کاپی میں بھی کروایئے۔

# اچھّی عادت............(صفحہ ۴۹)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اچھی عادتوں سے واقف ہوسکیں۔
- جملہ پڑھ کر دُرست کاموں پر ✓ اور غلط کاموں پر × کا نشان لگا سکیں۔




## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۹

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے موتیا صفحہ ۴۹ پر دی گئی تصاویر پر تبادلۂ خیال کیجیے۔ پوچھیے کون سا کام اچھا اور کون سا کام بُرا ہو رہا ہے۔
- ✓ اور × کے نشانات بنانے کی مشق کے بعد صفحے کا کام طلبہ و طالبات کو خود کرنے دیجیے۔
- بعد ازاں تختۂ تحریر پر تصاویر کے نمبر لکھ کر خود دُرست نشانات بنا دیجیے۔ بچّوں سے اُن کے کام کی خود اصلاحی کروایئے۔

# حُروف ، الفاظ اور جُملے کی پہچان............(صفحہ ۵۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- حروف ، الفاظ اور جملے کی پہچان کرسکیں۔
- حرف سے لفظ اور لفظ سے جملہ بننے سے متعلق جان سکیں۔

## مددگار مواد

- حروف/ الفاظ/ جملوں کے فلیش کارڈز/ پٹّیاں (strips)
- حروفِ تہجّی کا چارٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۰

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- حروفِ تہجّی کے چارٹ کی مدد سے طلبہ و طالبات کو حروف سمجھایئے۔ پھر ان حروف کی مدد سے الفاظ بنایئے۔ ان الفاظ کی مدد سے جملہ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھایئے۔
- حروف ، الفاظ کے فلیش کارڈز اور جملوں کی پٹیاں پھر بچّوں کے ہاتھوں میں دیجیے۔ کہیے جن بچّوں کے ہاتھ میں حروف ہیں وہ اپنے کارڈ دکھائیں، ان بچّوں کو بلا کر ایک جانب کھڑا کیجیے۔ پھر جن کے ہاتھ میں الفاظ ہیں انھیں بلایئے اور جن کے ہاتھ میں جملے ہیں انھیں بلایئے۔ تین الگ گروپوں میں جماعت میں کھڑا کیجیے۔ اب ہدایت دیجیے کہ جو حرف بولا جائے وہ حرف رکھنے والا بچّہ اُچھل کر سامنے آئے گا۔ اسی طرح الفاظ اور جملوں کی ہدایت دیجیے۔ اس طرح آپ بچّوں کی حروف کی پہچان اور الفاظ اور جملے پڑھنے کی جانچ بھی کرسکیں گے۔
- تختۂ تحریر پر کالم بنا کر حروف، الفاظ اور جملوں کی دو دو مثالیں دیجیے۔

مثال :

| حُروف | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| پ | پانی | طوطے کو پانی دو۔ |
| ج | جالا | وہ جالا کالا ہے۔ |
| د | دادا | یہ دادا جان کی لاٹھی ہے۔ |
| س | سارا | مانو نے سارا کھانا کھایا۔ |

- بعد ازاں صفحے کا کام تختۂ تحریر پر ہوبہونقل کر کے کام کا طریقہ سمجھایئے۔ کام کے دوران نگرانی کرتے ہوئے بچّوں کی مدد کیجیے۔

- صفحے کے نیچے لکھا گیا کام اسی طریقے سے کالم بنا کر کاپی میں کروائیے۔ کاپی کے صفحے پر جگہ کم ہونے کی صورت میں حاشیے کو حروف لکھنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## حل شدہ مشق

حروف ، الفاظ اور جملے چُن کر ان کے خانوں میں لکھوائیے۔

| حروف | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| پ | پانی | طوطے کو پانی دو۔ |
| ص | صاف | یہ باغ صاف ہے۔ |
| گھ | گھوڑے | گھوڑے کو کھانا دے دو۔ |
| ک | کان | مانو کے کان لال ہیں۔ |

## کاپی میں کام

ان حروف کے الفاظ اور جملے کالم بنا کر لکھوائیے۔

| حروف | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ب | بلّی | میری بلّی سو رہی ہے۔ |
| ج | جاگ | طوطا جاگ رہا ہے۔ |
| س | سات | یہ سات گھوڑے ہیں۔ |
| تھ | تھی | زارا جا رہی تھی۔ |

# ملائیے اور لکھیے/ درست جُملے لکھیے............(صفحہ ۵۱)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- با معنی جملے پہچان سکیں اور بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۱

### پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر صفحہ ہوبہو لکھیے اور پھر طلبہ و طالبات سے پڑھوائیے۔ ایک مثال پوچھ کر ملائیے اور سامنے دی گئی خالی جگہ میں لکھیے۔ باقی تین جملے بچّوں کو خود لکھنے دیجیے۔ پہلے تختۂ تحریر پر زبانی ملوا لینے سے بچّوں کے لکھنے کا کام آسان ہوجائے گا۔
- صفحے کے نیچے دیے گئے جملے کاپی میں بنوائیے۔ بچّوں کے معیار کو دیکھتے ہوئے حکمتِ عملی اختیار کیجیے۔ ابھی بچّوں کو مشکل درپیش ہے تو تختۂ تحریر پر الفاظ لکھیے اور زبانی جملے بنوائیے۔ ایسے جملے جو بچّوں کے سیکھے گئے الفاظ پر ہی مبنی ہوں بچّوں سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر دُرست اور واضح لکھیے۔ انھیں پڑھوانے کے بعد بچّوں سے کاپی میں نقل کروائیے۔
- جملوں کی مشق کا یہ صفحہ دلچسپ ہو جائے گا۔ اگر آپ چارٹ پیپر کے چھوٹے کٹ آؤٹس پر خوش اور اُداس چہرہ بنا لیں اور تختۂ تحریر پر مثال کے جملوں کے سامنے ماسکنگ ٹیپ یا نیلے ٹیگ سے چپکائیں۔ وضاحت کے بعد کام کروائیے اور جملوں کے سامنے بنے خانوں میں بچّوں سے یہی چہرے بنوا لیجیے۔
- کاپی میں جملے بنانے کا کام کروائیے۔ بچّوں سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے تاکہ بچّے نقل کریں۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے اور لکھیے

۱۔ ہاتھی کی دُم چھوٹی ہے۔
۲۔ زارا کے پاس ایک گُڑیا ہے۔
۳۔ علی کا طوطا کہاں ہے؟
۴۔ مانو کیا سوچ رہی ہے؟

### دُرست جملے لکھیے

| | |
|---|---|
| دو۔ کاٹ یہ گوبھی<br>یہ گوبھی کاٹ دو۔ | کھانا دے دو۔ گھوڑے کو<br>گھوڑے کو کھانا دے دو۔ |
| گاڑی ہری ہے۔ میری<br>میری گاڑی ہری ہے۔ | کالی ہے۔ میری پنسل<br>میری پنسل کالی ہے۔ |

# کاپی میں کام

## جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| طوطا | طوطا بول رہا ہے۔ |
| چھوٹا | میرا چھوٹا سا کام کرو۔ |
| گُڑیا | میرے پاس گُڑیا ہے۔ |
| ہاتھی | ہاتھی کی ناک لمبی ہوتی ہے۔ |
| کھانا | زارا کھانا کھا رہی تھی۔ |
| گھوڑا | یہ کالا گھوڑا ہے۔ |
| خوش | مانو خوش ہے۔ |
| ہری | یہ گھاس ہری ہے۔ |

# نظم : ہمارا چمن..........(صفحہ ۵۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- نظم لے اور خُوش الحانی سے دُہرا سکیں۔
- وطن عزیز کی خوبصورتی سے آگاہ ہوسکیں۔
- الفاظ خُوش خط تحریر کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۲
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲۴ (تجویز)

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- خُوش الحانی اور لے سے نظم پڑھیے اور بچّوں سے دُہرانے کے لیے کہیے۔ (نئے الفاظ زیادہ ہونے کی وجہ سے بچّوں سے نظم خود پڑھنے کی توقع نہ رکھیے)

- قومی پرچم میں رنگ بھروایئے۔
- خُوش خطی کے الفاظ تختۂ تحریر پر دُرست بناوٹ کے ساتھ لکھیے اور پھر طلبہ و طالبات سے لکھوایئے۔

تجویز: مزید مشق کے لیے اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۲۴ ملاحظہ کیجیے۔

# لکھیے اور تصویر بنایئے ...........(صفحہ ۵۳)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ا سے ۱۰ تک ہندسوں اور الفاظ میں گنتی پڑھ اور لکھ سکیں۔

## مدد گار مواد

- تختۂ تحریر
- جماعت میں موجود اشیا
- موتیا صفحہ ۵۳

## پیریڈز: ۳

## طریقۂ کار

- فلیش کارڈز اور تختۂ نرم سے روزانہ پڑھائی کی وجہ سے بچّے گنتی جلد سیکھ جاتے ہیں، ضروری ہے کہ وہ ہندسوں اور الفاظ کی قدر (value) بھی پہچانیں۔ اس کے لیے جماعت کی اشیا سے مدد لیجیے، مثلاً: یہ کتنی کرسیاں ہیں؟ (پانچ کرسیاں الگ کر کے دکھایئے) یہ کتنی پنسلیں ہیں؟ (دس پنسلیں دکھایئے) جماعت میں کتنی کھڑکیاں ہیں؟ وغیرہ۔
- اسی طرح کی سرگرمی گنتی کے فلیش کارڈز بچّوں کے ہاتھوں میں دے کر کروایئے۔ آپ ہندسہ بولیے اور جس بچّے کے ہاتھ میں اس ہندسے کا کارڈ ہو اتنی ہی بار اُچھلے یا تالی بجائے۔
- موتیا صفحہ ۵۳ میں لکھائی کرواتے ہوئے خیال رکھیے کہ بچّے دُرست طریقے سے ہندسے اور الفاظ لکھ رہے ہوں۔ اس مقصد کے لیے ہندسوں کے شروع میں نقاط دیے گئے ہیں۔




یاد رکھیے اُردو گنتی میں صفر گول نہیں بلکہ نقطے کی شکل میں لگایا جاتا ہے۔

- کاپی میں بھی یہی کام کالم بنوا کر کروایئے۔

## سرگرمی

- گنتی کا کِتابچہ یا concertina book بھی بنائی جا سکتی ہے۔ گتّے کی پٹّیاں کاٹ کر بچّوں کو دیجیے۔

- ایک جانب ۱ ، ۲ ، ۳ ، ۴ ، ۵ لکھوائیے ، دوسری جانب ۶ ، ۷ ، ۸ ، ۹ ، ۱۰ لکھوائیے اور بچّوں سے ہندسوں کے مطابق اُن کی مرضی کی تصویریں بنوائیے۔




## لکھیے اور نشانات لگائیے ............(صفحہ ۵۴)


### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- علامتِ وقف سوالیہ نشان اور ختمہ کا استعمال کر سکیں۔

### مدد گار مواد

- سوالیہ نشان (؟) اور ختمہ (۔) کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۴



### پیریڈز: ۲

### طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر پورا صفحہ بنا کر کام کا طریقہ بتائیے۔
- دو تین مثالیں لکھ کر ان کے سامنے علامت کا کٹ آؤٹ دکھائیے۔ مثلاً : وہ کون ہے ......؟ وہ زارا ہے ......۔
- صفحہ ۵۴ پر دی گئی مشق میں سوالیہ جملوں سے پہلے 'س' اور جواب سے پہلے 'ج' لکھوائیے۔
- جملوں کے آگے دُرست علامت طلبہ و طالبات کو خود لگانے دیجیے۔
- طلبہ و طالبات کا کام چیک کرتے ہوئے جماعت میں ہی اصلاح کروائیے۔
- کاپی میں کام میں طلبہ و طالبات کی مدد کیجیے۔

## قواعد : واحد جمع ...........( صفحہ ۵۵ تا ۵۶)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- 'واحد کی جمع' اور 'جمع کا واحد' بتا سکیں اور لکھ سکیں۔
- واحد یا جمع بناتے وقت جملوں میں ہونے والی تبدیلی سے واقف ہو سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- جماعت میں موجود اشیا
- موتیا صفحہ ۵۵ تا ۵٦

## پیریڈز: ۳

قواعد

واحد جمع

ایک چیز کو واحد کہتے ہیں۔ ایک سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔

| واحد | | جمع | |
|---|---|---|---|
|  | باجا | باجے |  |
|  | تارا | |  |

## طریقۂ کار

- آمادگی: جماعت کی مختلف چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ مثلاً پنسل دکھائیے اور پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ (بچّے جواب دیں گے ، یہ پنسل ہے)۔ اب دو پنسلیں دکھائیے اور پوچھیے ، یہ کیا ہے؟ (بچّے جواب دیں گے، یہ دو پنسلیں ہیں۔)
- وضاحت: 'واحد جمع' کے بارے میں بتائیے۔ موتیا میں لکھی گئی تعریف پڑھیے اور مزید مثالیں دیجیے۔ تختۂ تحریر پر لکھیے اور بچّوں کی توجہ الفاظ کی تبدیلی کی طرف دلائیے۔ بتائیے کہ نہ صرف چیزوں کے نام بدل جاتے ہیں بلکہ 'ہے' سے 'ہیں' کی تبدیلی بھی ہوتی ہے۔
- واضح طور پر بول کر اور تختۂ تحریر پر لکھ کر 'ہے' اور 'ہیں' کا فرق سمجھائیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر الفاظ اور ان کی جمع لکھوائیے۔

## حل شدہ مشق

### واحد جمع

| واحد | جمع |
|---|---|
| باجا | باجے |
| تارا | تارے |
| موزا | موزے |
| جالا | جالے |

### سوالوں کے جواب لکھیے

| | |
|---|---|
| یہ ایک پنسل ہے۔ | یہ چھ ہاتھی ہیں۔ |
| یہ دو موزے ہیں۔ | یہ سات تالے ہیں۔ |
| یہ تین مُرغے ہیں۔ | یہ آٹھ طوطے ہیں۔ |
| یہ چار گھوڑے ہیں۔ | یہ نو جالے ہیں۔ |
| یہ پانچ باجے ہیں۔ | یہ دس تارے ہیں۔ |

- واحد اور جمع الفاظ کے ساتھ گنتی کے الفاظ استعمال کر کے جملے بنایئے۔
مثلاً: یہ ایک جوڑا ہے۔ یہ تین جوڑے ہیں۔
- اگلے صفحے کے کام کی تیاری کے سلسلے میں گھر کے کام میں یہ الفاظ خُوش خط لکھ کر یاد کرنے کے لیے دیجیے۔ موزے ، مُرغے ، گھوڑے ، باجے ، ہاتھی ، تالے ، طوطے ، جالے ، تارے۔
- تختۂ تحریر پر صفحہ ۵۶ پر دی گئی تصاویر کے نام لکھ کر پوچھیے کہ یہ کیا لکھا ہے؟ ان تمام الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔ جو ایک دن قبل گھر کے کام میں بھی دیے جا چکے تھے۔
- صفحہ ۵۶ کی پہلی مثال پڑھوایئے اور اگلی خالی جگہوں کے بارے میں پوچھیے کہ یہاں کیا لکھا جائے گا۔ ایک دو جملے بچّوں سے پوچھ کر خود لکھ دیجیے۔ بچّوں کے کام کی نگرانی کرتے وقت الفاظ کی دُرست بناوٹ کا خیال رکھیے۔ اسی طرح توجہ رکھیے کہ بچّے تصاویر دُرست گن رہے ہوں۔
- یہی کام کاپی میں بھی کروایئے۔

## لکھیے

۱۔ وہ علی کے موزے ہیں۔
۲۔ میری ٹوپی پر تارا ہے۔
۳۔ ابّو کے پاس تالے ہیں۔
۴۔ یہ میرے باجے ہیں۔
۵۔ وہ دو طوطے ہیں۔
۶۔ وہ ایک مُرغا ہے۔

## کاپی میں کام

| الفاظ/ واحد | جمع |
|---|---|
| جوڑا | جوڑے |
| لوٹا | لوٹے |
| مُرغا | مُرغے |
| بکرا | بکرے |

# اچھّے شہری ............(صفحہ ۵۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- دیے گئے جملے پڑھ کر دُرست کاموں پر ✓ اور غلط کاموں پر × کا نشان لگاسکیں۔
- اچھّے شہری بننے کے طریقے سے واقف ہوسکیں۔




## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۷
- معان کتاب 'پھول' نظم 'مانو چلی بازار' صفحہ ۲۷ (تجویز)


## پیریڈ: ۱

## طریقۂ کار


- طلبہ و طالبات کو تمام تصاویر بغور دیکھنے کا موقع دیجیے۔ پھر سوال کیجیے کہ تصویر میں کیا نظر آ رہا ہے؟ کون کیا کر رہا ہے؟
  (دو دو تصویروں کے جوڑوں کے بارے میں باری باری بات کیجیے) کون سا کام صحیح اور کون سا غلط ہو رہا ہے؟
  پہلی دو تصاویر: کیا ہری بتّی پر سڑک پار کرنی چاہیے؟
  دوسری دو تصاویر: کیا کھیل میں لڑنا چاہیے؟
  تیسری دو تصاویر: کیا قطار بنانی چاہیے؟
- سادے کاغذوں پر بچّوں سے ✓ اور ✗ کے نشانات بنانے کی مشق کروانے کے بعد کتاب کے دائروں میں یہ نشانات لگوایئے۔
  حسبِ ضرورت ان کی مدد کیجیے۔
- طلبہ و طالبات کو دُرست کاموں پر ✓ اور غلط کاموں پر ✗ کا نشان خود لگانے دیجیے۔

تجویز: معاون کتاب 'پھول' نظم 'مانو چلی بازار' صفحہ ۲۷ کی بلند خوانی کروایئے۔ نظم سے متعلق زبانی سوال جواب بھی کیجیے۔

## حل شدہ تفہیم



# نظم : اللہ............( صفحہ ۵۸ تا ۵۹)




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اللہ تعالیٰ کی خلّاقی کی صفت سے آ گاہ ہو سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔
- صنف سخن 'نظم' کی چاشنی اور مزے سے آ گاہ ہو سکیں۔
- نظم خود تخلیق کرنے کے لیے تیار ہو سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۵۸ تا ۵۹

## پیریڈز : ۴

**سوچیے اور لکھیے**

نظم 'اللہ' میں اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام بدل کر اپنی نظم بنایئے۔

| | |
|---|---|
|  سُورج | کِس نے بنایا سورج کو ، سورج کو ، |
| | اللہ نے بنایا سورج کو ، سورج کو ، |

## طریقۂ کار

- زبانی سوالات کیجیے مثلاً :
  کس کس کو نظمیں اچھی لگتی ہیں؟
  آپ کو کون کون سی نظمیں زبانی یاد ہیں؟
  ایک دو بچّوں سے سُن بھی لیجیے ( جو سُنانا چاہیں)
- بتایئے کہ ہم آج نظم 'اللہ' پڑھیں گے۔ کتابیں کھلوا کر نظم پہلے تحت اللفظ سے پڑھ کر سُنایئے اور پھر حرکات و سکنات و ترنم سے پڑھیے اور پڑھوایئے۔
- نظم کاپی میں نقل کروایئے۔

## زبانی سوالات

- اس نظم میں کس کا ذکر ہے ؟
- پھولوں ، تتلی ، مچھلی اور ہم سب کو کس نے بنایا ہے؟
- آپ کو اس صفحے پر کون سی تصویر اچھی لگی ہے؟
- اللہ نے اور کیا کیا بنایا ہے؟
- چارٹ پیپر کے چوکور ٹکڑوں پر بچّوں کے بتائے ہوئے جواب تختۂ تحریر پر لکھ دیجیے۔

مثلاً پہاڑ ، بادل ، امّی ، ابّو ، سورج ، چاند ، پرندے ........... لکھنے کے بعد ان الفاظ کو پڑھوایئے۔

- چارٹ پیپر کے ٹکڑوں پر لکھے گئے الفاظ تختۂ نرم پر لگا دیجیے۔
- بچّوں کے بتائے ہوئے الفاظ پڑھوائیے جو چارٹ پیپر کے ٹکڑوں پر لکھ کر تختۂ نرم پر لگائے گئے تھے۔
- نظم کو کاپی میں نقل کروائیے۔ خُوش خط لکھائی پر توجہ رکھیے۔ ایک مصرع کے نیچے دوسرا مصرع لکھنا سکھائیے۔ تصاویر بھی بنوائیے۔

## نظم نگاری (سوچیے اور لکھیے)

- تختۂ نرم پر لگائے گئے اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں کے نام پڑھوائیے۔
- نظم کے بارے میں گفتگو کیجیے کہ ہم بھی اسی طرح اپنی نظم بنا سکتے ہیں اس کے الفاظ تبدیل کرنے ہوں گے۔ موتیا کے صفحے پر دیا ہوا نمونہ بچّوں سے پڑھوا کر اس طرح کام کروائیے۔
- بچّوں کی نظمیں الگ کاغذ یا چارٹ پیپر پر لکھوا کر ان کے نام نیچے لکھوائیے اور تختۂ نرم یا جماعت کے باہر نمائش کیجیے۔

# خرگوش............(صفحہ ۶۰)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سوالوں کی مدد سے دیے گئے عنوان کے بارے میں چند جملے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۶۰

## پیریڈز: ۴

## طریقۂ کار

- بچّے جماعت اوّل میں حروف سے الفاظ اور الفاظ سے جملے لکھنے کا سفر طے کرتے ہیں۔ اس کے لیے مناسب حکمت عملی اختیار کرنا ضروری ہے۔ الفاظ سکھانے کے بعد اچانک جملے بنانے کا کام دے دینے سے بچّے ناکام ہوتے ہیں اور مایوسی کی وجہ سے اُردو سے رغبت ختم کر دیتے ہیں۔ سیکھنا خُوشگوار عمل ہونا چاہیے اور چھوٹی چھوٹی آسان کامیابیوں سے حوصلے کا بڑھتے رہنا ضروری ہے۔
- یہ صفحہ آسان سے مشکل کی طرف لے جانے کا ایک قدم ہے۔ اب تک بچّے کچھ جملے بنانا سیکھ چکے ہیں اب ایک موضوع پر چند جملے لکھنا سکھائے جا رہے ہیں۔ مثال کے جملے پڑھیے اور پڑھوائیے۔ یہ سوالات دراصل سوچ کو منظم اور جملوں کو مربوط کرنے کے لیے ہیں ان کے جوابات دینا انھیں پیراگراف لکھنے کے لیے تیار کرے گا۔
- صفحے کے نیچے دی گئی جگہ ، بلّی کے بارے میں جملے لکھنے کے لیے ہے۔ یہاں اوپر دیے گئے سوالات کے صرف جوابات لکھوائیے۔ چھ سوالات کے جوابات چھ سطور میں الگ الگ ہی لکھوائیے۔ بچّے جوابات کے لیے کچھ الفاظ پوچھیں گے وہ تختۂ تحریر پر لکھ دیجیے مثلاً بلّی کے مختلف رنگ ...... آنکھوں کے رنگ ، دُم لمبی۔ بچّوں کے پوچھے گئے الفاظ تختۂ تحریر پر ایک جانب نمبر ڈال کر لکھ دیجیے۔

- موتیا کے صفحے پر کام کے بعد چیک کیجیے۔ اغلاط کی دُرستی غلط لفظ کے نیچے نشان لگا کر الگ دُرست لفظ لکھ کر کیجیے۔
- یہی کام کاپی میں 'بلّی' کے عنوان کے تحت خُوش خط نقل کروائیے۔ بچّے تصویر بھی بنائیں۔بچّوں سے بنوائی گئی تصاویر کی نمائش کلاس میں کیجیے۔

## اعادہ اور جانچ برائے یونٹ ۳ ........... (صفحہ ۶۱)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- یونٹ میں سکھائے گئے نظریات کی جانچ کا کام خود کرسکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۶۱

### پیریڈز: ۴

### طریقۂ کار

- آمادگی : ایک یا دو مثالوں سے تختۂ تحریر پر حروف ، الفاظ اور جملوں کا اعادہ کروائیے۔
- صفحے پر کام کروائیے۔ یہی کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- بچّوں کے کاموں کی اس جانچ کے نتائج اپنے ریکارڈ میں لکھ لیجیے۔
- بچّوں پر انفرادی توجہ دے کر کمزوریاں دُور کروائیے۔

# میقات/ میعاد کا اعادہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اپنے کاموں کا جائزہ لے سکیں۔
- تجزیے اور مشاہدے کی صلاحیت پیدا کر سکیں۔

## مددگار مواد

- تمام جماعت اور گھر کے کام کا جائزہ لینے کے لیے کتاب اور بچّوں کی کاپیاں۔

## پیریڈ : ۱

## طریقہ کار

طلبہ و طالبات سے پوچھیے :

- اس میقات/ میعاد میں آپ نے کیا سیکھا؟ خاص خاص کام لکھیے۔
- کون سا کام بہت اچھا لگا اور کیوں؟
- کون سے کام میں آپ کو ابھی محنت کی ضرورت ہے (خوش خط لکھائی/ روانی سے پڑھائی/ جملے بنانا/ پیراگراف...)
- میقات/ میعاد کے اختتام پر ''کُتب میلہ'' کمرۂ جماعت میں منعقد کروایئے جس میں بچّے اپنی اپنی کہانیوں کی کتابیں لا کر رکھیں۔ اس طرح تمام بچّوں کو ایک دوسرے کی کتابیں بھی دیکھنے اور پڑھنے کا موقع ملے گا اور اضافی کتابیں جمع کرنے اور پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہو گا۔

# یونٹ ۴

## یونٹ کے مقاصد

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- قومی نصاب میں دیے گئے عنوانات/موضوعات کے تحت دی گئی نظم و نثر کے سُننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کے مطلوبہ اہداف کا حصول کرسکیں۔ ادب کا لُطف اُٹھاسکیں اور اعتماد کے ساتھ زبانی اور تحریری اظہار کرسکیں۔
- قواعد: مذکّر اور مؤنّث کی اصطلاح سے متعارف ہوکر اُن کی پہچان کرسکیں۔
- 'د ڈ ذ' کی اشکال کی تبدیلی جان کر درست لکھنا سیکھ سکیں۔
- علامتِ مَد (~) اور علامتِ ہمزہ (ء) کی پہچان اور استعمال کرسکیں۔
- اعراب 'زیر (ِ)، زبر (َ)، پیش (ُ)' کی پہچان اور اُن کا استعمال کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: سبزیوں کے نام پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔
- صوتیات: ثانوی مصوّتہ (و) کی پہچان کرکے جملوں میں استعمال کرسکیں۔
- دوحرفی، سہ حرفی اور چہار حرفی الفاظ سازی اور جملہ سازی کرسکیں۔
- تفہیم: محرّرہ نشانات کی خواندگی کرسکیں۔
- وطن سے محبّت اور اُس کا اظہار کرنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد کی تجاویز


نوٹ: اساتذہ اپنے وقت کے لحاظ سے ان کُتب کا مواد اپنی منصوبہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں۔

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم (منتخب صفحات)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم (منتخب صفحات)
- معاون کتاب 'پُھول': یونٹ ۴ صفحہ ۴۷ تا ۵۳

## سرگرمیوں کی تجاویز

- cocertina book بنوایئے۔
- کِتابچہ بنوایئے۔
- اسمبلی میں ڈرامے کی پیشکش کیجیے۔

☆ نقطے ملوایئے اور رنگ بھروایئے۔



تختۂ نرم کی تجاویز:

یونٹ ۴


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**ذخیرۂ الفاظ**

ہے ہیں تھا تھے


میرا میری میرے


ہم تم ہمارے


| ـے | ـع | ـَ | ـِ | ـُ |
|---|---|---|---|---|
| آم  | بھائی  | گَھر ، ڈَر | گِر ، جِن | پُل ، چُپ |

ڑ ڑ ڑ

بد جد سد صد فد مد




## مَد ؎ ............ (صفحہ ۶۳)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- مَد ؎ کی پہچان کرسکیں اور اس کی وجہ سے الف کی آواز میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائیگی کرسکیں۔

### مددگار مواد




- 'ا' اور ؎ کے کٹ آؤٹس
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۶۳
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۳۰ (تجویز)


### پیریڈز : ۴

### طریقۂ کار

- 'ا' کی آواز کا اعادہ کروایئے۔ الفاظ کے شروع میں آنے والی مختصر آواز اور درمیانی اور آخر میں آنے والی قدرے لمبی آواز کی وضاحت مثالوں سے کیجیے۔مثلاً:

ا (شروع میں) ۔ انار ، ابّو۔ ا (درمیان اور آخر میں)۔ بال ، باجا

- تعارف : مَد کا کٹ آؤٹ ؎ (لال رنگ میں ہو تو نمایاں ہو گا) ہاتھ میں اپنے پیچھے چھپا کر لایئے۔ بچّوں میں تجسس پیدا کیجیے کہ آج 'الف' سے ملنے ایک مہمان آرہا ہے وہ مہمان دوست بن کر الف کے ساتھ رہے گا تو الف کی آواز دُگنی ہو جائے گی۔ پوچھیے، آپ جانتے ہیں وہ کون ہے؟ شاید کچھ بچّے یہ بتا سکیں کیونکہ کچھ بچّے گھر پر قرآنی قاعدہ پڑھنے کے باعث مَد کی پہچان رکھتے ہیں۔ چھپایا گیا مَد ؎ کا کٹ آؤٹ دلچسپ انداز میں نکال کر دکھایئے۔ تختۂ تحریر پر ایک بڑا سا الف بنایئے اور اس کے اوپر یہ کٹ آؤٹ ماسکنگ ٹیپ سے چپکایئے۔




- ایک جیسی دو پنسلیں لیجیے۔ ایک پنسل دکھایئے اور دوسری پنسل اوپر رکھ کر بتایئے کہ اس پنسل کی لمبائی دُگنی ہو گئی ہے۔ اب تختۂ تحریر پر بنائے گئے 'آ' کی طرف اشارہ کیجیے کہ اس طرح 'الف' کی آواز دُگنی ہو جاتی ہے۔ اب کچھ الفاظ خود بتایئے اور کچھ بچّوں سے پُوچھ کر 'آ' کے گرد لکھیے۔
- موتیا صفحہ ۶۳ کی پڑھائی کروایئے اور اس میں کام کروایئے۔
- 'مَد' کی بناوٹ پر خصوصی توجہ دے کر دائیں سے بائیں نیچے کی طرف بنوایئے۔
- لکھے گئے جملے سامنے دی گئی لائنوں پر نقل کروایئے۔ نگرانی کے دوران انفرادی طور پر ہر بچّے سے جملے پڑھوا کر سنیے۔
- کاپی میں کالم بنوایئے اور ایک کالم میں 'آ' کے الفاظ لکھوایئے اور دوسرے کالم میں اُن کی تصاویر بنوایئے (جن کے ساتھ بن سکتی ہوں)۔

# حل شدہ مشق

## کاپی میں کام

’آ‘ کے الفاظ کی فہرست بنوایئے اور ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کروایئے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| آم | یہ چار آم ہیں۔ |
| آٹھ | وہ آٹھ موزے ہیں۔ |
| آگ | آگ کے پاس نہ جانا۔ |
| آری | میرے پاس چھوٹی سی آری ہے۔ |

## ہمزہ ’ء‘...........(صفحہ ۶۴ تا ۶۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ’ء‘ کے الفاظ بنا کر ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ میں اضافے سے تحریری استعداد بڑھا سکیں۔


### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- ’ء‘ کا کٹ آؤٹ
- موتیا صفحہ ۶۴ تا ۶۵
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۳۱ (تجویز)

### پیریڈز : ۴

### طریقۂ کار

وضاحت: ہمزہ ’ء‘ کی علامت الف کے متبادل کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ یہ دو مصوّتوں کے درمیان آنے کی صورت میں آوازوں کے جھٹکے سے بچاتی ہے۔ مثلاً: ’آؤ‘ - یہ ’آ‘ اور ’و‘ کی آوازوں کو نرمی سے ادا کرنے کے لیے ہمزہ پُل کا کام کرتی ہے۔ اس طرح دونوں آوازیں ملی ہوئی بولی جاتی ہیں۔




- تختۂ تحریر پر الفاظ کے بغیر 'ء' لکھیے اور پھر بتایئے کہ 'ء' اُڑتی ہوئی آئی اور ان حروف کے درمیان میں اوپر آ گئی اور ان کی آوازیں مل گئیں۔
- ہمزہ کے الفاظ پڑھانے کے بعد موتیا صفحہ ۶۴ میں کام کروایئے۔ ضروری ہے کہ صفحے کی پڑھائی بہت اچھے طریقے سے کروا کر کام کروایا جائے۔
- یہی الفاظ گھر سے خُوش خط لکھنے کے لیے دیجیے۔
- کاپی میں کالم بنا کر یہ الفاظ لکھوایئے اور اِملا کے لیے تیاری کی ہدایت دیجیے۔
- کاپی میں ان الفاظ کے جملے بنوایئے۔ تختۂ تحریر پر کالم بنا کر الفاظ لکھیے اور ایک مثال کا جملہ خود لکھیے۔ بچّوں کو خود جملے بنانے کی ہدایت دیجیے۔ زبانی جملے بنوانے کے بعد کاپی میں لکھنے کے لیے کہیے۔ بچّے جو نئے الفاظ جملوں میں استعمال کرتے ہیں وہ ان کی آسانی کے لیے تختۂ تحریر پر ایک جانب لکھ کر یا کاپی میں ایک جانب لکھ کر ان کی مدد کیجیے۔

## 'آ' کی کہانی

- طلبہ و طالبات کو 'آ' کی کہانی پڑھ کر سُنایئے۔ ایک بار پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات سے کہیے کہ جب بھی کوئی 'آ' کا لفظ سنیں تو تالی بجائیں۔ اب دوبارہ کہانی پڑھیے تا کہ بچّے تالیاں بجا سکیں۔
- صفحہ ۶۵ پر دی گئی 'آ' کی کہانی پڑھوایئے، 'آ' کے الفاظ پر دائرہ بنوایئے۔ بچّوں سے پُوچھ کر اسی طریقے سے 'ء' کی چند جملوں پر مبنی کہانی بنوایئے۔ آپ تختۂ تحریر پر لکھیے اور بچّے نقل کریں۔ کاپی میں خُوش خط لکھوانے کے ساتھ تصاویر بھی بنوایئے۔
- تختۂ تحریر کے بائیں جانب 'ء' کے الفاظ لکھیے۔ مثلاً :

| | |
|---|---|
| آؤ | نائی |
| کھاؤ | کھائی |
| جاؤ | سوئی |
| لائے | گئی |
| روئے | نئی |
| نئے | مئی |

- بچّوں کو ان الفاظ کے جملے سوچنے اور ایک چھوٹی سی کہانی بنانے کے لیے ترغیب دیجیے۔ بچّوں سے پُوچھ کر تختۂ تحریر پر چند جملے لکھیے۔ ان میں کچھ ترمیم اور اضافے سے اچھی سی کہانی بن جائے گی ۔ مثلاً:

زارا آٹا لائی۔
چھوٹی سے روٹی پکائی۔
آؤ آؤ مانو آؤ۔ آؤ آ کے روٹی کھاؤ۔
تھوڑی روٹی زارا نے کھائی۔
تھوڑی سی مانو نے کھائی۔

- نئے الفاظ خود طلبہ و طالبات کو لکھ کر دیجیے تا کہ وہ بآسانی نقل کر سکیں۔ بچّوں سے پُوچھ پُوچھ کر جملے اور کہانی بنانے سے بچّے بہت خُوشی محسوس کرتے ہیں اور یہ ان کی کہانی ہوتی ہے۔
- یہ کہانی کاپی میں نقل کروا کر تصاویر بنوائیے۔
- ہو سکے تو کہانی کو ڈرامے کی شکل میں کمرۂ جماعت میں کروائیے۔

## قواعد : مذکّر مؤنّث ............(صفحہ ۶۶)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- مذکّر مؤنّث سمجھ سکیں۔
- معمّے میں مذکّر کو مؤنّث سے ملا سکیں۔




### مددگار مواد


- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۶۶

### پیریڈ : ۱

### طریقۂ کار

- بچّوں کے ہاتھوں میں فلیش کارڈز دیجیے اور مذکّر مؤنّث کے جوڑے بنا کر کھڑے کروائیے۔ جماعت کے باقی بچّے پڑھیں۔
- باری باری تمام بچّوں کو فلیش کارڈز پکڑنے کا موقع دیجیے۔
- تختۂ تحریر پر معمّا بنا کر حل کر کے دکھائیے۔

### حل شدہ معمّا





OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# زبر ' ـَـ ' ............ (صفحہ ٦٧ تا ٦٩)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بنیادی مصوّتے 'ا' (الف) اور نیم ثانوی مصوّتے ' ـَـ ' (زبر) کی آوازوں میں فرق واضح کرسکیں۔
- زبر کی وجہ سے آواز میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائیگی کرسکیں۔

## مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ٦٧ تا ٦٩
- معاون کتاب 'پُھول' نظم 'علی کی حجامت' صفحہ ۳۸ (تجویز)

## پیریڈز: ۲

## طریقۂ کار

وضاحت: زبر' ـَـ ' دو مصمّتوں (consonants) کو ملانے کے لیے استعمال ہونے والا نیم ثانوی مصوّتہ ہے۔

- طلبہ و طالبات کو آسان الفاظ میں بتایئے کہ جس طرح دو حروف کو ملانے کے لیے 'ا و ی ے' استعمال ہوتے ہیں اسی طرح دو حروف کو ملانے کے لیے' ـَـ ' بھی استعمال ہوتا ہے اور یہ 'ا' کی آدھی آواز دیتا ہے۔
- موتیا صفحہ ٦٧ پر دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈز دکھایئے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر زبر کے الفاظ پڑھایئے۔
- موتیا صفحہ ٦٧ پر موجود جملوں کی پڑھائی اچھی طرح کروایئے پھر کام کروایئے۔ زبر' ـَـ ' بنانے کا دُرست طریقہ تختۂ تحریر پر بڑا لکھ کر سمجھایئے۔ بچّے آپ کے ساتھ ہوا میں بڑا زبر بنائیں۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے دُرست زبر لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں زبر' ـَـ ' کے الفاظ کی فہرست بنوایئے۔مثلاً: دَس، رَس، چَل، کَل۔یہی کام گھر کے لیے بھی دیجیے۔ بچّے ان الفاظ کو خُوش خط لکھ کر لائیں اور اِملا کی تیاری بھی کریں۔
- اگلے روز طلبہ و طالبات کا اِملا لیجیے اور اِملا کے بعد خود اصلاحی کروایئے۔
- موتیا صفحہ ٦٨ پر زبر' ـَـ ' کے دو حرفی الفاظ کی مزید مشق کروائی گئی ہے۔صفحہ پڑھوانے کے بعد کام کروایئے ، دو حروف کے ملنے سے ان کی اشکال میں ہونے والی تبدیلی واضح طور پر سمجھایئے۔ اس صفحے کے کم از کم سات الفاظ کا اِملا بھی لیجیے۔

## 'ا' کی جگہ زبر' ـَـ 'لگایئے

وضاحت : بنیادی مصوّتے الف کے دو حروف کے درمیان میں آنے سے لمبی آواز نکلتی ہے جیسے 'کاٹ'۔ زبر کے دو حروف کے درمیان آنے سے دونوں حروف مختصر آواز دیتے ہیں جیسے 'کَٹ'۔

- بچّوں کو صرف ایک مثال سمجھا کر صفحہ ۶۹ پر کام کرنے کی ہدایت دیجیے۔ یہ کام بچّوں کے لیے خاصا دلچسپ ہوتا ہے اور اس سے ان کا ذخیرۂ الفاظ بھی بہت بڑھ جاتا ہے۔
- دیے گئے الفاظ کے جملے کاپی میں بنوایئے۔ جملے بنانے میں بچّوں کو مدد درکار ہوگی اس لیے انفرادی طور پر بچّوں کی مدد کیجیے۔

## حل شدہ مشق

### لفظ لکھیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کاٹ | کَٹ | چال | چَل | راکھ | رَکھ |
| دام | دَم | بال | بَل | کال | کَل |
| چار | چَر | جاگ | جَگ | کام | کَم |

### پڑھیے اور لکھیے

- اس مشق میں ایسے الفاظ کا ذخیرہ بڑھایا گیا ہے جو بچّوں کو جملے بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ صفحہ ۶۹ پر خالی جگہ میں الفاظ لکھوایئے اور پھر یہی کام کاپی میں بھی کروایئے۔

## زیر ' ـِـ ' ............(صفحہ ۷۰ تا ۷۱)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- زیر ' ـِـ ' کی شناخت کرسکیں۔
- اس علامت سے حروف کی آوازوں ہونے والی میں تبدیلی کی دُرست ادائیگی کرسکیں۔

### مددگار مواد

- زیر کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷۰ تا ۷۱
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۳۹ (تجویز)

### پیریڈز : ۵


### طریقۂ کار

وضاحت: زیر ' ـِـ ' دومصمّتوں (consonants) کو ملانے کے لیے استعمال ہونے والا نیم ثانوی مصوّتہ ہے۔

- طلبہ و طالبات کو سمجھانے کے لیے تختۂ تحریر پر ’ ی ‘ لکھیے اور اس کی آواز پوچھیے۔ پھر انھیں بتایئے کہ مصوّتے ’ ی ‘ (ای) کی آواز سے آدھی آواز زیر ’ ــِــ ‘ کی ہے۔ جب مصوّتہ ’ی‘ کسی حروف کے ساتھ ملتا ہے تو لمبی آواز دیتا ہے جیسے: ج + ی = جی۔ اگر ’ی‘ کی جگہ زیر ہو تو چھوٹی آواز جِ ہوگی۔ جب زیر دو حروف کو ملائے گا تو چھوٹی آواز کے ساتھ ملے گا، جیسے: ’ جِس ‘۔
- موتیا کی فرہنگ سے زیر کے الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھایئے۔
- موتیا صفحہ ۷۰ پر موجود جملوں کی پڑھائی اچھی طرح کروایئے اور پھر لکھائی کا کام کروایئے۔ زیر بنانے کا دُرست طریقہ تختۂ تحریر پر بڑا زیر ’ ــِــ ‘ بنا کر سمجھایئے ، بچّے آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں۔ کام کے دوران نگرانی کیجیے کہ بچّے دُرست زیر ’ ــِــ ‘ لکھ رہے ہوں۔
- کاپی میں زیر ’ ــِــ ‘ کے الفاظ کی فہرست بنوایئے۔ مثلاً : دِل ، دِن ، بِل ، جِن ، چِق ، پِھر ، کِھل۔ یہی کام گھر کے لیے دیجیے۔ بچّے ان الفاظ کو خُوش خط لکھ کر لائیں اور اِملا کے لیے تیاری کریں۔
- اگلے روز زیر ’ ــِــ ‘ کے سکھائے گئے الفاظ کا اِملا لیجیے۔

## آزادی کا دِن

- زیر کی کہانی کے لیے موتیا صفحہ ۷۱ پر ’آزادی کا دِن‘ پڑھوایئے۔ اس کہانی کے چند نئے الفاظ کے سوا تمام الفاظ طلبہ و طالبات سیکھ چکے ہیں۔ اُمید ہے کہ آپ کی ایک بار بلند خوانی سے تمام طلبہ و طالبات یہ عبارت خود پڑھ سکیں گے۔
- باری باری چند جملے پڑھوایئے۔ کوشش کیجیے کہ تمام طلبہ و طالبات کی باری آ جائے۔ ’دِل دِل پاکستان‘ بھی گایئے۔
- سرگرمی کے طور پر پاکستان کا جھنڈا بنوایئے اور اس میں رنگ بھروایئے۔




# پیش ’ ــُــ ‘..........(صفحہ ۷۲)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- پیش ’ ــُــ ‘ کی شناخت کرسکیں۔
- اس علامت سے حروف کی آوازوں میں ہونے والی تبدیلی کی دُرست ادائیگی کرسکیں۔

### مددگار مواد

- پیش کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷۲

- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۰ (تجویز)
- معاون کتاب 'پُھول' کہانی 'بندر نہیں ناچا' صفحہ ۳۹ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

وضاحت : پیش 'ـُ' بھی نیم ثانوی مصوّتہ ہے اور دو مصمّتوں (consonants) کو ملانے کے کام آتا ہے۔

- بچّوں سے وضاحت کے لیے تختۂ تحریر پر لال رنگ کا پیش 'ـُ' کا کٹ آؤٹ لگائیے۔
- مختلف حروف لکھ کر چپکاتے جائیے یا تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے اور ان کی آوازیں پڑھوائیے۔

پہلی مثال دم کی دیجیے، اس پر زبر کا کٹ آؤٹ چپکائیے یا چاک سے ہی زبر لگا کر پڑھوائیے: دَم۔ اس کے بعد زیر چپکائیے یا چاک سے بنائیے: دِم۔ اب پیش چپکائیے: دُم۔ اسی طرح گِن ، گَن ، اور گُن کی مثال بھی دیجیے۔یوں زبر اور زیر کا اعادہ بھی ہوگا اور بچّے پیش کی آواز بھی سمجھ جائیں گے۔

- موتیا کی فرہنگ سے پیش کے الفاظ کے فلیش کارڈز پڑھائیے۔
- موتیا میں کام سے پہلے صفحے پر موجود جملوں کی پڑھائی اچھی طرح کروائیے۔

پیش 'ـُ' بنانے کا دُرست طریقہ تختۂ تحریر پر بڑا پیش بنا کر تختۂ تحریر پر واضح کیجیے۔ بچّے ہوا میں آپ کے ساتھ پیش بنائیں۔ کام کے دوران دُرست بناوٹ کی نگرانی کیجیے۔


- 'آ' کی کہانی (موتیا صفحہ ٦۵) کی طرح زیر ، زبر اور پیش کی کہانیاں یا تینوں کی ایک کہانی بنائی جاسکتی ہے۔
- کاپی میں پیش کے الفاظ کی فہرست بنوائیے۔

## ملائیے اور لکھیے/ پہچانیے اور ملائیے..........(صفحہ ۴۷)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- زیر، زبر، پیش سے بننے والے ارکان کو 'ا' اور 'و' سے ملا کر الفاظ سازی کرسکیں۔
- اشارے پہچان کر ملا سکیں۔




### مددگار مواد

- اشاروں کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۴۷
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۱ (تجویز)
- معاون کتاب 'پُھول' نظم 'ڈھم ، ٹِپ ، کُٹ' صفحہ ۴۳ (تجویز)


## پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- زیر، زبر اور پیش سے بننے والے ارکان کو 'ا' اور 'و' سے ملا کر الفاظ سازی کروائیے۔ تمام ارکان تختۂ تحریر پر لکھ کر ملا کر پڑھوائیے۔ لکھے گئے ہلکے رنگ کے حروف پر پنسل پھروائیے اور پھر دی گئی لال لکیر پر خوش خط لکھوائیے۔
- دیے گئے اشارے اور علامات سے متعلق تبادلۂ خیال کیجیے۔ اشاروں کے فلیش کارڈز کے ذریعے جماعت میں کھیل کھلائیے۔ طلبہ و طالبات گاڑیاں بنیں اور ایک بچّہ یا معلّم فلیش کارڈ دکھانے والا بنے۔ طلبہ و طالبات اشارے دکھانے پر چلیں اور رُکیں۔ 'خطرہ' کے نشان کی مناسبت سے گفتگو کر کے واضح کیجیے کہ یہ نشان کہاں کہاں ہوتا ہے (مثلاً بجلی کی تنصیبات/ تاروں کے پاس/ آگ لگنے والے مادے کے ٹینکرز پر.....)۔
- بعد ازاں مشقی کام کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے




- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۱ پر موجود کام کروائیے۔ (تجویز)
- معاون کتاب 'پُھول' صفحہ ۴۳ سے نظم 'ڈھم، ٹپ، کُٹ' پڑھوائیے۔ (تجویز)

## ملائیے اور لکھیے ............ (صفحہ ۷۴)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- زیر، زبر، پیش سے بننے والے ارکان کو 'ی' اور 'ے' سے ملا کر الفاظ سازی کر سکیں۔
- دُرست خطِ نستعلیق کے اصول کے مطابق 'د ڈ ذ' کو دوسرے حروفِ تہجّی کے ساتھ ملا کر خُوش خط لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷۴
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۲ تا ۴۳ (تجویز)

## پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو آوازوں کی پہچان کرواتے ہوئے الفاظ سازی کروائیے۔ کتاب میں الفاظ پر پنسل پھروانے کے بعد خالی جگہ میں خُوش خط لکھوائیے۔ یاد رہے کہ بچّے لکھائی کرتے ہوئے الفاظ پڑھ بھی رہے ہوں۔
- صفحے کے نیچے کے حصّے کا کام الگ سمجھا کر کروائیے۔ بتائیے کہ 'د ڈ ذ' اپنے سے پہلے آنے والے حروف سے ملتے ہوئے اپنی کمر سیدھی کر کے 'ر' کی شکل بنا لیتے ہیں۔ مثلاً ب + د = بد
- تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھائیے۔ طلبہ و طالبات دیکھ کر دُرست نقل کریں۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے

بد ، جد ، سد ، صد ، فد ، مذ

## ملائیے : الفاظ سازی/جُملے بنائیے............(صفحہ ۷۵)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- زیر ، زبر اور پیش کے ارکان کی 'و ، ی ، ے' اور ء کے ساتھ الفاظ سازی کر سکیں۔
- الفاظ کے جملے بنا سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷۵
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۳۲ (تجویز)

## پیریڈز : ۳

### طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو آوازوں کا فرق سمجھا کر تحریری کام کروائیے۔
- پہلے الفاظ سازی کروائیے اور پھر جملے بنوائیے۔

## حل شدہ مشق

### ملائیے

| | ؤ | ئی | ئے |
|---|---|---|---|
| بَنا | بَناؤ | بَنائی | بَنائے |
| سِکھا | سِکھاؤ | سِکھائی | سِکھائے |
| بَجا | بَجاؤ | بَجائی | بَجائے |
| لَگا | لَگاؤ | لَگائی | لَگائے |

### جملے بنائیے

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مَچاؤ | شور مت مَچاؤ۔ |
| سُنائی | دادی جان نے کہانی سُنائی ۔ |
| سِکھائی | مجھے ابّو نے گاڑی چلانا سِکھائی۔ |
| بَنائے | ہم نے کاپی پر تارے بَنائے۔ |

## ثانوی مصوّتہ ' ُو' ..........(صفحہ ۷۶)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ثانوی مصوّتے ' ُو' کی شناخت کر سکیں۔
- اس آواز کی دُرست ادائیگی سے الفاظ پڑھ سکیں۔

### مددگار مواد

- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷۶
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۵ (تجویز)
- معاون کتاب 'پُھول' نظم 'چُوہا چلا اسکُول' صفحہ ۴۴ (تجویز)

### پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

وضاحت : تختۂ تحریر پر ' و' لکھیے اس کی آواز پوچھیے اور بتائیے کہ اس کی آواز 'او' (انگریزی حرف 'O' جیسی) ہے۔ واضح کیجیے کہ 'و' سے پہلے والے حرف پر پیش کی علامت اس کی آواز کو لمبا کر دیتی ہے اور 'اُو' بن جاتی ہے۔ مثال کے فلیش کارڈز دکھائیے۔ موتیا کی فرہنگ سے مدد لیجیے۔

- ' ُو' کی آواز کی بہت اچھی طرح مشق کروائیے۔
- الفاظ کی فہرست تختۂ تحریر پر اور فلیش کارڈز/قاعدے اور موتیا صفحہ ۷۶ سے پڑھائیے۔
- بعد ازاں صفحے پر دیے گئے الفاظ خوش خط کاپی میں لکھوائیے۔ جن الفاظ کے ساتھ تصاویر ممکن ہوں (جیسے پُھول ، جُوتا ) بنوائیے۔
- موتیا صفحہ ۷۶ کی مشق میں دیے گئے الفاظ کے جملے بنوائیے۔ پہلے زبانی بنوائیے اور ایک مثال کا جملہ تختۂ تحریر پر لکھا رہنے دیجیے۔
- بچّوں سے خود جملے بنانے کے لیے کہیے۔ بہتر ہوگا کہ بچّے الگ کاغذ پر جملے بنائیں اور اصلاح کے بعد کاپی میں خُوش خط نقل کریں۔
- ُو کی آواز سکھانے کے دوران بچّوں سے ' ُو' کی چیزیں منگوا کر یا بنوا کر جماعت میں ایک گوشہ نمائش بنا کر رکھیے۔ مثلاً: جھاڑُو ، چُوڑی، چُولھا ، پُھول (اصلی بھی منگوائے یا لائے جاسکتے ہیں)

## حل شدہ مشق

### لفظ بنائیے

پُھول   چاقُو   چُولھا   چُوزے

## کاپی میں کام

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| پُھول | یہ پُھول لال ہے۔ |
| آلُو | امّی آلُو کاٹ رہی ہیں۔ |
| جُوتے | میرے جُوتے کالے ہیں۔ |
| چُوزے | وہ چار چُوزے ہیں۔ |

## لفظ بنائیے............(صفحہ ۷۷)

### مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- پیش ' ُ ' اور ' ُو' کی آوازوں میں فرق پہچان سکیں۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷۷
- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم صفحہ ۲۴ (تجویز)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۵ (تجویز)
- معاون کتاب 'پھول' کہانی 'آلو میاں' صفحہ ۴۶ (تجویز)

## پیریڈز: ۳

## طریقۂ کار

وضاحت: اکثر طلبہ و طالبات ـُـ اور ُو کی آوازوں میں تمیز نہیں کر پاتے۔ انھیں امثال دے کر وضاحت کیجیے۔

- صفحے کے اوپر کے حصّے کا کام تختۂ تحریر پر لکھیے۔ پہلی مثال لکھ کر سمجھایئے باقی کام زبانی پوچھیے اور بتایئے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کے الفاظ لکھ کر (صفحہ ہوبہو بنایئے) پڑھوایئے ،ایک مثال لکھ کر سمجھایئے۔ باقی الفاظ زبانی پوچھیے اور بتایئے۔
- یہ بہت دلچسپ کام ہے اور بچّے بہت آسانی سے نیا ذخیرۂ الفاظ سیکھتے ہیں۔اسی نوعیت کا مزید کام کاپی میں دیجیے۔
- کام کرتے ہوئے بچّوں کی مدد کیجیے۔ بعد ازاں تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ لکھ کر بچّوں سے اپنے کام کی خود اصلاحی کروایئے۔
- بچّے تختۂ تحریر سے دیکھ کر اپنے لکھے گئے الفاظ کے سامنے صحیح ✓ یا غلط × کا نشان لگائیں اور غلط لفظ کے سامنے یا اوپر دُرست لفظ لکھیں۔

## حل شدہ مشق

لفظ بنایئے

| ـُـ | ُو | ـُـ | ُو | ـُـ | ُو |
|---|---|---|---|---|---|
| بھُن | بھُون | سُنا | سُونا | لُٹ | لُوٹا |
| سُکھ | سُوکھ | بھُلا | بھُولا | جھُلا | جھُولا |
| کُٹ | کُوٹ | پھُلا | پھُولا | ڈھُل | ڈھُول |

## پڑھیے اور لکھیے

یہ کام تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھوایئے اور اچھی طرح سمجھا کر الفاظ خوش خط لکھوایئے۔

## کاپی میں کام

الفاظ کے جملے بنوائیے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| لِکھتی | زارا اپنا نام کاپی پر لِکھتی ہے۔ |
| کِتنا | آج کِتنا مزا آیا۔ |
| چُپکے | بلّی چُپکے چُپکے چُوہے کے پاس آئی۔ |
| مُرغی | مُرغی کے سات چُوزے ہیں۔ |

# کہانی : بُھول/نظم : سبزیاں ........... (صفحہ ۷۸ تا ۸۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سبزیوں کے ناموں سے متعارف ہوسکیں۔
- سبزیوں کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔




## مددگار مواد

- سبزیوں کی تصاویر یا اصلی سبزیاں اور ماسک
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۷۸ تا ۸۰
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۷ (تجویز)

## پیریڈز : ۸

## طریقۂ کار


### کہانی : بُھول

طلبہ و طالبات سے زبانی گفتگو کیجیے اور سوالات پوچھیے ، جیسے :

سبزیاں کیا ہوتی ہیں ؟ کون کون سبزی شوق سے کھاتا ہے ؟ (انفرادی طور پر کچھ بچّوں سے ان کی پسندیدہ سبزی کا نام پوچھیے)
کیا آپ کبھی کچھ بُھول جاتے ہیں ؟ (بچّوں کے ذاتی واقعات مختصراً سنیے)

- موتیا صفحہ ۷۸ کھلوائیے۔ بچّوں کو تصویریں دیکھنے اور عبارات خود پڑھنے کی کوشش کرنے دیجیے۔ کچھ وقفے کے بعد زبانی سوالات کیجیے ، آپ کو اس صفحے پر کون کون سی سبزی کی تصویر نظر آرہی ہے ؟ (سابقہ معلومات حاصل کیجیے کہ بچّوں کو کون سی سبزیوں کے اُردو نام آتے ہیں)

- صفحہ تاثرات سے پڑھ کر سُنایئے اور پھر باری باری بچّوں سے پڑھوایئے۔
- پڑھائی کے بعد بچّوں سے مکالموں میں موجود سبزیوں کے ناموں پر دائرہ بنوایئے۔
- کاپی میں کالم بنا کر سبزیوں کے نام لکھوایئے اور تصاویر بنوایئے۔ بچّے دو دو بار لکھیں اور ایک کالم میں تصویر بنائیں۔
- سبزیوں کے (نام لکھے ہوئے) ماسک بنوایئے۔ گتّے یا چارٹ پیپر پر سبزیوں کی بڑی تصویریں بنا کر کاٹ لیجیے۔ آنکھوں کے لیے گول دائرے کی صورت میں سوراخ کاٹ لیجیے۔




- جماعت میں بچّوں کے گروپ بنا کر یہ کہانی ڈرامے کی صورت میں کروایئے جس میں ایک بچّہ سبزی والا بنے۔
- بچّوں کے گھر سے ایک ایک سبزی منگوائی جا سکتی ہے۔ ایسا نہ ہونے کی صورت میں ہر بچّے سے گتّے کے چارٹ پیپر کی سبزیاں بنوا کر سبزی والے کا ٹھیلا بنوایئے۔ اس مقصد کے لیے کوئی میز استعمال کی جا سکتی ہے۔ ترازو دستیاب ہوجائے تو مزید بہتر ہوگا۔ اس طرح بچّے، کلو، آدھا کلو کا ذخیرۂ الفاظ بھی سیکھ سکیں گے۔
- باری باری ہر گروپ کی پیشکش کروایئے اور اس بات کو یقینی بنایئے کہ ہر بچّہ اس ڈرامے میں حصّہ لے سکے۔
- صفحہ ۷۹ کی نظم 'سبزیاں' خود پڑھ کر سُنایئے (تحت اللفظ اور ترنم دونوں طرح پڑھائی جا سکتی ہے) بچّوں سے پڑھوایئے۔
- بچّوں کا پسندیدہ شعر کاپی میں نقل کرواتے ہوئے شعر لکھنے کا طریقہ تختۂ تحریر پر واضح کیجیے، سمجھایئے کہ ایک مصرع کے نیچے ہی دوسرا مصرع لکھنا ہے۔
- موتیا صفحہ ۸۰ پر کام کا طریقہ سمجھایئے اور پھر مشق کروایئے۔

## حل شدہ مشق

### سوالوں کے جواب

۱۔ گاجر میٹھی ہے۔
۲۔ کریلا کڑوا ہے۔
۳۔ ٹماٹر کا رنگ لال ہے۔
۴۔ گوبھی پھول جیسی ہے۔

### لکھیے

نظم میں سے 'و' کے الفاظ چُن کر لکھوایئے۔

۱۔ پھول ۲۔ مولی ۳۔ آلو ۴۔ بھالو

ہم آواز الفاظ لکھوایئے۔

مال - لال سب - جب

## خالی جگہ بھریے

میٹھی ہے گاجر کڑوا ہے کریلا

ہرے ہرے مٹر لال لال ٹماٹر

گول اور لمبے بینگن آلو جیسے بھالو

# اعادہ اور جانچ برائے یونٹ ۴............(صفحہ ۸۱ تا ۸۲)

## مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے نظریات کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸۱ تا ۸۲
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۶ (تجویز)

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- یہ کام کروانے سے قبل فلیش کارڈز اور تختۂ تحریر پر اعراب (زیر ، زبر ، پیش) اور علامتوں کا اعادہ کروایئے تاکہ بچّے جانچ کا کام اچھے طریقے سے کرسکیں۔
- تختۂ تحریر پر صفحہ بنا کر وضاحت کیجیے۔
- کام کے دوران نگرانی کیجیے۔
- الفاظ کے جملے بنانے کا کام کاپی میں کروایئے۔


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# حل شدہ مشق

## لکھیے

| ـُ | ـِ | ـَ | ءـ | آ |
|---|---|---|---|---|
| پُل | گِن | پَر | لاؤ | آج |
| چُپ | کِس | رَس | کوئی | آگ |
| سُن | دِن | ہَم | لائی | آٹا |
| تُم | دِل | کَل | چائے | آدھا |

## کاپی میں کام

الفاظ کے جملے بنوایئے۔

| | |
|---|---|
| آج | آج میں نے چاٹ کھائی ۔ |
| لائے | ابّو پھَل لائے۔ |
| دِن | تم کس دِن آؤ گے ؟ |
| کَل | بابا کَل میرے موزے لانا۔ |
| تُم | تُم گاجر کا رَس پی لو۔ |

## الفاظ اور جملے بنایئے

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| آ | آپا | میری آپا کا نام زارا ہے۔ |
| ءـ | لائی | امّی میرے جُوتے لائی ہیں۔ |
| ـَ | رَس | آم کا رَس مزے دار ہے۔ |
| ـِ | گِن | یہ نوٹ گِن لو۔ |
| ـُ | دُم | اِس بلّی کی دُم کالی ہے۔ |
| ـُو | پھُول | یہ پھُول لال ہے۔ |

## نام لکھیے اور رنگ بھریے

مٹر



مرچ



ٹماٹر



## ملایئے

ب + د = بد    ج + ڑ = جڑ    س + ر = سر

نوٹ : جانچ کے کام کے نتائج اپنے ریکارڈ میں رکھیے۔ طلبہ و طالبات کی کمزوریاں دُور کرنے کے لیے مزید مشق کروایئے۔

# یونٹ ۵

## یونٹ کے مقاصد

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- قومی نصاب میں دیے گئے عنوانات/موضوعات کے تحت دی گئی نظم و نثر کے سُننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کے مطلوبہ اہداف کا حصول کرسکیں۔ ادب کا لُطف اُٹھاسکیں اور اعتماد کے ساتھ زبانی اور تحریری اظہار کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: رنگوں کے ناموں کا اعادہ اور نئے نام سیکھ کر درست استعمال کرسکیں۔
- صوتیات: بنیادی مصوّتے/حروف علّت 'ی' (یائے معروف) اور 'ے' (یائے مجہول) کی درمیانی شکل کے تین اور چہار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ نیز اِن دونوں کی درمیانی اور آخر کی آواز کا فرق پہچان سکیں۔
- زیر (ِ) اور 'ی' کی آوازوں میں تمیز کرسکیں اور الفاظ میں درست استعمال کرسکیں۔
- ہم آواز الفاظ سے متعارف ہوکر فہرست بنا سکیں۔
- مہارت حیات: پیغام نویسی سے متعارف ہوکر پیغامات کارڈز کی شکل میں درست لکھ سکیں۔
- کہانی کے کردار بن کر مکالموں کی درست ادائیگی کرسکیں۔
- تفہیم: پہیلیوں سے متعارف ہوکر ان میں پوشیدہ دانش کو سمجھ سکیں۔
- اخلاقیات (سچ بولنے کی اہمیت) کا سبق حکایت کے ذریعے سیکھ سکیں۔
- نظم نگاری: رنگوں کے ناموں کی تبدیلی سے نئی نظم بنانا سیکھ سکیں۔
- سوالوں کے جوابات کے ذریعے دیے گئے عنوان پر چند جملے تحریر کرسکیں۔

## مددگار مواد کی تجاویز

نوٹ: اساتذہ اپنے وقت کے لحاظ سے ان کُتب کا مواد اپنی منصوبہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں۔


- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم (منتخب صفحات)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم (منتخب صفحات)
- معاون کتاب 'پھول': یونٹ ۵ صفحہ ۵۴ تا ٦٦

## سرگرمیوں کی تجاویز

- رنگوں ،’ی‘ اور ’ے‘ کے الفاظ پر مشتمل concertina book اور کِتابچے بنوایئے۔عنوان دیجیے : میری رنگوں کی کتاب ،’ ی‘ کے الفاظ ’ے‘ کے الفاظ۔

## سرگرمی

پڑھوایئے اور رنگ بھروایئے۔



## تختۂ نرم کی تجاویز:

### یونٹ ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


**ذخیرۂ الفاظ**

| | | |
|---|---|---|
| کپڑے | سوّیاں | مبارک |
| شوق | نارنجی | ◯ |
| نیچے | جامنی | ◯ |
| اوپر | گلابی | ◯ |
| پیچھے | پر | |

**پہیلی**



سال میں آتی ہیں وہ دو
مزے کراتی ہیں وہ
اِک میٹھی ہے اِن میں جو
روزوں کے بعد ہے آتی وہ
بُوجھو کون سے دِن ہیں وہ
سال میں جو آتے ہیں دو



**گُڑیا**




یہ زارا کی گُڑیا ہے
اس گُڑیا کے کالے بال
کپڑے اِس کے نیلے ہیں
پیاری پیاری اِس کی چال
ہری ہری سی آنکھیں ہیں
گال ہیں اِس کے لال لال
پیلے پیلے جوتے اِس کے
کھاتی ہے یہ شوق سے دال








**ی یہ**




تِین، تِیر، کِیل، نِیلا، پِیلا، چِیتا، عِیدی، چِینی

**ے یہ**



شیر، ریل، جیب، میز، سیب، کھیلا، میرا

بچّوں کی ( کہانی پڑھ کر) بنائی گئی تصویروں میں چند جملے بھی لکھے ہوں۔

# ’ی‘ کی درمیانی شکل...........(صفحہ ۸۴ تا ۸۵)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
- بنیادی مصوّتے ’ی‘ کی درمیانی شکل کی شناخت کر سکیں۔
- ’ی‘ کی درمیانی شکل کے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ’ی‘ اور زیر ’ـِــ‘ کی آواز کا فرق پہچان سکیں۔

’ی‘ کی درمیانی شکل

پڑھیے اور الگ کیجیے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تین | = | ______ | + | ______ | + | ______ |
| چیز | = | ______ | + | ______ | + | ______ |
| ٹھیک | = | ______ | + | ______ | + | ______ |

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸۴ تا ۸۵
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۸ (تجویز)
- معاون کتاب ’پُھول‘ کہانی ’کینو کا بِیج‘ صفحہ ۵۴ (تجویز)

## پیریڈز : ۵

## طریقۂ کار

وضاحت : ’ی‘ دو حروف کے درمیان میں آنے کی صورت میں اپنا ایک چھوٹا سا دندانہ بناتی ہے ـیـ۔ اس دندانے کے نیچے دو نقطے بھی لگائے جاتے ہیں تا کہ یہ ’ب‘ کے خاندان کے حروف کے دندانوں سے مختلف رہے۔ یاد رہے کہ دو حروف کے درمیان ملنے کی صورت میں (آخری حروف کے ساتھ ملنے میں نیچے آنا ہو) اس کا دندانہ ’ب‘ کے دندانے کی طرح نہیں رہتا بلکہ ’ہ‘ کی آخری شکل سے ملتا جلتا ہوجاتا ہے، ـیـہ ۔

مثلاً : نیم ۔ پیر ✓ نِیم - پِیر ×

نوٹ : ’ی‘ کی درمیانی شکل سکھاتے ہوئے مناسب ہے کہ اس کے ساتھ زیر بھی لگایا جائے تا کہ آگے چل کر ’ے‘ اور ’ی‘ میں تمیز کرنا آسان ہو۔

- ’ی‘ کی درمیانی شکل کے الفاظ پڑھائیے۔
- تختۂ تحریر پر خُوش خط (موتیا کی فرہنگ میں ’ی‘ کے الفاظ دیکھیے) لکھ کر پڑھائیے۔
- موتیا کے صفحہ ۸۴ کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھائیے اور کروائیے۔
- صفحہ ۸۵ کا پہلا حصّہ مکمل کروا کے جملے بنانے میں طلبہ و طالبات کی مدد کیجیے۔ بعد ازاں خالی جگہ بھروائیے۔
- مشق کا کام کاپی میں کروائیے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے اور الگ کیجیے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تِین | = | ت | + | ی | + | ن |
| چِیز | = | چ | + | ی | + | ز |
| ٹِھیک | = | ٹھ | + | ی | + | ک |
| چِیخ | = | چ | + | ی | + | خ |
| پِیر | = | پ | + | ی | + | ر |
| جِھیل | = | جھ | + | ی | + | ل |

## کاپی میں کام

ان میں سے تین الفاظ کے جملے بنوائیے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| تِین | میرے پاس تین چُوزے ہیں۔ |
| چِیز | یہ کیا چِیز ہے؟ |
| پِیر | ہم پِیر کو نانی جان کے گھر گئے تھے۔ |

## خالی جگہ بھریے

'ی' کی درمیانی شکل کے الفاظ لکھوائیے۔

۱۔ چِیل چُوزہ لے گئی۔

۲۔ میں نے سب کام ٹِھیک کیا۔

۳۔ آج پِیر کا دِن ہے۔

# نظم: پہیلی...........(صفحہ ۸۶ تا ۸۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- پہیلی کی صنف سے آگاہ ہوسکیں۔
- زبان کی چاشنی اور پوشیدہ دانش سے آگاہ ہوسکیں۔
- عید کے تہوار کے بارے میں چند جملے لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸۶ تا ۸۷
- کچّا بُھٹّا (جس کے پتّے بھی ساتھ لگے ہوں)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۹ (تجویز)
- معاون کتاب 'پُھول' سبق 'پہیلی' صفحہ ۵۶ (تجویز)

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

ممکن ہو تو جماعت کے ایک گوشے میں نیچے دری یا قالین پر دائرے میں بچّوں کو بٹھایئے۔

کہیے کہ آیئے پہیلی بُوجھتے ہیں۔ صرف ایک یا دو پہیلیاں پوچھیے مثلاً :

ہری تھی مَن بھری تھی
سولاکھ موتی جڑی تھی
راجاجی کے باغ میں
دوشالہ اوڑھے کھڑی تھی

بچّوں کو سوچنے پر آمادہ کیجیے اور اشارے دیجیے۔ مثلاً: یہ چیز ہم سب شوق سے کھاتے ہیں اور باہر ٹھیلوں پر لوگ بھون کر دیتے ہیں......
صحیح جواب دینے والے بچّے کے لیے تالیاں بجوایئے۔ اگر کوئی جواب نہ دے سکے تو خود بتایئے کہ اس پہیلی کا جواب ہے 'بُھٹّا'۔ (ہو سکے تو دکھا دیجیے)

دوسری مثال :

چھوٹی سی ڈبیا ڈب ڈب کرے
چلتا مسافر گر گر پڑے

طلبہ و طالبات کو اشارے دیجیے جیسا کہ ہم سب کے پاس یہ چیز ہے (الحمدللہ)۔ صحیح جواب دینے والے بچّے کی حوصلہ افزائی کیجیے۔ کوئی جواب نہ دے سکے تو خود بتایئے کہ اس پہیلی کا جواب ہے 'آنکھ اور آنسو'۔

- 'موتیا' کا صفحہ 'پہیلی' تاثرات سے پڑھ کر سُنایئے۔ پوری نظم سُنا کر جواب پوچھیے۔ بچّوں سے جواب ملنے پر ان کے لیے تالیاں بجوایئے۔
- سب بچّوں سے باری باری نظم پڑھوایئے۔
- عید کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ اپنے اور ان کے ذاتی تجربات پوچھیے اور بتایئے۔ طلبہ و طالبات کو اس نظم میں سے اپنا پسندیدہ شعر چُن کر اپنی کاپی میں لکھنے کی ہدایت دیجیے۔ شعر لکھنے کا طریقہ تختۂ تحریر پر سمجھایئے۔
- شعر کے ساتھ بچّوں سے تصاویر بھی بنوایئے۔ بچّوں کو ترغیب دیجیے کہ وہ کتاب کی تصاویر نقل نہ کریں بلکہ خود اپنے ذہن میں ابھرنے والی تصویریں بنائیں۔
- سرگرمی کروایئے۔ پہیلیاں بُوجھنے کا کھیل جماعت میں کھلوایئے۔

- زبانی گفتگو سے وضاحت کرنے کے بعد تختۂ تحریر پر شروع کرنے کا طریقہ سمجھائیے۔ پہلا جملہ تختۂ تحریر پر خود لکھ دیجیے تاکہ بچّے نقل کریں۔ مثلاً:
عید کا دن ہمیں بہت پسند ہے۔ عید کے دن ہم ...................................................................................................................

.....................................................................................................................................................................

...............................................................................................................عید کے دن بہت مزا آتا ہے۔

- (ذخیرۂ الفاظ : نہاتے ، کپڑے بدلتے ، عید گاہ جاتے ، نماز پڑھتے ، غبارے خریدتے ، نانی کے گھر)
تجویز : اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۴۹ کا کام کروائیے۔ جماعت میں وقت نہ ہونے کی صورت میں گھر کے کام میں دیا جا سکتا ہے۔

# عید کارڈ / لفظ لکھیے...........(صفحہ ۸۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ
- سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کا استعمال کر سکیں۔
- ی (ے) اور زیر (ِ) کی آوازوں کا فرق پہچان کر نئے الفاظ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- چارٹ پیپر / گتّے کے ٹکڑے / پُرانے عید کارڈ / پُرانے شادی کارڈ
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸۸

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- اس کام سے دو تین دن پہلے طلبہ و طالبات کو پُرانے کارڈز گھر سے لانے کے لیے ہوم ورک میں دیجیے۔
- پُرانے کارڈز، چارٹ پیپرز (عید کارڈ کے سائز کے کٹے ہوئے) پر لکھی ہوئی عبارت پر بچّوں سے کٹوائے ہوئے پُھول اور تتلیاں چپکوائیے اور خالی جگہوں پر عید مبارک لکھوائیے۔

تجویز : عید مبارک کے ساتھ چھوٹے شعر بھی بنوا کر لکھوائے جا سکتے ہیں۔ مثلاً :

عید آئی عید آئی
کپڑے نئے اور عیدی لائی

- صفحے کے نیچے دی گئی مشق کا کام کاپی میں کروائیے۔

# حل شدہ مشق

## لفظ لکھیے

طلبہ و طالبات سے پڑھوایئے، لفظ بنوایئے اور آوازوں کے فرق کی پہچان کروایئے۔

| یـ | ِ | یـ | ِ |
|---|---|---|---|
| مِیل | مِل | بھیڑ | بِھڑ |
| دِین | دِن | سیکھ | سِکھ |
| بین | بِن | لیکھ | لِکھ |
| چِھیل | چِھل | پیٹ | پِٹ |

## کاپی میں کام

جملے بنوایئے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مِیل | میرا گھر اسکول سے ایک مِیل دُور ہے۔ |
| مِل | سَب نے مِل کر کھانا کھایا۔ |
| چھِیل | زارا تم مٹر چھیل دو۔ |
| چِھل | امّی نے پُوچھا، مٹر چِھل گئے ؟ |

# ’ے‘ کی درمیانی شکل..........(صفحہ ۸۹ تا ۹۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- بنیادی مصوّتے ’ے‘ کی درمیانی شکل کی شناخت کر سکیں۔
- ’ے‘ کی درمیانی شکل کے تین حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ استعمال کر سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۸۹ تا ۹۰ اور فرہنگ
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۵۰ (تجویز)
- معاون کتاب ’پھُول‘ کہانی ’کُو کُو انجن‘ صفحہ ۶۰ (تجویز)

’ے‘ کی درمیانی شکل

پڑھیے اور الگ کیجیے

ریت = ______ + ______ + ______

سیب = ______ + ______ + ______

شیر = ______ + ______ + ______

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

وضاحت: 'ی' کی طرح 'ے' بھی دو حروف کے درمیان آنے پر دندانے کی شکل اختیار کرتی اور اپنے نیچے دو نقطے لگاتی ہے ـیـ۔ اس دندانے کے نیچے دو نقطے بھی لگائے جاتے ہیں تا کہ یہ 'ب' کے خاندان کے حروف کے دندانوں سے مختلف رہے۔ یاد رہے کہ دو حروف کے درمیان ملنے کی صورت میں (آخری حروف کے ساتھ ملنے میں نیچے آنا ہو) اس کا دندانہ 'ب' کے دندانے کی طرح نہیں رہتا بلکہ 'ہ' کی آخری شکل سے ملتا جلتا ہوجاتا ہے، ـیہ۔

- صرف الفاظ کے تلفظ اور آواز سے ہی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس لفظ میں کون سا مصوّتہ (ی یا ے) استعمال کیا گیا ہے۔
- تختۂ تحریر پر لکھ کر وضاحت کیجیے کہ نیچے آنے کی صورت میں ایک شوشہ گر جاتا ہے مثلاً تیز، شیر، میز۔ (ان الفاظ کو ایسے لکھنا غلط ہوتا ہے تیز ، شیر ، میز ، بیچ ، سیم ، گیم)
- الفاظ پڑھائیے۔
- صفحے کا اوپر کا حصّہ تختۂ تحریر پر ہوبہو لکھ کر سمجھائیے اور تمام امثال لکھ کر دکھائیے۔ یہ بناوٹ بچّوں کے لیے مشکل ہوتی ہے اس لیے بڑا اور واضح لکھا جائے اور بچّوں کو ہدایت دی جائے کہ وہ آپ کے ساتھ ہوا میں لکھیں۔
- کتاب میں خُوش خط لکھوائیے۔ دیے گئے ہلکے رنگ کے الفاظ پر پنسل پھیرنے کے بعد طلبہ و طالبات خود لال لکیر پر دُرست بناوٹ سے لکھیں۔ نگرانی ، مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- صفحہ ۹۰ کا پہلا حصّہ مکمل کروا کے جملے بنانے میں طلبہ و طالبات کی مدد کیجیے۔ بعد ازاں خالی جگہ بھروایئے۔
- مشق کا کام کاپی میں کروایئے۔

## حل شدہ مشق

### پڑھیے اور الگ کیجیے

ریت = ر + ے + ت

سیب = س + ے + ب

شیر = ش + ے + ر

میز = م + ے + ز

کھیت = کھ + ے + ت

دیکھ = د + ے + کھ

## کاپی میں کام

ان الفاظ میں سے تین کے جملے بنوایئے۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| سیب<br>شیر<br>کھیت | یہ سیب لال ہے۔<br>شیر تیز چل رہا تھا۔<br>وہ آلو اور گوبھی کے کھیت ہیں۔ |

## خالی جگہ بھریے

'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ لکھوایئے۔

۱۔ میز پر کتاب ہے۔

۲۔ گاؤں کے پاس گنّے کے کھیت ہیں۔

۳۔ مجھے ریل میں جانا پسند ہے۔

# 'ی' اور 'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ............ (صفحہ ۹۱)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ی' اور 'ے' کی درمیانی شکل کے الفاظ کو 'ا و ی ے' کے ساتھ ملا کر چار حرفی الفاظ بنا سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۹۱
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۵۱ (تجویز)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر چند امثال سمجھایئے۔ بچّوں کو اس کام میں خصوصی مدد درکار ہوگی۔ توجہ رکھیے کہ تمام بچّے سب الفاظ پڑھ سکتے ہوں۔
- کاپی میں کام کا طریقہ تختۂ تحریر پر سمجھا کر کروایئے۔

# حل شدہ مشق

## ملایئے اور پڑھیے

| | ا | و |
|---|---|---|
| نی + ل = نِیل | نی + لا = نِیلا | نی + لو = نِیلو |
| سی + کھ = سِیکھ | سی + کھا = سِیکھا | سی + کھو = سِیکھو |
| لے + ٹ = لیٹ | لے + ٹا = لیٹا | لے + ٹو = لیٹو |
| کھے + ل = کھیل | کھے + لا = کھیلا | کھے + لو = کھیلو |
| | ی | ے |
| می + ٹھا = مِیٹھا | می + ٹھی = مِیٹھی | می + ٹھے = مِیٹھے |
| گی + لا = گِیلا | گی + لی = گِیلی | گی + لے = گِیلے |
| کھے + لا = کھیلا | کھے + لی = کھیلی | کھے + لے = کھیلے |
| مے + را = میرا | مے + ری = میری | مے + رے = میرے |

## کاپی میں کام

لفظ کے آخر میں 'ا' کی جگہ 'ی' اور 'ے' لگوایئے۔

| ا | ی | ے |
|---|---|---|
| نِیلا | نِیلی | نِیلے |
| پِیلا | پِیلی | پِیلے |
| کالا | کالی | کالے |
| ہرا | ہری | ہرے |

حروف الگ کروایئے۔

سیکھ = س + ی + کھ　　　گیلا = گ + ی + ل + ا

کھیلے = کھ + ے + ل + ے　　　میرے = م + ے + ر + ے

# نظم : گُڑیا............(صفحہ ٩٢ تا ٩٤)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- نظم کی فہم پیدا کر سکیں۔
- رنگوں کے نام سیکھ کر استعمال کر سکیں۔

- دُرست جواب کے دائرے میں رنگ بھر سکیں۔
- سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- ہم آواز الفاظ پہچان کر فہرست بنا سکیں۔
- منتخب الفاظ کی تبدیلی سے نئی نظم لکھ سکیں۔
- سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کو نظم کی صورت میں پڑھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۹۲ تا ۹۴
- معاون کتاب 'پھول' نظم 'غبّارے' صفحہ ٦۴ (تجویز)

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- تأثرات کے ساتھ نظم 'گڑیا' پڑھ کر سنایئے۔
- انفرادی طور پر بچّوں سے نظم پڑھوایئے۔
- کاپی میں نقل (دُرست انداز سے) کروایئے۔
- مشق کا کام کاپی میں کروایئے۔
- نظم نگاری کروایئے۔ اس کے لیے وہی طریقہ استعمال کیجیے۔ جو اس سے پہلے نظم 'ہاتھی' (موتیا صفحہ ۳۹) اور نظم 'اللہ' (موتیا صفحہ ۵۸) میں استعمال کیا گیا تھا۔
- نئے رنگوں کے نام کاپی میں لکھوایئے۔ تصاویر بنوا کر وہی رنگ بھروایئے۔

## حل شدہ مشق

### لکھیے

خالی جگہ میں رنگوں کے نام لکھوایئے۔

بال کالے جُوتے پیلے آنکھیں ہری

کپڑے نیلے گال لال

## کاپی میں کام

نارنجی ، جامنی اور گُلابی لکھنے کی مشق کروایئے۔ تصاویر بنوا کر یہ رنگ بھروایئے۔

## لکھیے اور رنگ بھریے

دُرست جواب کے دائرے میں رنگ بھروایئے اور خالی جگہ میں لکھوایئے۔

۱۔ گُڑیا کے کپڑے نیلے ہیں۔ ○ پیلے ● نیلے ○ ہرے

۲۔ گُڑیا کی آنکھیں ہری ہیں۔ ● ہری ○ پیلی ○ نیلی

## سوالوں کے جواب

۱۔ یہ گُڑیا زارا کی ہے۔

۲۔ اِس گُڑیا کے بال کالے ہیں۔

۳۔ اِس گُڑیا کی چال پیاری پیاری ہے۔

۴۔ یہ گُڑیا شوق سے دال کھاتی ہے۔




## لکھیے

اس نظم سے ہم آواز الفاظ کی فہرست بنوایئے۔

بال چال لال دال مال

## سرگرمی


سرگرمی کا کام کروایئے۔ طلبہ و طالبات کے بنائے کِتابچے جماعت میں نمائش کے لیے رکھیے۔

## نظم نگاری

طلبہ و طالبات سے نظم 'گُڑیا' میں لکھے گئے رنگوں کے ناموں کے نیچے لکیر کھنچوایئے۔ ان رنگوں کے نام بدل کر نئی نظم لکھوایئے۔

مثال : یہ زارا کی گُڑیا ہے۔

اس گُڑیا کے سنہری بال


نظم نگاری

اِس نظم میں سے رنگوں کے نام بدل کر اپنی نئی نظم بنایئے۔

گُڑیا

یہ زارا کی گُڑیا ہے
اِس گُڑیا کے کالے بال
کپڑے اس کے نیلے ہیں
اچھی اچھی اِس کی چال


# شیر آیا شیر آیا............(صفحہ ۹۵ تا ۹۸)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- حکایت کے ذریعے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔
- اخلاقیات کا سبق سیکھ سکیں۔

- نئے الفاظ خُوش خط لکھ کر ان کا اِملا کرسکیں۔
- دُرست جواب کے دائرے میں رنگ بھر سکیں۔
- سوالوں کے جواب لکھ سکیں۔
- ڈراما پیش کرسکیں (مکالمے یاد کر کے دُہرانا، تأثرات ظاہر کرنا، باہمی تعاون سے ڈراما پیش کرنا)



پڑھیے

شیر آیا شیر آیا

کسی گاؤں میں ایک لڑکا رہتا تھا۔ اُس گاؤں کے پاس ایک بڑا پہاڑ تھا۔ وہ لڑکا بھیڑوں کو پہاڑ کے پاس گھاس چَرانے لے جاتا تھا۔ ایک دن اُس نے سوچا۔ چلو! سب کو بے وقوف بناتا ہوں۔ وہ پہاڑ پر چڑھ کر چیخا، ''شیر آیا، شیر آیا! مجھے بچاؤ، مجھے بچاؤ!'' گاؤں کے لوگ بھاگ کر آئے۔ پوچھا، ''کہاں ہے شیر؟'' لڑکے نے ہنس کر کہا، ''آہاہاہا! بے وقوف بنا دیا!'' گاؤں کے لوگ ناراض ہوکر چلے گئے۔



۹۵ OXFORD

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۹۵ تا ۹۸

## پیریڈز: ۶

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات سے سوال کیجیے کہ آپ کو کہانیاں سننا کیسا لگتا ہے؟
- سچ کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے بات کیجیے کہ سچ بولنا اچھی بات کیوں ہے؟ (متوقع جوابات: اللہ تعالیٰ خُوش ہوتے ہیں۔ سچ بولنے سے ثواب ملتا ہے۔) بچّوں کو بتایئے کہ سچ بولنے والا ہمیشہ فائدہ میں رہتا ہے۔ لوگ اس پر یقین کرتے ہیں۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی مثال دیجیے کہ وہ کبھی جھوٹ نہیں بولتے تھے اس لیے لوگ انہیں صادق کہتے تھے۔
- کہانی کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں کو تصاویر بغور دیکھنے اور خود سے پڑھنے کی کوشش کرنے کا وقت دیجیے۔ اگر سبق شروع ہونے سے تین چار دن پہلے فرہنگ سے اس کہانی کے فلیش کارڈز پڑھانے شروع کردیے جائیں تو بچّے پڑھنے میں آسانی محسوس کریں گے۔ کیونکہ صوتی اور بصری طریقے سے پڑھنے کی وجہ سے وہ پہلے ہی کچھ الفاظ سیکھ چکے ہوں گے۔
- بعدازاں خود تأثرات کے ساتھ حرف بہ حرف دُرست پڑھ کر سنایئے۔ مکالموں کو مکالمے کے انداز ہی میں پڑھیے۔ پھر بچّوں سے باری باری پڑھوایئے۔
- کہانی کی فہم کے لیے مشق کے سوالات زبانی کیجیے۔ ان کے علاوہ یہ سوالات بھی پوچھیے:
- لڑکا گاؤں والوں کو کیوں بلا رہا تھا؟
- متوقع جواب: وہ اپنی مدد کے لیے بلاتا تھا لیکن اسے مدد کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ وہ جھوٹ بول رہا تھا۔
- گاؤں والے اس کی آواز پر کیوں آجاتے تھے؟
- متوقع جواب: کیونکہ وہ نیک اور رحم دل تھے اور اس کی مدد کرنا چاہتے تھے۔
- تیسری بار وہ کیوں نہیں آئے؟
- متوقع جواب: کیونکہ وہ سمجھ رہے تھے کہ پہلی دوبار کی طرح اب بھی وہ جھوٹ بول رہا ہے۔
- آپ گاؤں والوں کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟ کیا آپ پہلی اور دوسری بار ہی آتے؟ یا تیسری بار بھی آتے؟

- بچّوں سے اس کہانی کا کوئی اور نام سوچنے کا کہیے اور تختۂ تحریر پر ان کے بتائے ہوئے نام لکھیے۔ مثلاً: 'سچ بولنا اچھی عادت'، 'بے وقوف نہ بناؤ'۔
- طلبہ و طالبات اپنی پسند کا نام لکھ کر اس کہانی کی تصاویر اپنی کاپی میں بنائیں (اپنے ذہن میں اُبھرنے والی تصویریں)۔
- کہانی کے منتخب الفاظ کی خُوش خطی، حروف الگ کرنے اور ملانے کا کام کاپی میں کروائیے۔ اِملا کے لیے بھی وہی الفاظ دیجیے۔
- جماعت میں طلبہ و طالبات کے گروپ بنوائیے اور باری باری ہر گروپ سے اس کہانی پر ڈراما کروائیے۔

ذمّہ داریاں: ایک بچّہ کہانی میں موجود لڑکے کا کردار ادا کرے۔ دوسرا بچّہ یا بچّی کہانی پڑھے اور کچھ بچّے بکریاں اور کچھ گاؤں والے بنیں۔ ہر گروپ کا نام تختۂ تحریر پر لکھ کر اسٹار دیجیے۔

## حل شدہ مشق

### کاپی میں کام

طلبہ و طالبات کو کاپی میں کہانی کا عنوان لکھ کر اپنا پسندیدہ منظر بنانے کی ہدایت دیجیے۔

### رنگ بھریے

دُرست جواب کے دائرے میں رنگ بھروائیے۔

۱۔ لڑکا ۲۔ پہاڑ ۳۔ بے وقوف ۴۔ تیسرے ۵۔ سچ بولنا چاہیے

### سوالوں کے جواب

۱۔ لڑکا گاؤں میں رہتا تھا۔
۲۔ لڑکا چیخ کر کہہ رہا تھا، ''شیر آیا، شیر آیا۔ مجھے بچاؤ، مجھے بچاؤ۔''
۳۔ تیسرے دن لڑکے کے پاس کوئی نہیں آیا کیونکہ اس سے پہلے وہ جھوٹ بول کر لوگوں کو بے وقوف بنا رہا تھا۔
۴۔ لڑکے کو یہ سزا ملی کہ تیسرے دن سچ مچ شیر آ گیا اور اس کی کچھ بھیڑوں کو کھا گیا۔

## اعادہ اور جانچ برائے یونٹ ۵ ............ (صفحہ ۹۹ تا ۱۰۰)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سکھائے گئے نظریات کی جانچ کا کام دُرست طریقے سے کر سکیں۔

### پیریڈز: ۳

### طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر صفحے کا کام بنا کر سمجھائیے اور پھر طلبہ و طالبات کی جانچ لیجیے۔
- خالی جگہ کا کام تختۂ تحریر پر لکھ کر پڑھوائیے۔ ایک مثال سمجھا کر باقی کام بچّوں سے خود کرنے کے لیے کہیے۔ کام کی نگرانی کے دوران اُن کی

حسبِ ضرورت مدد کیجیے۔ بعد ازاں تختۂ تحریر پر دُرست الفاظ خالی جگہ میں لکھ کر خود اصلاحی کروائیے۔

- کاپی میں جملوں کو نقل کروائیے تاکہ بچّوں کو جملے لکھنے کی مزید مشق ہو سکے۔
- دوسرے حصّے کا کام بھی پہلے حصّے کی طرح ہی کروائیے۔
- جانچ کے بعد اپنے ریکارڈ میں ہر بچّے کے نتائج لکھیے تاکہ بچّوں کو جس کام میں مزید مشق کی ضرورت ہو وہ کرواسکیں۔

## حل شدہ مشق

### لکھیے

خالی جگہ میں 'ی' کی درمیانی شکل کا لفظ لکھوائیے۔

۱۔ جِیت ۲۔ تِین ۳۔ پِیر ۴۔ چِھیل ۵۔ کِھیر

خالی جگہ میں 'ے' کے درمیانی شکل کا لفظ لکھوائیے۔

۱۔ تیز ۲۔ میز ۳۔ کھیل ۴۔ جیب ۵۔ پیچ

### چُن کر لکھیے

| ـِ | ی یِـ | ے یـ |
|---|---|---|
| اِس | عِید | کھیل |
| دِل | چِھیل | ریل |
| گِن | چِیتا | تیز |
| مِل | بِین | میرا |

### لکھیے اور رنگ بھریے

تختۂ تحریر پر پہلی مثال لکھ کر اور رنگین چاک سے رنگ بھر کر دِکھائیے۔
باقی تصاویر میں طلبہ و طالبات سے اپنی پسند کا رنگ بھر کر رنگ کا نام لکھنے کے لیے ہدایت دیجیے۔
(خیال رہے کہ ایک ہی رنگ دو بار استعمال نہ کیا جائے)

# یونٹ ۶

## یونٹ کے مقاصد

اس یونٹ کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- قومی نصاب میں دیے گئے عنوانات/موضوعات کے تحت دی گئی نظم ونثر کے سُننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کے مطلوبہ اہداف کا حصول کرسکیں۔ ادب کا لُطف اُٹھا سکیں اور اعتماد کے ساتھ زبانی اور تحریری اظہار کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ: پھلوں کے نام پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔
- منظوم انداز میں جانوروں کے نام سیکھ سکیں۔
- صوتیات: ہم آواز الفاظ پہچان سکیں۔
- تنوین (ً) اور تشدید (ّ) کی علامات سے متعارف ہوسکیں اور درست استعمال کرسکیں۔
- تفہیم: 'ماحول' کی اصطلاح سے واقف ہوکر صاف اور گندے ماحول میں تمیز کرنا سیکھ سکیں۔ (ماحولیات)
- منظوم اندازِ بیان کے ذریعے اچّھی عادات کے بارے میں واقفیت حاصل کرسکیں۔ (اخلاقیات)
- حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حیاتِ مبارکہ کا ایک مختصر واقعہ جان سکیں۔ (اسلامی پہلو)
- قائدِاعظم کے بارے میں بنیادی معلومات حاصل کرسکیں۔ (پاکستانی شخصیت)
- نثر نگاری: سوالوں کی مدد سے کسی موضوع پر تخلیقی لکھائی کرنا سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد کی تجاویز

نوٹ: اساتذہ اپنے وقت کے لحاظ سے ان کُتب کا مواد اپنی منصوبہ بندی میں شامل کر سکتے ہیں۔

- قاعدہ پڑھیے اور سیکھیے حصّہ دوم (منتخب صفحات)
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم (منتخب صفحات)
- معاون کتاب 'پھول': یونٹ ۶ صفحہ ۶۷ تا ۸۳


## سرگرمیوں کی تجاویز

جانوروں کے چھوٹے کھلونے یا کٹ آؤٹ بچّوں سے منگوایئے ، بنوایئے اور خود لایئے۔ جماعت میں ایک گوشے میں چڑیا گھر بنایئے ، کونے میں کچھ بڑے پتّے (ناریل یا کھجور وغیرہ کے) کھڑے کیجیے۔ اس کے ساتھ رکھی میز پر گھاس پھُوس بچھایئے۔ مختلف جانوروں کے کھلونے یا کٹ آؤٹ کھڑے کیجیے بندر پتّوں میں لٹکا کر منظر سا بنا دیجیے۔

یاد رہے کہ ہر جانور کے سامنے اس کے نام کا کارڈ ضرور لکھ کر رکھیں تا کہ بچّوں کی بصری پڑھائی ہوتی رہے۔ کچھ دن یہ منظر بنا رہنے کے بعد بچّوں کے کھلونے/کٹ آؤٹ ذمے داری سے واپس کر دیجیے اور بچّوں کو چھوٹے سرٹیفکیٹ یا اسٹار دیجیے۔

- تشدید کے الفاظ کی concertina book بنوائی جا سکتی ہے۔ اسی طرح پھلوں کے ناموں کے کِتابچے بھی بنوائے جا سکتے ہیں۔

## پڑھیے اور ملایئے۔




## سرگرمی کی ہدایت

- دی گئی تصاویر اور ناموں کی پڑھائی کروایئے تا کہ طلبہ و طالبات جانوروں اور پھلوں کے ناموں کی بصری پڑھائی کر سکیں۔
- باری باری ہر بچّے سے ایک ایک لفظ پڑھوایئے تا کہ وہ جانور ، پھل کے نام اور تصویر پہچان سکیں۔

تختۂ نرم کی تجاویز:


یونٹ ٦

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ذخیرۂ الفاظ

نوکیلے مول دام

پھل



امرُود

چیکو

انگور

کینو

انار

تربوز

قائد اعظم




تشدید ّ

امّی ابّو


بلّی مچھّر

بلّا

ماحول



جانور



بندر ہرنی زرّافہ

شتر مرغ سانپ کچھوا

اچّھی بات

صاف اور سُتھرا ہمیشہ رہنا
روز نہانا کنگھی کرنا
اچّھی بات ہے
اچّھی بات
رات کو ہمیشہ جلدی سونا
صُبح صُبح پھر جلدی اُٹھنا
اچّھی بات ہے
اچّھی بات



OXFORD UNIVERSITY PRESS

# آگ باغ بنی...........(صفحہ ۱۰۲ تا ۱۰۳)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- نئے ذخیرۂ الفاظ سے آگاہ ہوسکیں۔
- سوالوں کے جوابات تحریر کرسکیں۔
- قومی نصاب کی مطابقت کے لحاظ سے اسلامی واقعے سے آگاہ ہوسکیں۔
- حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اللہ پر کامل یقین سے آگاہ ہوسکیں۔
- تنوین ’ ً ‘ (دو زبر) سے متعارف ہوسکیں۔

**آگ باغ بنی**

حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے بہت پیارے نبی تھے۔ وہ اللہ سے بہت محبّت کرتے تھے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام لوگوں سے کہتے تھے کہ ایک اللہ کو مانو۔ اُن کے زمانے کے بادشاہ کا نام نمرود تھا۔ اس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ بات سَب کو بتانے سے روکا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نہیں مانے۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۰۲ تا ۱۰۳

## پیریڈز : ۲

## طریقۂ کار

- سبق کی بلند خوانی تاثرات کے ساتھ کیجیے اور مفہوم سمجھایئے۔
- ہر طالب علم سے باری باری دو سطور پڑھوایئے۔
- دیے گئے سوالات پر زبانی تبادلۂ خیال کیجیے۔ بعد ازاں طلبہ و طالبات کو کاپی میں جوابات خود تحریر کرنے دیجیے۔ مدد اور حوصلہ افزائی کیجیے۔
- ’تنوین‘ سمجھا کر تحریری کام کروایئے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے

تاثرات سے سبق کی بلند خوانی کیجیے، طلبہ و طالبات کی توجہ اور دلچسپی پیدا کرنے کے لیے سبق سے متعلق مختصر سوال جواب بھی کیجیے۔

## سوالوں کے جواب

۱۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے نبی تھے۔

۲۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ”خلیل اللہ“ کہا جاتا ہے۔

## صوتیات

دو زبر 'ـً' کا تعارف کرواتے ہوئے بتایئے کہ یہ 'تنوین' کہلاتی ہیں۔ لفظ 'فوراً' تین بار لکھنے کی مشق کروایئے۔ زبانی وضاحت کرتے ہوئے 'مثلاً' اور 'تقریباً' کی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔

# تشدید (ـّ) ........... (صفحہ ۱۰۴)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- تشدید 'ـّ' کا مقصد اور آواز کی شناخت کر سکیں۔
- تشدید کا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔
- مکھّیوں اور مچھّروں سے بچاؤ اور ماحول صاف رکھنے کے بارے میں سیکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۰۴
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۵۶ (تجویز)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

وضاحت : کسی لفظ میں آنے والے وہ حروف جو دوبار بولے جائیں (جن پر زور دیا جائے) انھیں ایک بار لکھ کر اُن پر تشدید کی علامت لگائی جاتی ہے۔ مثلاً : ب ل ل ی = بلّی۔ مزید امثال تختۂ تحریر پر لکھ کر وضاحت کیجیے۔

- موتیا کی فرہنگ دیکھیے اور ان الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔
- صفحے کا کام پڑھوایئے اور تشدید کی علامت دُرست طریقے سے تختۂ تحریر پر بڑی تشدید لکھ کر سکھایئے۔
- تختۂ تحریر پر صفحے کا کام ہوبہو لکھ کر سمجھایئے۔ تمام کام لکھ کر دکھایئے۔
  (پہلی بار بچّے خود لکھنے میں مشکل محسوس کریں گے۔)
- کاپی میں تشدید 'ـّ' کے الفاظ کی فہرست بنوایئے۔
- جملے بنانے کا کام بھی بتائے گئے طریقے سے کاپی ہی میں کروایئے۔
- مکھّیوں اور مچھّروں سے بچاؤ اور ماحول صاف رکھنے کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچّوں کو گندگی کے نقصانات سے آگاہ کیجیے۔

# حل شدہ مشق

## ملایئے اور لکھیے

| | |
|---|---|
| اَچھ + چھا = اچّھا | اَچھ + چھی = اچّھی |
| کَچ + چا = کچّا | اَب + بُو = ابّو |
| بَل + لا = بلّا | بِل + لی = بلّی |

## الگ کیجیے

| | |
|---|---|
| رکّھا = رَکھ + کھا | مکّھی = مَکھ + کھی |
| چُھٹّی = چُھٹ + ٹی | مچّھر = مَچھ + چھر |
| بچّہ = بَچ + چَہ | امّی = اَم + می |

# نظم : اچّھی بات...........(صفحہ ۱۰۵ تا ۱۰۶)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- مزے اور آہنگ سے نظم پڑھ سکیں۔
- اچّھی باتوں سے آگاہ ہوسکیں۔
- نظم سے 'ھ' کے الفاظ چُن کر لکھ سکیں۔
- نظم سے ایسے الفاظ چُن سکیں جن کے آخر میں 'نا' آتا ہے۔
- خالی جگہیں پُر کرسکیں۔

پڑھیے

اچّھی بات

صاف اور سُتھرا ہمیشہ رہنا
روز نہانا کنگھی کرنا
اچّھی بات ہے
اچّھی بات
رات کو ہمیشہ جلدی سونا
صُبح صُبح پھر جلدی اُٹھنا
اچّھی بات ہے
اچّھی بات



## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۰۵ تا ۱۰۶

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کے ساتھ مل کر خُوش الحانی اور آہنگ سے نظم پڑھیے۔
- نظم میں موجود اچّھی باتیں تختۂ تحریر پر لکھ کر طلبہ و طالبات سے ان پر تبادلۂ خیال کیجیے۔
- نظم میں سے 'ھ' کے الفاظ چُن کر لکھوایئے۔

- ایسے الفاظ جن کے آخر میں 'نا' ہو، خُوش خط لکھوایئے۔
- تبادلۂ خیال کے بعد طلبہ و طالبات کو خالی جگہ خود پُر کرنے دیجیے۔
- تبادلۂ خیال کے بعد طلبہ و طالبات سے اچّھے کام پوچھیے اور کاپی میں لکھوایئے۔

# حل شدہ مشق

## پڑھیے

بچّوں کے ساتھ مل کر خُوش الحانی اور آہنگ سے پڑھیے۔

## لکھیے

نظم میں سے 'ھ' کے الفاظ چُن کر لکھوایئے۔

سُتھرا کنگھی اچّھی پھر اُٹھنا کھانا کھیلنا ساتھ

نظم کے ایسے الفاظ خُوش خط لکھوایئے جن کے آخر میں 'نا' ہو۔

نہانا سونا رہنا کرنا اُٹھنا کھانا کھیلنا

## خالی جگہ بھریے

۱۔ ہمیشہ صاف اور سُتھرا رہنا چاہیے۔

۲۔ روز نہانا اور کنگھی کرنا چاہیے۔

۳۔ رات کو ہمیشہ جلدی سونا چاہیے۔

۴۔ وقت پر کھیلنا اور کھانا چاہیے۔

۵۔ دوستوں سے مِل کر رہنا چاہیے۔

## کاپی میں کام

طلبہ و طالبات سے تبادلۂ خیال کے ذریعے وہ اچّھے کام پوچھیے جو وہ کرتے ہیں۔ کاپی میں نمبروار تحریر کرنے میں ان کی مدد کیجیے۔

# قائدِاعظم ..........(صفحہ ۱۰۷)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- قومی نصاب کی مطابقت سے قومی شخصیت (قائدِ اعظم) سے متعارف ہوسکیں۔
- مکالمے (دو افراد کے درمیان گفتگو کے طریقے) سے متعارف ہوسکیں۔

## مددگار مواد

- باپ اور بیٹے کی پُتلیاں
- ممکن ہو تو کوئی نوٹ جس پر قائدِ اعظم کی تصویری بنی ہو۔
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۰۷




## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- خود تاثرات سے بلند خوانی کرتے ہوئے نوٹ دکھایئے۔ باپ اور بیٹے کی پُتلیوں کے ذریعے مکالمے پڑھ کر سُنایئے۔
- دیے گئے مکالمے کے کردار (باپ اور بیٹے) کو طلبہ و طالبات کو جوڑیوں میں تقسیم کر کے باری باری پڑھوایئے۔
- بچّوں سے ان مکالموں کے بارے میں زبانی تبادلۂ خیال کر کے قائدِ اعظم کے بارے میں آسان الفاظ میں معلومات دیجیے۔ اُن کے احترام کے جذبے کو فروغ دیجیے۔

# نظم: مزے کی سیر............(صفحہ ۱۰۸ تا ۱۱۰)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- نظم کا مزا اور لُطف اُٹھا سکیں۔
- جانوروں کے نام، ان کی غذا اور حرکات کے بارے میں جان سکیں۔
- اپنے پسندیدہ جانور کے بارے میں تبادلہ خیال کر سکیں۔
- خالی جگہ میں دُرست لفظ چُن کر لکھ سکیں۔
- ہم آواز الفاظ پہچان کر لکھ سکیں۔

## مددگار مواد

- جانوروں کی تصاویر اور ناموں کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۰۸ تا ۱۱۰
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۵۳ تا ۵۴ (تجویز)

## پیریڈز : ۴

## طریقۂ کار

- آمادگی کے لیے بچّوں سے زبانی سوال جواب کیجیے۔ مثلاً :
- کیا آپ کبھی چڑیا گھر گئے ہیں؟ وہاں کیا کیا دیکھا تھا؟ کیا چیز بہت اچّھی لگی تھی؟
- کون سا جانور پسند آیا تھا؟ کون سے جانور سے ڈر لگا تھا؟ وہاں اور کیا کیا تھا؟
- نظم تاثرات سے پڑھ کر سنایئے۔ نظم کے بارے میں مشق کے سوالات زبانی کیجیے۔
- تمام بچّوں سے باری باری نظم کے دو دو اشعار پڑھوایئے۔ بعد ازاں تمام بچّے ایک ساتھ نظم پڑھیں۔
- مشق کا کام کاپی میں کروایئے۔
- تمام سوالات سمجھا کر اور طریقۂ کار بتا کر کام کروایئے۔ طلبہ و طالبات کو ہمیشہ رہنمائی کی اور یاد دہانی کی ضرورت رہتی ہے۔
- سرگرمی بھی ضرور کروایئے۔
- ہوسکے تو بچّوں کو چڑیا گھر کی سیر کروایئے۔

## حل شدہ مشق

## کاپی میں کام

- اس نظم میں سے جانوروں کے نام چُن کر لکھوایئے اور تصویر بنوایئے یا چپکوایئے۔

نام : ہاتھی شیر سانپ زرّافہ بھالُو بندر بَطخ

## پڑھیے اور لکھیے

دُرست جواب کے دائرے میں رنگ بھروایئے اور خالی جگہ میں لکھوایئے۔

۱۔ قَیں قَیں ۲۔ گوشت ۳۔ دُم ۴۔ چِڑیا گھر

## لکھیے

نظم سے ہم آواز لکھوایئے۔

ہاتھی - ساتھی ہِلاتا - کھاتا اُڑاتی - جاتی جُھولے - بُھولے

## سوچیے اور لکھیے

یہ کام طلبہ و طالبات کو خود کرنے دیجیے۔ سوچ کر بتائے ہوئے نام لکھنے میں اُن کی مدد کیجیے۔

## سوالوں کے جواب

۱۔ ہاتھی سُونڈ ہِلا رہا تھا۔

۲۔ زرّافہ پتّے کھا رہا تھا۔

۳۔ بھالُو موٹا تازہ تھا۔

۴۔ بندر ناچ رہا تھا۔

## سرگرمی

طلبہ و طالبات سے کھلونے کے جانور منگوائیے۔ کچھ دن جماعت میں چڑیا گھر کا گوشہ بنائے رکھنے کے بعد طلبہ و طالبات کو واپس کیجیے۔ چڑیا گھر کے پس منظر میں ناریل یا کوئی دوسرے پتّے رکھیے۔ گھاس بنانے کے لیے بھی پتّے اور گھاس بچھائیے۔

# ماحول...........(صفحہ ۱۱۱)




## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- ماحول کے معنی سے متعارف ہو سکیں۔
- تصاویر پر غور کر کے ✓ اور ✗ کے نشان لگا سکیں۔

## مددگار مواد

- موتیا صفحہ ۱۱۱
- معاون کتاب 'پُھول' کہانی 'دِل دِل پاکستان' صفحہ ۷۷ (تجویز)

## پیریڈ : ۱

## طریقۂ کار

- طلبہ و طالبات کو ہر تصویر بغور دیکھنے کا وقت دیجیے۔ تبادلۂ خیال کیجیے کہ ماحول کِن چیزوں سے خراب ہوتا ہے۔ بتائیے کہ پانی گندا کرنے سے ، درخت کاٹنے سے ، دُھوئیں اور شور سے ماحول میں صاف ہوا کا ملنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ یہ باتیں بچّوں کو آسان الفاظ میں بتائیے۔
- بچّوں سے ہر تصویر پر تبادلۂ خیال کیجیے ، بعد ازاں طلبہ و طالبات کو تصاویر پر  یا  کا نشان خود لگانے دیجیے۔
- خود اصلاحی کروائیے۔
- معاون کتاب 'پُھول' کہانی 'دِل دِل پاکستان' صفحہ ۷۷ پڑھ کر سنائیے۔ (تجویز)

# پھَلوں کا ٹھیلا............(صفحہ ۱۱۲)

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- پھَلوں کے ناموں کی پہچان کرسکیں۔
- پھَلوں کے نام پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔
- ہم آواز الفاظ کی پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۱۲
- اُردو خُوش خطی سلسلہ حصّہ سوم صفحہ ۵۷ تا ۵۸ (تجویز)

## پیریڈز : ۳

## طریقۂ کار

- آمادگی کے لیے طلبہ و طالبات سے زبانی سوالات کیجیے۔ مثلاً :
  کیا آپ کے محلّے میں پھَل والا آتا ہے؟
  اس سے لوگ کیا باتیں کر کے پھَل لیتے ہیں؟
  (متوقع جواب : پوچھتے ہیں کیا بھاؤ ہے؟ کتنے روپے کلو ہے ؟......)
- نظم تاثرات سے پڑھیے۔
- بچّوں سے انفرادی طور پر پڑھوائیے ( اس نظم کے زیادہ تر الفاظ بچّے خود بھی پڑھ سکتے ہیں)۔
- نظم پڑھنے کا مزا ضرور لیجیے اور بچّوں میں بھی شوق پیدا کیجیے۔
- نئے الفاظ جیسے 'نکیلے'، 'مول' اور 'دام' کا مطلب سمجھائیے۔
  نُکیلے : جن کی نوک نکلی ہو جیسے آڑو۔
  مول : بھاؤ ، قیمت۔
  دام : قیمت۔
  مشق کا کام کروائیے۔

- ہم آواز الفاظ کی وضاحت مثالیں دے کر کروائیے۔ مثلاً :

بیر - دیر - سیر - شیر
ٹھیلا - کھیلا - کیلا - میلا
گول - بول - ڈول - تول
آم - کام - نام - شام

- صفحے کے زیریں حاشیے (footnote) میں دی گئی سرگرمی کروائیے۔
- سکھائے گئے پھلوں کے نام گھر پر خُوش خط لکھنے اور اِملا کے لیے یاد کرنے کے لیے دیجیے۔
- اگلے روز پھلوں کے ناموں کا اِملا لیجیے۔ بعدازاں بچّوں سے خود اصلاح کروائیے۔

## حل شدہ مشق

### لکھیے

طریقۂ کار میں بتائے گئے ہم آواز الفاظ تختۂ تحریر پر لکھ دیجیے۔ بچّے اپنی مرضی سے کوئی ایک لفظ منتخب کر کے خالی جگہ میں لکھیں۔

### کاپی میں کام

نظم کو درست انداز سے خُوش خط نقل کروائیے۔

## سوالوں کی مدد سے لکھیے ...........(صفحہ ١١٣)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سوالات کی مدد سے پیراگراف لکھ سکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ١١٣
- معاون کتاب 'پُھول'، نظم 'پَھل'، صفحہ ٧٥ (تجویز)

### پیریڈز : ٢

## طریقۂ کار

- سوالات کے جوابات طلبہ و طالبات سے زبانی پوچھیے بعد ازاں تحریری کام میں ان کی مدد کیجیے۔
- سوالوں کے صرف جوابات لکھوائیے۔ کتاب میں لکھوانے اور بچّوں کے کام کی دُرستی کے بعد کاپی میں یہی پیراگراف خُوش خط نقل کروائیے اور تصویر بنوائیے۔

## اعادہ اور جانچ برائے یونٹ ۶............ (صفحہ ۱۱۴)

### مقصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اس یونٹ میں کروائے گئے کاموں کی جانچ کا کام کرسکیں۔

### مددگار مواد

- تختۂ تحریر
- موتیا صفحہ ۱۱۴

### پیریڈز : ۲

### طریقۂ کار

- تختۂ تحریر پر اس صفحے پر دیے گئے کام کا اعادہ کروائیے۔
- نوٹ : یہ الفاظ اور ان سے ملتے جلتے الفاظ دیجیے۔
- تختۂ تحریر پر ہوبہو صفحہ بنائیے اور بچّوں کو کام کرنے کی ہدایت دیجیے۔
- بچّوں کے کام کی نگرانی کیجیے، مگر مدد نہیں کیونکہ یہ ان کی جانچ ہے۔
- اسی طرح کی جانچ کا کام کاپی میں بھی کروائیے۔
- جانچ کے بعد اپنے ریکارڈ میں ہر بچّے کے نتائج لکھیے تاکہ بچّوں کو جس کام میں مزید مشق کی ضرورت ہو وہ کروائی جائے۔

## حل شدہ مشق

### نام لکھیے

| | |
|---|---|
| • زرّافہ | • بندر |
| • گھوڑا | • شیر |
| • انار | • ہاتھی |

### ملائیے

اَچھ + چھا = اچّھا　　اَم + می = امّی　　اَب + بُو = ابّو

### ہم آواز الفاظ لکھیے

ہاتھی ساتھی　گول تول　جُھولے بُھولے　آم دام

# میقات/ میعاد کا اعادہ

## مقاصد

طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اپنے کاموں کا جائزہ لے سکیں۔
- تجزیے اور مشاہدے کی صلاحیت پیدا کرسکیں۔

## مددگار مواد

- تمام جماعت اور گھر کے کام کا جائزہ لینے کے لیے کتاب اور بچّوں کی کاپیاں۔


## پیریڈ : ١


## طریقۂ کار


طلبہ و طالبات سے پوچھیے:


- اس میقات/ میعاد میں آپ نے کیا سیکھا؟ خاص خاص کام لکھیے۔
- کون سا کام بہت اچھا لگا اور کیوں؟
- کون سے کام میں آپ کو ابھی محنت کی ضرورت ہے (خوش خط لکھائی/ روانی سے پڑھائی/ جملے بنانا/ پیراگراف...)
- میقات/ میعاد کے اختتام پر ’’کُتب میلہ‘‘ کمرۂ جماعت میں منعقد کروایئے جس میں بچّے اپنی اپنی کہانیوں کی کتابیں لا کر رکھیں۔ اس طرح تمام بچّوں کو ایک دوسرے کی کتابیں بھی دیکھنے اور پڑھنے کا موقع ملے گا اور اضافی کتابیں جمع کرنے اور پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہو گا۔

گتّے کے تراشوں (کٹ آؤٹس) کے لیے دیے گئے خاکے۔











## مرغی کا ماسک






## چوزے کا ماسک






حصہ A کے نشان زدہ حصے پر گلو لگا کر حصہ B چپکائیے


نوٹ: کسی گتے پر Trace کر کے ماسک میں بتائے گئے رنگ بھر لیجیے پھر قینچی سے کاٹ لیجیے۔
چونچ کو نشان زدہ حصے پر گلو لگا کر چپکائیے۔





















ورک کارڈ کا نمونہ :




نوٹ : ورک کارڈز کے لیے دیے گئے نمونے کو فوٹو کاپی کروا کر فریم بنا کر کمرۂ جماعت میں ایسی جگہ پر رکھیے جہاں پر بچّے بآسانی دیکھ سکیں اور استعمال کرسکیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آؤ | جاؤ | کھاؤ | نائی | کھائی | سوئی |
| لائے | روئے | نئے | کَئی | نَئی | مَئی |

